ماہنامہ

طلسماتی دُنیا

دیوبند
دسمبر ۲۰۱۰ء DEC.2010

نایاب مجرّب عملیات

جنات کو غلام بنانے کا عمل

کیا آپ قسمت پر اعتماد رکھتے ہیں؟

دولت کمانے کا ایک زبردست عمل

Rs.20/=



Asim Jafri, Delhi

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد نمبر ۱۷
شمارہ نمبر ۱۲
دسمبر ۲۰۱۰ء
سالانہ زر تعاون ۲۴۰ روپے سادہ ڈاک سے
۳۰۴ روپے رجسٹرڈ ڈاک سے
فی شمارہ ۲۰ روپے

ماہنامہ
طلسماتی دنیا
دیوبند

پاکستان سے
زر تعاون سالانہ 9 سو روپے انڈین
غیر ممالک سے
سالانہ زر تعاون 12 سو روپے انڈین
لائف ممبری ہندوستان میں
7 ہزار روپے
لائف ممبری پاکستان میں
15 ہزار روپے انڈین
لائف ممبری غیر ممالک سے
25 ہزار روپے انڈین

دل میں تو ضعف عقیدت کو کبھی راہ نہ دے
کوئی کچھ دے نہیں سکتا اگر اللہ نہ دے

یہ رسالہ دین حق کا ترجمان ہے۔ یہ کسی ایک مسلک کی وکالت نہیں کرتا۔

ایڈیٹر
حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند
موبائل 09358002992

پوسٹنگ منیجر:
ابوسفیان عثمانی
موبائل 09756726786

آفس ہاشمی روحانی مرکز
فون 09359882674
فیکس (01336) 224748

انتباہ

طلسماتی دنیا سے متعلق متنازعہ امور میں مقدمہ کی سماعت کا حق صرف دیوبند ہی کی عدالت کو ہوگا۔

(منیجر)

کمپوزنگ:
(عمرالٰہی، راشد قیصر)
ہاشمی کمپیوٹر
محلہ ابوالمعالی، دیوبند
فون 09359882674

چیک ڈرافٹ صرف
"TILISMATI DUNYA"
کے نام سے بنوائیں

اطلاع عام

اس رسالہ میں جو کچھ بھی شائع ہوتا ہے وہ ہاشمی روحانی مرکز کی دریافت ہے اس کے کسی کلی یا جزوی مضمون کو شائع کرنے سے پہلے ہاشمی روحانی مرکز سے اجازت لینا ضروری ہے، اس رسالے میں جو تحریریں ایڈیٹر سے منسوب ہیں وہ "ماہنامہ طلسماتی دنیا" کی ملک ہیں اس کے کل یا جز کو چھاپنے سے پہلے ایڈیٹر سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے، خلاف ورزی کرنیوالے کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ (منیجر)

پتہ: ہاشمی روحانی مرکز
محلہ ابوالمعالی دیوبند 247554

ہم اور ہمارا ادارہ
مجرمین قانون اور ملک کے غداروں سے اعلان بیزاری کرتے ہیں

TILISMATI DUNYA (Monthly)
HASHMI ROOHANI MARKAZ
MOHALLA, ABUL MALI DEOBAND 247554

پرنٹر پبلشر زینب ناہید عثمانی نے شعیب آفسیٹ پریس، دہلی سے چھپوا کر ہاشمی روحانی مرکز، محلہ ابوالمعالی دیوبند سے شائع کیا۔

Asim Jafri, Delhi

کیا اور کہاں

تقسیم در تقسیم کا ورد ۵

ذرا سوچیے ۷

مختلف پھولوں کی خوشبو ۸

علاج بالقرآن ۱۳

اسماء رحمۃ للعالمین ۱۵

روحانی ڈاک ۱۹

مخزن العجائب ۲۷

اعداد کی دنیا ۳۵

کرشماتِ جفر ۳۷

تسخیر موکلات ۳۹

آلات سحر ۴۳

عملیات حروف صوامت ۴۹

حضرت ایوب علیہ السلام ۵۱

نومسلموں کی کہانی نومسلموں کی زبانی ۶۶

اذان بتکدہ ۶۹

انسان اور شیطان کی کشمکش ۷۴

خبرنامہ ۸۱

آخری صفحہ

Asim Jafri, Delhi

اداریہ

تقسیم در تقسیم کا درد

بقلم خاص

ملک کی آزادی کے وقت مسلمانوں کا دوراندیش طبقہ اس بات کا قائل تھا کہ ملک تقسیم نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ اگر مسٹر جناح کی تحریک رنگ لائی اور پاکستان وجود میں آ گیا تو ہندوستان تقسیم ہو جائے گا اور ہندوستان کے مسلمان دو حصوں میں بٹ جائیں گے۔ مسٹر جناح اس بات پر راضی بھی ہو گئے تھے کہ پاکستان نہ بنے لیکن افسوس مسلمانوں کے وقار اور مسلمانوں کے استحکام کے لئے انہوں نے جو شرط پیش کی تھی وہ مسترد کردی گئی اور ملک دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور اس تقسیم کے ساتھ ساتھ مسلمان بھی دو حصوں میں تقسیم ہو گئے۔ اگر پاکستان نہ بنتا تو بے شک اس وقت مسلمانوں کی طاقت ہندوستان میں دوگنی ہوتی۔ وہ کون لوگ تھے جو مسلمانوں کو دو خانوں میں بانٹنا چاہتے تھے، وہ بھی پر عیاں بیاں ہے، وہ لوگ انگریزوں کے بتائے ہوئے اس فارمولے پر عمل پیرا ہونے کا مصمم عزم رکھتے تھے کہ لڑاؤ اور حکومت کرو، ان کے لئے پاکستان کا وجود ایک نعمت غیر مترقبہ تھا، انہیں یقین تھا کہ پاکستان بننے کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کی طاقت آدھی رہ جائے گی اور پاکستان کے نام پر ہندوستان میں باقی ماندہ مسلمانوں کو ذلیل و خوار کرنے کا موقع ہمیں ملتا رہے گا اور ہم مسلمانوں کو ہندوستان میں مستحکم نہیں ہونے دیں گے، مشرقی اور مغربی پاکستان کے درمیان جب رسہ کشی کی صورت پیدا ہوئی اور بنگلہ دیش کی علیحدگی کے وقت جب آنجہانی اندرا گاندھی نے بذریعہ فوج بنگلہ دیش کو کمک پہنچائی اس وقت مجلس مشاورت کے بانی ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی نے اندرا گاندھی سے کہا تھا کہ اگر آپ پاکستان پر قبضہ کرنے کی پلاننگ کریں تو ہم مسلمان آپ کے ساتھ ہیں۔ اس وقت اندرا گاندھی نے برجستہ کہا تھا کہ: ڈاکٹر صاحب کیا آپ مجھے بیوقوف بنا رہے ہو؟ اگر ہمیں پاکستان کو ہندوستان میں شامل کرنا ہی مقصد ہوتا تو ہم پاکستان بننے ہی کیوں دیتے؟ اندرا گاندھی کے صرف اس ایک جملے ہی سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ پاکستان کن لوگوں نے بنوایا تھا اور مسلمانوں کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی سازش کن لوگوں نے کی تھی۔

مسلمان مسلک کے نام پر پہلے ہی سے مختلف تقسیموں میں منقسم تھے، دیوبندی، بریلوی، شیعہ، سنی جیسی جماعتیں مسلمانوں میں پہلے سے موجود تھیں، جو مسلمانوں میں ذہنی تقسیم کا رول ادا کر رہی تھیں۔ پاکستان کے بعد آہستہ آہستہ مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا تھا اور وہ مسلمان جو ملک کی تقسیم کے بعد ہندوستان میں چھ سات کروڑ رہ گئے تھے وہ پھر آہستہ آہستہ پندرہ بیس کروڑ تک پہنچ گئے اور وہ ہندوستان کی اقلیت میں سب سے بڑی اقلیت مانے جانے لگے۔ سیاسی بصیرت رکھنے والے ہندوؤں کو یہ بات گراں گزر رہی تھی اور وہ مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد سے خوفزدہ تھے۔ چنانچہ ۱۹۸۰ء میں جب دارالعلوم دیوبند کا اجلاس صد سالہ منعقد ہوا اور اندرا گاندھی مولانا اسعد مدنی کی دعوت پر دیوبند تشریف لائیں اور انہوں نے مسلمانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر اپنی آنکھوں سے دیکھا تو انہیں فکر لاحق ہوئی اور انہوں نے کچھ سیاسی مسلمانوں کا سہارا لے کر اس طاقت کو تقسیم کر دیا اور اختلاف کی ایک ایسی بنیاد ڈال دی کہ چند سالوں کے شدید اختلاف کے بعد دارالعلوم دیوبند جو ہندوستانی مسلمانوں کے لئے "مادر علمی" کی حیثیت رکھتا تھا دو حصوں میں بٹ گیا۔ دارالعلوم دیوبند کی تقسیم صرف کسی مدرسے کی تقسیم نہیں تھی بلکہ یہ دو نظریوں کی بھی تقسیم تھی، ایک نظریہ وہ تھا جو حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ سے جڑا تھا اور ایک نظریہ وہ تھا جو حضرت مولانا محمود الحسن دیوبندیؒ اور حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ سے وابستہ تھا۔ دو نظریوں کی تقسیم کی وجہ سے قاسمی برادری جو لاکھوں نفوس پر مشتمل تھی دو حصوں میں بٹ گئی۔ دارالعلوم دیوبند کی تقسیم کے بعد کتنے ہی مدرسوں اور کتنی ہی خانقاہوں کو تقسیم کا درد برداشت کرنا پڑا، ہوش مند لوگ جانتے ہیں کہ اس طرح کی تقسیموں کے بعد مدرسوں اور خانقاہوں میں بے وجہ اور خوامخواہ کی بحثوں اور لفظی لڑائیوں میں ہمارے علماء مبتلا ہیں اور شاید ہمیشہ مبتلا رہیں گے کیونکہ ان تقسیموں نے جو ذہنی کرب اور جو روحانی اضطراب ہمیں بخشا ہے اس سے نجات حاصل کر لینا ممکن نہیں ہے۔

اس کے بعد جمعیۃ العلماء بھی دو حصوں میں بٹ گئی۔ مولانا فضیل احمد گورکھپوری نے اپنی جمعیۃ العلماء الگ تھلگ بنائی جس کا نام انہوں نے مرکزی جمعیۃ العلماء رکھا۔ لیکن یہ مرکزی [illegible] اثر اند[illegible] طرح [illegible] جمعیۃ العلماء کو بھی جو خاندان مدنی کی

Asim Jafri, Delhi

ملکیت بن کر رہ گئی تھی اس کو بھی دو حصوں میں تقسیم کرا دیا۔ آج دینی مدارس میں اور مذہبی مجلسوں میں مولانا ارشد مدنی اور محمود مدنی کے اختلاف کی وجہ سے جو گرما گرم بحثوں کا سلسلہ جاری ہے وہ کسی بھی آنکھ رکھنے والے سے پوشیدہ نہیں۔ حاصل گفتگو یہ ہے کہ یہ امت دارالعلوم دیوبند، دارالعلوم وقف دیوبند اور جمعیۃ العلماء کی تقسیم کے بعد اتنے حصوں میں بٹ چکی ہے کہ بس اللہ کی پناہ اور اس تقسیم در تقسیم کے سلسلے نے مسلمانوں کی قوت کو تقریباً ختم کر دیا ہے۔ اللہ سے دعا کیجئے کہ وہ اس امت کو کسی نئی تقسیم کا درد عطا نہ کرے۔ ملک کی تقسیم اتنی تکلیف دہ ثابت نہیں ہوتی جتنی اذیت ذہنوں کی تقسیم سے ہوتی ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ وہ مسلم پرسنل لاء بورڈ جو وحدت ملت کا نمائندہ بن کر ابھرا تھا وہ بھی کئی حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے اگر غور کیا جائے تو آپ کو اندازہ ہوگا کہ اس تقسیم کی ایک وجہ تو وہ شاطر لوگ ہیں جو مسلمانوں کی طاقت کو منتشر رکھنا چاہتے ہیں اور دوسری وجہ مسلمانوں کی اپنی نفسانفسی ہے جس میں علماء، صلحاء، دانشور اور مفکرین بھی مبتلا ہیں۔ حسب ظرف بھی دوسروں کی پگڑیاں اچھال کر اپنے نفسِ لوامہ کو مطمئن کر رہے ہیں اور صورت حال ہر جگہ یہی ہے کہ: سارے جہاں کا جائزہ اپنے جہاں سے بے خبر۔

ماہنامہ طلسماتی دنیا کا

دست غیب نمبر

ایک علمی اور معلوماتی دستاویز ہوگا

اس نمبر میں رزق حاصل کرنے کے ایسے انوکھے فارمولے پیش کئے جائیں گے جو ہمارے اکابرین کا لاجواب ترکہ ہیں۔ مہنگائی نے سبھی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اور عام انسانوں کے لئے تو اپنی زندگی کے مسائل حل کرنا دشوار ہو گیا ہے۔ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ ہم معاشی جدوجہد کے ساتھ ساتھ اللہ کے سامنے اپنے دامن کو پھیلائیں اور ایسے وظائف اور ایسے روحانی فارمولوں پر محنت کریں جو ہمیں امدادِ غیبی کا حقدار بنا سکیں۔

غیبی امداد کیسے حاصل کی جاتی ہے؟ دستِ غیب کسے کہتے ہیں: اور انسان اس کا مستحق کیسے بنتا ہے؟ یہ جاننے اور سمجھنے کے لئے ماہنامہ طلسماتی دنیا کا **"دست غیب نمبر"** پڑھیے۔

یہ نمبر انشاء اللہ فروری ۲۰۱۱ء کے پہلے ہفتے میں منظرِ عام پر آ جائے گا۔

قیمت -/50 روپئے	ایجنٹ حضرات اپنی مطلوبہ کاپیوں سے اگر پہلے مطلع کر دیں تو بہتر ہے۔

ابوسفیان عثمانی

منیجر: ماہنامہ طلسماتی دنیا، دیوبند فون: 09756726786

Asim Jafri, Delhi

ذرا سوچئے

سن مسیحی کا ایک سال اور ختم ہوگیا۔ بچہ جوانی کی جانب اور جوان بڑھاپے کی جانب ایک سال اور کھسک آئے۔ بچے، جوان، بوڑھے سب سے موت اور قبر ایک سال اور قریب ہوگئی اور زندے اور مردے سب قیامت اور روز حساب سے بقدر ایک سال کے اور نزدیک ہوگئے۔ فرصت عمر جو عطا ہوئی تھی اس کی مقدار میں ایک سال اور گھٹ گیا۔ ایک سال کی نیکیوں کا موقع ہاتھ سے ضائع ہوگیا، ایک سال کی بداعمالیوں کی سیاہی نامہ عمل میں اور بڑھ گئی۔ کتنے ایسے ہوں گے جو اپنی اپنی سالگرہ کا جشن منانے کی تیاری کر رہے ہوں گے، جو سال نو کے طلوع پر ایک دوسرے کو مبارکباد دے رہے ہوں گے، جو "نوروز" کی خوشیاں منا رہے ہوں گے! پر کتنے ایسے ہیں جنہیں اس وقت کی بیش بہا دولت کے ضائع جانے پر تأسف ہو رہا ہوگا، جو یہ محسوس کر رہے ہوں گے کہ یہ دولت اب دوبارہ کسی طرح نصیب نہیں ہوسکتی اور جو اپنی کوتاہیوں اور غفلتوں کو یاد کرکے ان کی تلافی، آنسوؤں کے موتیوں سے کر رہے ہوں گے۔! "وقت گزر گیا" "وقت چلا گیا" اس قسم کے فقرے جو آپ رات دن بولتے رہتے ہیں، کبھی آپ نے ان کے معنی پر غور کیا ہے، کبھی آپ نے یہ بھی سوچا ہے کہ وقت کے گزر جانے سے مفہوم کیا ہوتا ہے اور یہ وقت جو چلا جاتا ہے سو آخر کہاں جاتا ہے۔؟ سرے سے ناپید تو ہو نہیں ہو جاتا، اور نہ یہ آپ کبھی کہتے ہیں آپ تو ہمیشہ صرف اسی قدر کہتے ہیں کہ وقت گیا، ہر جانے والا آخر کہیں نہ کہیں ہی جاتا ہے، پھر یہ وقت کہاں چلا جاتا ہے۔؟ ایک مسلمان کے لئے اس کا جواب کچھ بھی دشوار نہیں۔ اسے شروع ہی سے یہ بتادیا گیا ہے کہ ہر شئے خدا ہی کی طرف واپس جاتی رہتی ہے، پس وقت بھی وہیں جاتا ہے اور ہر سال ہر مہینہ، ہر ہفتہ، ہر روز، ہر گھنٹہ، ہر لمحہ، غرض وقت کا ہر حصہ وہیں چلا جاتا ہے اور اسی ذخیرہ غیب میں جمع ہوتا چلا جاتا ہے۔ گویا فطرت کا وہ عظیم الشان خزانہ یا توشہ خانہ جس میں ہر شئے جمع ہوجاتی ہے، وہیں ہر گزرا ہوا وقت بھی بطور ایک امانت کے جمع ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اب جس شئے کو مذہب کی بولی میں قیامت اور روز محشر کہا جاتا ہے اس کی حقیقت بھی یہی ہے کہ وہ گزرے ہوئے وقت کی واپسی اور بازگشت کا وقت ہوگا۔ ہر لمحہ اور ہر دقیقہ جو اس دنیا میں گزر چکا ہے اور جو بطور امانت خزانہ غیب میں جمع ہوتا چلا جا رہا ہے، اس وقت پھر از سر نو باہر لایا جائے گا اور ہر "ماضی" کا نقش ایک بار پھر "حال" کے آئینہ میں نمودار ہوجائے گا۔! ظاہر ہے کہ ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں، کسی نہ کسی وقت کے اندر کرتے ہیں، پس وقت کی مراجعت و بازگشت کے صاف معنی یہ ہیں کہ ہمارے سارے عمل اور کرتوت، ہماری نیکیاں اور بدیاں، ہمارے قول اور فعل، ہمارے حرکات اور سکنات سب کچھ ہمارے سامنے از سر نو لاحاضر کئے جائیں گے اور یہی مراد ہے یوم بعث و روز حشر سے۔ اب ارشاد ہو آپ اس وقت کا سامنا کرنے کو تیار ہیں۔؟ آج جن چالاکیوں سے آپ دوسروں کا مال اڑا رہے ہیں اپنی جن ہوشیاریوں اور دانائیوں پر آج آپ خوش ہو رہے ہیں، زندہ دل و رنگین مزاج احباب مجلس کی صحبتوں میں آج آپ جو جو حرکتیں کر رہے ہیں، رات کے اندھیریوں میں آج آپ کو جن سیہ کاریوں کی مہلت مل رہی ہے، دن کی روشنیوں میں آج آپ اپنی دولت و حکومت کے جو تماشے دیکھ رہے ہیں، گھر کی خلوت میں آپ اپنے ظلم و غضبناکی کے جو نمونے پیش کر رہے ہیں، باہر کی جلوت میں آج آپ اپنی جس ریاکاری کی نمائش فرما رہے ہیں، ان میں سے ایک ایک شئے وقت کے رجسٹر میں درج ہو رہی ہے، وقت کے کیمرے میں اس کی تصویر اترتی جارہی ہے، جس وقت یہ رجسٹر کھل کر رہے گا، جس وقت یہ مرقع نظر کے سامنے آکر رہے گا، سوچئے اور سمجھئے کہ اس وقت آپ کے دل پر کیا گزرے گی؟ سنبھلئے کہ ابھی سنبھلنے کا موقع باقی ہے۔ جاگئے کہ بہت سوچکے، روئیے کہ بہت ہنس چکے، حاصل کیجئے کہ بہت ضائع کرچکے۔ پچھلا سال اگر بالکل غفلتوں اور نادانیوں کی نذر ہوچکا ہے تو اس سے سبق لیجئے اور دل میں پختہ عہد کیجئے کہ اگر زندگی ہے تو زندگی کا یہ سال بےکار نہ جانے پائے گا۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ۔

Asim Jafri, Delhi

مختلف پھولوں

عظیم لوگوں کی عظیم باتیں

- جب نیکی کر کے تم خوش ہو اور برائی کر کے پچھتاؤ تو تم مومن ہو۔ (حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم)
- انسان کمزور ہے، تعجب ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کیسے کرتا ہے؟! (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- اچھی کتابوں کا مطالعہ دل کو زندہ اور بیدار رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ (امام غزالی)
- ذہنی صلاحیتیں آرام سے نہیں، استعمال سے ابھرتی ہیں۔ (افلاطون)
- ہمیں مت ہو کہ اس سے زندگی کم ہو جاتی ہے۔ (سقراط)
- جب تک انسان علم سیکھتا ہے، وہ عالم رہتا ہے اور جب اسے خیال آ جائے کہ میں علم سیکھ چکا ہوں تو وہ جاہل بن جاتا ہے۔ (ابونصر فارابی)
- دنیا کا سب سے مشکل کام اپنی اصلاح کرنا اور سب سے آسان کام دوسروں پر نکتہ چینی کرنا ہے۔ (البیرونی)
- اللہ تعالیٰ نادانوں کو اس طرح روزی پہنچاتا ہے کہ دانا حیرت میں پڑ جاتے ہیں۔ (سعدی شیرازی)
- اہم بات یہ نہیں کہ آپ ہار گئے۔ اہم بات تو یہ ہے کہ کہیں ہارنے کے بعد آپ ہمت تو نہیں ہارے؟
- کسی بھی حالت میں اپنے حوصلے کو مت گراؤ کیونکہ لوگ گرے ہوئے مکان کی اینٹیں تک اٹھا لے جاتے ہیں۔
- زندگی کی شاہراہ ون وے ہے، آپ جا سکتے ہیں، آ نہیں سکتے۔

یاد رکھنے والی باتیں

- بیکار ہے وہ انسان، جس میں ہنر نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ رات، جس میں عبادت نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ اولاد جس میں فرمانبرداری نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ دل، جس میں تڑپ نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ پردہ، جس میں حیا نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ عدالت، جس میں انصاف نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ زبان، جس میں اخلاق نہ ہو۔
- بیکار ہے وہ علم، جس میں عمل نہ ہو۔

لفظ لفظ موتی

- زندگی ایک شمع کی مانند ہے جو ہوا میں رکھی گئی ہو۔
- آزادی کے چراغ تیل سے نہیں خون سے روشن ہوتے ہیں۔
- دیوار میں چنی ہوئی ہر اینٹ دیوار ہے اگر ایک اینٹ بھی نکل جائے تو دیوار نہیں کھنڈر کہلائے گی۔
- مصیبت کی جڑ کی بنیاد، انسان کی گفتگو ہے۔
- غرور سے آدمی کا دین ضائع ہو جاتا ہے۔
- آزمائش ایک شرف ہے، جس سے بندگانِ حق نوازے جاتے ہیں۔

اچھی باتیں

- سادگی ایمان کی علامت ہے۔
- جن لوگوں کے خیالات اچھے ہوں وہ کبھی تنہا نہیں ہوتے۔
- دوسروں کے عیب بیان نہ کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ خدا تمہارے عیب [illegible] کرے۔

Asim Jafri, Delhi

کی خوشبو

گل چیں
نازیہ مریم ہاشمی

- زندگی کو ہمیشہ خوشی سے گزارو کیونکہ تمہیں نہیں معلوم کہ یہ ابھی کتنی باقی ہے۔
- کبھی کبھی قلم سے لکھا گیا ایک لفظ کئی ہتھیاروں سے زیادہ طاقت رکھتا ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے اقوال

- سب سے بڑا خطا کار وہ ہے جو لوگوں کی برائیوں کو بیان کرتا پھرتا ہے (اور اپنے گریبان میں نہیں جھانکتا)
- گناہ کسی نہ کسی صورت میں دل کو بے قرار رکھتا ہے۔
- لوگوں کو جس طرح چاہے آزمالے سانپ بچھوؤں سے کم نہ پائے گا۔
- تعجب ہے اس شخص پر جو دوزخ پر ایمان رکھتا ہے لیکن پھر بھی گناہ کرتا ہے اور شیطان کو دشمن سمجھتا ہے مگر پھر بھی اس کی اطاعت کرتا ہے۔
- بعض اوقات مجرم کو معاف کر دینا سے زیادہ خطرناک بنا دیتا ہے۔
- کسی سے امید مت رکھو سوائے اپنے اللہ کے اور کسی سے مت ڈرو مگر اپنے گناہ سے۔
- تلوار کا وار جسم کو زخمی کرتا ہے اور بری بات روح کو زخمی کرتی ہے۔
- لوگ تمہارے عیبوں کے جاسوس ہیں۔
- جس نے دنیا کو پہچان لیا وہ اس سے بے رغبت ہو گیا۔
- اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنے والے کو تنہائی محبوب ہوتی ہے۔
- وہ علم ضائع ہے جس پر عمل نہ کیا جائے۔
- اللہ تعالیٰ نے تمہیں دنیا صرف اس لئے دی ہے تاکہ تم اس کے ذریعہ سے آخرت طلب کرو۔
- سخاوت، مال کا پھل ہے، علم کا پھل [illegible] اور اخلاص کا پھل اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔
- جو دنیا میں تکلیف اٹھا کر بھی اللہ سے محبت رکھتا ہے اس کا آخرت میں بہت بلند درجہ ہوگا۔

خوشبو پھیلانے والے خیالات

- زبان درازی اور نکتہ چینی کرنے سے بدنامی ملتی ہے۔
- خوبیاں بازار میں نہیں بکتیں، خوبیاں خود اپنے اندر پیدا کی جاتی ہیں۔
- علم کے ساتھ عمل اور دولت کے ساتھ شرافت نہ ہو تو دونوں نقصان پہنچاتے ہیں۔
- ہزار خطرات میں گھر کر بھی انسان کو اپنا معیار نہیں بدلنا چاہئے۔

اقوال زرّیں

- آدمی کی عقل کی دلیل اس کا قول ہے اور اصل دلیل اس کا فعل ہے۔
- زندگی موت سے بھی زیادہ سخت ہے کیونکہ زندگی ہی میں انسان کو ہر قسم کے رنج وغم برداشت کرنے پڑتے ہیں۔
- مایوسی انسان کی سب سے بڑی دشمن اور خدا کا عذاب ہے۔
- جس بیماری کا سبب معلوم ہو اس کی شفا موجود ہے۔
- عقل مند وہ شخص ہے کہ اپنی زبان کو دوسروں کی مذمت سے بچائے رکھے۔
- وہ شخص تعریف کا مستحق ہے جو قوت علم کے ساتھ شدت غضب کو زائل کر سکے۔
- نہ زیادہ خاموشی اچھی ہے اور نہ گویائی۔
- بدترو [illegible] ہے جو [illegible]

Asim Jafri, Delhi

□ بار بار آزمانے پر ہی کسی آدمی کو سمجھا جاسکتا ہے۔

بڑے لوگوں کی بڑی باتیں

□ کسی کا دل مت دکھاؤ کیونکہ تمہارا بھی دل کوئی دکھا سکتا ہے۔

□ بری کتابیں ایسا زہر ہیں جو جسم کو نہیں روح کو مارتی ہیں۔

□ چاپلوس اس لئے آپ کی چاپلوسی کرتا ہے کہ وہ آپ کو بے وقوف سمجھتا ہے جب کہ آپ یہ سن کر خوش ہوتے ہیں۔

□ زندگی کا اصل مقصد خدائی حکومت کا قیام ہے، یہ صرف دیانت اور سچائی کے ساتھ حاصل ہوتا ہے۔

□ فن، فنکار کے احساسات کے حسین عمل کا انتقال ہے، فن کوئی دستکاری نہیں ہے۔

مہکتی کلیاں

□ کمزور لوگ موقعوں کی تلاش میں رہتے ہیں جبکہ باہمت انسان خود مواقع پیدا کرتے ہیں۔

□ خامیوں کا احساس، کامیابیوں کی کنجی ہے۔

□ اچھا سوال آدھا علم ہے۔

□ لوگوں کی توقع پوری کرو لیکن کسی سے کوئی توقع نہ رکھو۔

□ الزام تراشنا آسان لیکن نقوش مٹانا بہت مشکل ہے۔

□ عقل مند وہ ہے جو دوسروں کی نصیحت کو سنتا ہے۔

□ ضرورت بزدل کو بھی بہادر بنا دیتی ہے۔

□ زندگی کا مقصد مسرت نہیں، تکمیل انسانیت ہے۔

□ نیکی کی طرف بلانے والے نیکی کرنے والے کے برابر ہیں۔

□ اگر مارنا چاہتے ہو تو اپنے نفس کو مارو۔

سبق آموز

□ کسی کو نصیحت نہ کرو کیونکہ بے وقوف سنتا نہیں ہے اور عقل مند کو اس کی ضرورت نہیں۔

□ جب تک تم بنی نوع انسان میں سے حب الوطنی نام کی چیز نہیں نکال پھینکو گے تب تک دنیا میں بھی امن قائم نہیں کرسکو گے۔

□ جب دو آدمی کسی مسئلے پر بحث کے بغیر متفق ہو جائیں تو ثابت ہوتا ہے کہ دونوں بے وقوف ہیں۔

□ دنیا میں ان ہی لوگوں [illegible] نے [illegible]

استاد کا احترام کیا۔

□ دولت مندوں اور سرمایہ داروں کی خیرات اور چندے سے چلنے والی انجمنیں ہمیشہ دولت مندوں کی طاقت اور موجودہ سرمایہ دارانہ نظام کو قائم رکھنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ وہ غریبوں کو صبر و تحمل کی تبلیغ و تلقین سے انقلابی جذبات کو ٹھنڈا کرتی رہتی ہیں تاکہ سرمایہ دار بے خوف و خطر ان کا خون چوستے رہیں۔

شمع فروزاں

□ فضول باتوں کا سننا نفسیاتی خواہشات میں اضافہ کرتا ہے۔

□ جن لوگوں کے اخلاق اچھے ہوتے ہیں وہ کبھی تنہا نہیں ہوتے۔

□ ایک اچھے انسان کی پہچان اس کے عمدہ اخلاق سے ہوتی ہے۔

□ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری عزت ہو تو پہلے دوسروں کی عزت کرنا سیکھو۔

□ والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو، کامیابی تمہارے قدم چومے گی۔

□ دولت کی حرص انسان کو خدا کی یاد سے غافل کر دیتی ہے۔

□ مفلسی انسان کو کفر کے قریب لے جاتی ہے۔

علم، دولت اور عزت

□ علم، دولت اور عزت تینوں کہیں جا رہے تھے۔ جب ان میں جدائی کا وقت آیا تو انہوں نے کہا کہ اگر ہم ایک دوسرے سے ملنا چاہیں تو کیسے ملیں گے۔

□ علم: بولا، اگر تم مجھ سے ملنا چاہو تو لائبریریوں، اسکولوں اور کالجوں میں ڈھونا میں وہاں ملوں گا۔

□ دولت بولی۔ ”اگر تم مجھ سے ملنا چاہو تو بادشاہوں کے محلوں میں ڈھونڈنا میں وہاں ملوں گی۔“

□ جب عزت کی باری آئی تو وہ کچھ نہ بولی۔ دولت اور علم نے اس سے پوچھا کہ تم کیوں خاموش ہو۔؟

تو عزت نے کہا: ”تم تو ایک دوسرے کو مل جاؤ گے، لیکن میں جب ایک بار چلی جاؤں گی کبھی لوٹ کر نہیں آؤں گی۔“

روشنی

□ انسان دنیا کی تمام مخلوقات سے زیادہ افضل ترین ہے جب کہ [illegible] تعالیٰ کی [illegible]

Asim Jafri, Delhi

☐ یہ قدرت کا کرشمہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے سانپوں اور درندوں سے ایک انسان کی حفاظت کا کام لے لیتا ہے۔

☐ خوشامد کی چھری عقل وفہم کے پر کاٹ کر ذہن کو آزادی پرواز سے محروم کردیتی ہے۔

☐ اچھی کتاب انسان کی زندگی کی بہترین ساتھی ہے جو نہ بے وقت بولتی ہے اور نہ ہی دھوکہ دیتی ہے۔

☐ راتوں رات امیر بن جانے کی خواہش نے بے شمار افراد کو برباد کیا اس کی خاطر رشتے، دل اور اخلاق اقدار کو بری طرح روندا گیا۔

☐ سوچوں میں پاکیزگی اور جذبوں میں صداقت ہو تو انسان خوابوں کی تعبیر حاصل کرسکتا ہے۔

☐ دنیا میں سب سے مشکل کام اپنی اصلاح اور سب سے آسان کام دوسروں کے عیب نکالنا ہے۔

☐ زندگی کا ہر دور خاص ہوتا ہے، مگر طالب علمی کا زمانہ سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ اس دور کی شرارتیں کھیل سب کچھ انوکھا اور نرالا ہوتا ہے۔

پھول کلیاں

☐ جو تمہارے عیب بتائے وہی تمہارا حقیقی دوست ہے۔

☐ نیکی پر غور کرنا، نیکی کا اجر ضائع کردیتا ہے۔

☐ کردار ایک ایسا جوہر ہے، جو پتھر کاٹ دیتا ہے۔

☐ جہاں سے بھی گزرو پھول برساتے جاؤ تاکہ تمہاری واپسی پر تمہیں باغ ملے۔

☐ دولت جب بولتی ہے تو سچ ہضم ہوجاتا ہے۔

☐ خوش قسمت آدمی کو بدقسمت ملازم ملتے ہیں۔

☐ بادل اگر سیاہ ہو تو چمکتی ہوئی آنکھ بھی کچھ نہیں دیکھ سکتی۔

☐ زمین پر بھروسہ کرو سمندر پر نہیں۔

☐ کسی کو پانے کی تمنا مت کرو، اپنے آپ کو ایسا بناؤ کہ دنیا والے تمہیں پانے کی تمنا کریں۔

☐ جس طرح گندے پانی میں اپنا آپ نظر نہیں آتا اسی طرح سطحی انسان غصے میں بھی اپنی ذہنی صلاحیتوں کے مطابق سوچ نہیں پاتا۔

باتیں انمول

☐ بے اطمینانی سب سے [illegible] اطمینان سب سے بڑا سکھ ہے۔ اس لئے سکھ کے خواہش مند انسان کو ہمیشہ مطمئن رہنا چاہئے۔

☐ جو چیز بے انصافی سے حاصل ہو وہ مثل زہر ہے۔

☐ بڑا وہ ہے جو اپنے نفس پر غالب آئے۔

☐ یہ انسان جسم ہڈیوں، گوشت، خون وغیرہ کے مجموعے کا نام ہے اور اس کی زندگی چند لمحوں سے زیادہ نہیں، ایسی حالت میں خواہشات کی غلامی کیسی حقیر چیز ہے۔

☐ سچائیاں پتوں کی طرح لاتعداد ہیں جن کا شمار انسانی عقل کے بس کی چیز نہیں۔

☐ خواہش یا تمنا انسان کو مادی ماحول کی دلچسپیوں میں پھنسائے رکھتی ہے اور اس کے باعث موت وزندگی کا خوفناک چکر جاری رہتا ہے۔

☐ صحیح عقیدہ یا تصور انسانی نفس اور کائنات کے متعلق جب تک صحیح نظریہ موجود نہ ہو اعمال کی درستگی ممکن نہیں۔

سنہری باتیں

☐ جس نے اللہ کی مخلوق سے کچھ مانگا وہ اللہ سے کچھ نہیں پاسکتا۔

☐ انسان کو چاہئے کہ خاموش رہے یا ایسی بات کہے جو خاموشی سے بہتر ہو۔

☐ راز تمہارا قیدی ہے، لیکن افشاں ہوجانے کے بعد تم اس کے قیدی بن جاؤ گے۔

☐ کسی کو پالینا "محبت" نہیں بلکہ کسی کے دل میں جگہ بنالینا "محبت" ہے۔

☐ وفا کے موتی پروتے رہو گے تو نفرت کے کانٹوں سے دور رہو گے۔

☐ برے دوستوں کی صحبت سے بچو کیونکہ برا دوست اس کوئلے کی مانند ہے جو اگر گرم ہو تو ہاتھ جلائے اور اگر ٹھنڈا ہو تو ہاتھ کالا کردیتا ہے۔

کام کی باتیں

☐ جو سیکھنا چاہتا ہے اس کے لئے اپنی غلطیاں ہی کافی ہیں۔

☐ دوست، کبھی نہیں بچھڑتے وہ یادوں میں ساتھ رہتے ہیں۔

☐ حاسد اپنی زندگی میں ہی مرجاتا ہے۔

☐ جو شخص ملنے جلنے میں بہت عاجزی، خاکساری اور فروتنی اختیار کرلے، اس سے ہوشیار رہو، چیتا، باز اور کمان یہ سب جھک کر مارتے

Asim Jafri, Delhi

□ جو گناہ کا مرتکب ہوا سے انسان سمجھو، جو گناہ کرکے اترائے اسے شیطان سمجھو۔

انتخاب

□ ہر آدمی کی رائے اس کے ذاتی تجربے کے مطابق ہوتی ہے۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

□ کسی آدمی کو جب اس کی بساط سے زیادہ دنیا مل جاتی ہے تو لوگوں کے ساتھ اس کا برتاؤ برا ہو جاتا ہے۔ (حکیم اقلیدس)

□ پرامیدی سے سفر کرنا جلدی پہنچنے سے بہتر ہے۔ (سر جمز جینس)
اگر تم چاہو تو اپنے خیالات کو بدل کر زندگی بہتر بنا سکتے ہو۔ (آسکر وائلڈ)

□ زندگی کی خوشیاں ہمارے خیالوں پر منحصر ہیں۔ (کنفیوشس)

□ وہ محبت یقیناً عظیم ہوتی ہے جو ایک دوسرے کی عزت پر مبنی ہو۔ (جانسن)

□ ڈھونڈنے میں ملنے کی شرط نہیں ہوتی، امید ہوتی ہے اور امید سے جھگڑا نہیں کرتے۔

□ فتنہ انگیز سچائی سے مصلحت آمیز جھوٹ بہتر ہے۔

□ نفس کو اس کی خواہش سے دور رکھنا حقیقت کے دروازے کی چابی ہے۔

□ غصہ کرنے کا مطلب ہے کہ ہم دوسروں کی غلطیوں کا بدلہ اپنے آپ سے لیتے ہیں۔ یہ کتنی حیرت انگیز اور مضحکہ خیز بات ہے۔

□ کچھ لوگ نگاہ کی طرح ہوتے ہیں جو ہمارے ساتھ ہوں تو اندھیرے میں راستہ دکھاتے ہیں۔

□ بحث میں کسی کو لاجواب کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ وہ بات کی جائے جس کا تعلق بحث سے نہ ہو۔

□ کسی کی طرف انگلی نہ اٹھاؤ کیونکہ باقی تینوں انگلیاں آپ کی طرف ہیں۔

□ چلتے ہوئے ہمیشہ خیال رکھو کہ تمہارے پاؤں سے اٹھتی ہوئی دھول سے کسی کی منزل نہ گم ہو جائے۔

کام کی باتیں

□ خوابوں کی بیل کو اتنا اونچا مت چڑھنے دو کہ پھل اتارنے کا وقت آئے تو تمہارے ہاتھ اُن تک نہ پہنچ سکیں۔

□ انسان کو اس کی برائیوں کے ساتھ قبول کرنے والا ہی اس کا سچا دوست ہوتا ہے۔

□ خوبیاں دشمن کو بھی متاثر کرتی ہیں۔

منتخب اشعار

جس کی نظروں میں ہم نہیں اچھے
کچھ تو وہ شخص بھی برا ہوگا

□

جوان بیٹا پلٹ کر جواب دینے لگا
اب اس سے بڑھ کر زمین پر عذاب کیا ہوگا

□

سامنے دوست بھی ہیں دشمن بھی
دیکھیے پہلا وار کون کرے

□

زندگی جس کا بڑا نام سنا جاتا ہے
ایک کمزور سی ہچکی کے سوا کچھ بھی نہیں

□

زندگی سے کچھ نہ دینے کی شکایت کیا کروں
سوچتا ہوں میں نے خود بھی زندگی کو کیا دیا

□

اُس گھر کو کبھی پھولتے پھلتے نہیں دیکھا
جس گھر کے مکینوں میں محبت نہیں ہوتی

ایک وکیل کا اشتہار

شادی کی فیس	۷۵/- روپے
طلاق کی فیس	۵۰/- روپے
دونوں ایک ساتھ	۱۰۰/- روپے

نوشتہ دیوار

کوئی بڑا کام وہی کر سکتا ہے جو چھوٹا کام کرنے پر خود کو راضی کر لے۔

○○○○

Asim Jafri, Delhi

قسط نمبر ۱۳۶

علاج بالقرآن

حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

سورۂ عبس

قرآن حکیم کی موجودہ ترتیب کے اعتبار سے سورۂ عبس قرآن حکیم کی ۸۰ ویں سورۃ ہے۔

اگر دو شخصوں اور عورت و مرد کے درمیان ناجائز تعلقات قائم ہوں اور ان تعلقات کو ختم کرانا مقصود ہو تو سورۂ عبس کی مندرجہ ذیل آیت لکھ کر اور نیچے دونوں کا نام مع والدہ مع مقصد لکھ کر دونوں میں سے کسی ایک کے تکیہ میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ بہت جلد دونوں کے درمیان جدائی واقع ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ○ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ○ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ○ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ○ اس آیت کا نقش بھی مذکورہ مقصد میں بہت تیزی کے ساتھ کام کرتا ہے۔ اس نقش کو لکھ کر نیچے البغض فلاں ابن فلاں علیٰ بغض فلاں ابن فلاں لکھ کر کسی پرانی قبر میں دبا دیں۔ (فلاں ابن فلاں علیٰ بغض فلاں ابن فلاں کی جگہ دونوں کے نام مع والدہ لکھیں)

یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس طرح کے عمل ناجائز تعلقات کو ختم کرانے کے لئے استعمال کریں۔ جائز تعلقات میں خرابی پیدا کرنے کے لئے اگر اس طرح کے عمل کئے جائیں گے تو آپ کی آخرت برباد ہوگی۔

۷۸۶

۱۱۵۸	۱۱۶۱	۱۱۶۴	۱۱۵۱
۱۱۶۳	۱۱۵۲	۱۱۵۷	۱۱۶۲
۱۱۵۳	۱۱۶۶	۱۱۵۹	۱۱۵۶
۱۱۶۰	۱۱۵۵	۱۱۵۴	۱۱۶۵

اگر کوئی شخص کسی غم کا شکار ہو اور اس کو صبر نہ آ رہا ہو تو اس آیت کو اس شخص کی پیشانی پر یہ لکھ دیں۔ انشاء اللہ غم اور حزن سے نجات ملے گی۔

آیت یہ ہے۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ○ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ○

اس آیت کا نقش بھی غم اور حزن سے نجات دلانے میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو کالے کپڑے میں [illegible] (آمین)۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۷۰	۷۷۳	۷۷۷	۷۶۳
۷۷۶	۷۶۴	۷۶۹	۷۷۴
۷۶۵	۷۷۹	۷۷۱	۷۶۸
۷۷۲	۷۶۷	۷۶۶	۷۷۸

اگر کسی شخص کا حاکم یا کسی عورت کا خاوند بدمزاج ہو اور بدزبانی اور بدکلامی کرتا ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۂ عبس کا ختم بہ نیت زکوٰۃ کرے اس کے بعد اس سورۃ کو ایک مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے اس کو پلائے۔ انشاء اللہ اس کی بدمزاجی اور بدکلامی ختم ہو جائے گی۔

طریقہ یہ ہے کہ خلوت میں بیٹھ کر ۱۱ دن تک پرہیز جمالی کے ساتھ تین سو تیرہ مرتبہ اس سورۃ کی تلاوت کریں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔

اس سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے کسی بھی مریض کو پلانا خواہ وہ کسی بھی مرض کا شکار ہو مفید ثابت ہوتا ہے اور مریض کو مرض سے نجات مل جاتی ہے۔ سورۂ عبس کا نقش رجعت، دفع سحر وغیرہ کے لئے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۲۸	۱۲۸۳۱	۱۲۸۳۴	۱۲۸۲۱
۱۲۸۳۳	۱۲۸۲۲	۱۲۸۲۷	۱۲۸۳۲
۱۲۸۲۳	۱۲۸۳۶	۱۲۸۲۹	۱۲۸۲۶
۱۲۸۳۰	۱۲۸۲۵	۱۲۸۲۴	۱۲۸۳۵

اگر جادو کو جادو کرنے والے کی طرف لوٹانا ہو تو مغرب کی نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ عبس پڑھیں اور ہر بار سورۃ ختم پر فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا تین بار غصے سے کہیں۔ انشاء اللہ جادو، جادو کرانے والے کی طرف لوٹ جائے گا۔ اس عمل کو لگاتار ۱۳ دن تک چاند کی ۱۵ تاریخ سے [illegible] کے [illegible]

(باقی آئندہ)

Asim Jafri, Delhi

روحانی تقویم ۲۰۱۱ء

ادارہ طلسماتی دنیا کی عظیم الشان اور روح پرور پیش کش

انشاءاللہ اس بار بھی یہ تقویم
آپ کے دل پر دستک دے گی

انشاءاللہ

- یہ تقویم رازِ فطرت سے پردے ہٹائے گی۔
- یہ تقویم یہ ثابت کرے گی کہ اللہ سب سے بڑا ہے اور دنیا کی ہر طاقت قدرتِ خداوندی کے سامنے ہیچ ہے۔ وہی حقیقی معبود ہے اور وہی حقیقی مستعان۔
- یہ تقویم یہ ثابت کرے گی کہ ''دین اسلام'' سب سے پیارا اور سب سے پاکیزہ مذہب ہے۔ اس تقویم کے مطالعہ سے آپ حق تعالیٰ کے نظام اور ان کی حکمت عملی کو بآسانی سمجھ سکیں گے۔
- اپنے برج، اپنے عدد، اپنے اسم اعظم اور اپنے صدقے کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے لئے اس تقویم کا مطالعہ کریں اور اپنے ارادوں کو تقویت پہنچائیں۔
- یہ تقویم آپ کو آپ کے مالکِ حقیقی اور محبوبِ حقیقی سے ملائے گی اور دین اسلام اور دین فطرت کے بارے میں لوگوں کی غلط فہمیوں کو دور کرے گی۔
- سال بھر کی مبارک اور غیر مبارک تاریخوں کی تفصیل اور اچھی بری ساعتوں کا چارٹ اس تقویم میں ملاحظہ کریں۔

قیمت : -/50 روپئے | اپنے ایجنٹ سے رابطہ قائم کریں یا ہمیں لکھیں

مکتبہ روحانی دنیا، محلہ ابوالمعالی، دیوبند، موبائل : 09756726786

Asim Jafri, Delhi

اسماء رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی

عظمت وافادیت

حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

قسط نمبر: ۵۳

سیدنا طاب طاب صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام سیدنا طاب طاب بھی ہے۔ اس کے معانی ہیں۔ پرمسرت، خوش طبع اور خوش وخرم۔ چونکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم حسن اخلاق اور حسن کردار اور حسن ظرافت میں بے مثال ہیں اس لئے آپ کو طاب طاب بھی کہا جاتا ہے۔

اس اسم مبارک کے اعداد ۲۳ ہیں۔

یہ اسم مبارک آپ کا توریت میں مذکور ہے اور توریت میں آپ کے مبعوث ہونے کی پیش گوئی اس نام کے ساتھ بھی کی گئی تھی۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص دنیا کی نظروں میں مکرم اور معظم ہونا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے وہ نماز فجر کے بعد اس اسم مبارک کا ورد روزانہ تین سو مرتبہ کیا کرے۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسم مبارک کا ورد روزانہ سو مرتبہ کرنے سے عبادت کی توفیق ہوتی ہے اور خدمت خلق کا جذبہ بھی دل میں پیدا ہوتا ہے۔

□ اگر کسی کا دل سخت ہو اور وہ خود اپنے دل کی سختی سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ورد ۲۳ مرتبہ کرلیا کرے چند ماہ کے اندر اندر اس کے دل میں نرمی پیدا ہوگی اور شقاوت قلبی سے نجات مل گی۔

سیدنا حیی صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام سیدنا حیی بھی ہے۔ اس کے معانی ہیں سب سے زیادہ حیا والے اور سب سے زیادہ زندہ دل والے۔ چونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم شرم وحیا میں سب سے ممتاز ہیں اور آپ کا دل سب دلوں سے زیادہ زندہ [illegible]

لئے آپ کو سیدنا حیی بھی کہا جاتا ہے۔ اس اسم مبارک کے اعداد ۲۸ ہیں۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ شرم وحیا پیدا ہوتی ہے۔ دل زندہ ہوتا ہے، روح بیدار رہتی ہے اور طبیعت عبادت وریاضت کی طرف مائل ہو جاتی ہے۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ وہ فحش گوئی اور لایعنی باتوں سے محفوظ رہے تو اس کو چاہئے روزانہ مغرب کے بعد اس اسم مبارک کا ورد ایک سو مرتبہ کیا کرے۔ انشاء اللہ اس ذکر کی برکت سے وہ شر شیطان سے بھی محفوظ رہے گا اور اس کی زبان اپنے کنٹرول میں رہے گی۔

□ اگر کوئی شخص بے حیائی کے کاموں میں مصروف ہو تو اس کو سیدھے راستے پر لانے کے لئے اس اسم مبارک کو تین سو مرتبہ پڑھ کر اس کے سینے پر دم کرنا چاہئے۔ اس عمل کو چالیس دن تک جاری رکھنا چاہئے۔ انشاء اللہ اس کو ہدایت نصیب ہوگی۔

□ ان دو اسموں کا نقش انسان کو ہزار طرح کی برائیوں سے محفوظ رکھتا ہے اور دل میں نرمی پیدا کرتا ہے اور دل کو عبادت اور خدمت کی طرف مائل کرتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، و، ط، م، ت، ش یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۱۹	۱۶	۱۳
۱۷	۱۱	۶	۱۸
۱۰	۱۴	۲۱	۷
۲۰	[illegible]	۹	۱۵

Asim Jafri, Delhi

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۸	۱۳	۲۱
۲۰	۱۷	۱۵
۱۴	۲۲	۱۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۴	۱۱	۱۹
۲۰	۱۰	۱۷	۵
۱۵	۷	۱۸	۱۲
۹	۲۱	۶	۱۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۴	۲۰	۱۸
۲۲	۱۷	۱۳
۱۶	۱۵	۲۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک ٹانگ اٹھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۵	۱۲	۱۶
۱۱	۱۷	۱۸	۶
۱۴	۱۰	۷	۲۱
۸	۲۰	۱۵	۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۰	۱۴
۱۳	۱۷	۲۲
۲۱	۱۵	۱۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، د، ح، ل، ع یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۹	۸	۲۰
۷	۲۱	۱۴	۱۰
۱۸	۶	۱۱	۱۷
۱۲	۱۶	۱۹	۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶	۲۲	۱۴
۱۵	۱۷	۲۰
۲۱	۱۳	۱۸

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل سیدنا طاب طاب صلی اللہ علیہ وسلم ۲۲ مرتبہ اور سیدنا مخفی صلی اللہ علیہ وسلم ۲۸ مرتبہ پڑھ کر ان نقوش پر دم کردے تو ان کی قوت وتاثیر دوگنی ہو جائے۔

سیدنا آخر صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام سیدنا آخر بھی ہے۔ چونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تمام نبیوں میں سب سے بعد میں آنے والے ہیں اور اس کے بعد کسی نبی کے آنے کا کوئی امکان نہیں ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سیدنا آخر کہا جاتا ہے۔

اس اسم مبارک کے اعداد ۸۰۱ ہیں۔ یہ اسم مبارک اسماء حسنیٰ سے مشترک ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک اسم صفاتی آخر بھی ہے۔

☐ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ذکر ۲۰۰ مرتبہ کیا کرے۔

☐ جو شخص یہ چاہے کہ حق تعالیٰ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عشق اس کے قلب میں موجزن ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ روزانہ ۱۰۰۰ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد لگاتار ۳۶۵ دن تک کرتا رہے۔ انشاء اللہ دل میں نورانیت پیدا ہوگی اور عشق خدا اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دولت سے سرفراز ہوگا۔

☐ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ دل میں نورانیت، روحانیت اور تقویٰ پیدا کرنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ۸۰۱ مرتبہ لگاتار ۹۰ دن تک کرنے کا معمول بنائے۔

☐ اس اسم مبارک کا نقش دل میں لطافت، نورانیت پیدا کرنے کے لئے اور قلب میں تقویٰ اور پرہیزگاری پیدا کرنے کے لئے بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۲	۲۰۶	۲۰۳	۲۰۰
۲۰۴	۱۹۹	۱۹۳	۲۰۵
۱۹۸	۲۰۱	۲۰۸	۱۹۴
۲۰۷	۱۹۵	۱۹۷	۲۰۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۳	۲۶۸
۲۶۵	۲۶۷	۲۶۹
۲۶۶	۲۷۱	۲۶۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۶	۱۹۹	۲۰۱	۱۹۵
۱۹۲	۲۰۴	۱۹۸	۲۰۷
۲۰۰	۲۰۵	۱۹۳	۲۰۲
۲۰۳	۱۹۳	۲۰۸	۱۹۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۶۸	۲۶۹	۲۶۴
۲۶۳	۲۶۷	۲۷۱
۲۷۰	۲۶۵	۲۶۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۳	۲۰۰	۱۹۲	۲۰۶
۱۹۳	۲۰۵	۲۰۴	۱۹۹
۲۰۸	۱۹۴	۱۹۸	۲۰۱
۱۹۷	۲۰۲	۲۰۷	۱۹۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۶۴	۲۶۹	۲۶۸
۲۷۱	۲۶۷	۲۶۳
۲۶۶	۲۶۵	۲۷۰

Asim Jafri, Delhi

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، د، ح، س، خ، ل، ع، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۷	۱۹۵	۱۹۷	۲۰۲
۱۹۸	۲۰۱	۲۰۸	۱۹۴
۲۰۴	۱۹۹	۱۹۳	۲۰۵
۱۹۴	۲۰۶	۲۰۳	۲۰۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۶۴	۲۷۱	۲۶۶
۲۶۹	۲۶۷	۲۶۵
۲۶۸	۲۶۳	۲۷۰

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل سیدنا آخر صلی اللہ علیہ وسلم ۸۰۱ مرتبہ پڑھ کر ان نقوش پر دم کر دے تو ان نقوش کی تاثیر دگنی ہو جائے، مردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ اپنے سیدھے بازو پر نقش باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش اپنے بائیں بازو باندھیں۔

(باقی آئندہ)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اپنے من پسند اور اپنی راشی کے پتھر حاصل کرنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں

پتھر اور نگینے اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ایک عظیم نعمت ہیں۔ جس طرح دواؤں، غذاؤں اور دوسری چیزوں سے انسان کو بیماریوں سے شفاء اور تندرستی نصیب ہوتی ہے اسی طرح پتھروں کے استعمال سے بھی انسان مختلف امراض سے نجات حاصل کرتا ہے اور اس کو اللہ کے فضل وکرم سے صحت اور تندرستی نصیب ہوتی ہے۔

ہم شائقین کی فرمائش پر ہر قسم کے پتھر مہیا کر سکتے ہیں ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر اللہ کے فضل وکرم سے کسی بھی شخص کو کوئی پتھر راس آجائے تو اس کی زندگی میں عظیم انقلاب برپا ہو جاتا ہے اس کی غربت مالداری میں بدل جاتی ہے اور وہ فرش سے عرش پر بھی پہنچ سکتا ہے۔ یہ بھی کوئی ضروری نہیں کہ قیمتی پتھر ہی انسان کو راس آتے ہیں۔ بعض اوقات بہت معمولی قیمت کے پتھر سے انسان کی زندگی سدھر جاتی ہے۔ جس طرح آپ دواؤں غذاؤں پر اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پر اپنا پیسہ لگاتے ہیں اور ان چیزوں کو بطور سبب استعمال کرتے ہیں اسی طرح ایک بار اپنے حالات بدلنے کے لئے کوئی پتھر بھی پہنیں انشاء اللہ آپ کو اندازہ ہوگا کہ ہمارا مشورہ غلط نہیں تھا۔ ہمارے یہاں الماس، نیلم، پنا، یاقوت، مونگا، موتی، گارنیٹ، اوپل، سنہلا، گومید، لاجورد، عقیق وغیرہ پتھر بھی موجود رہتے ہیں اور جو پتھر نہیں ہوگا وہ فرمائش موصول ہونے پر مہیا کرادیا جاتا ہے۔ آپ اپنا من پسند یا راشی کا پتھر حاصل کرنے کے لئے ایک بار ہمیں خدمت کا موقع دیں۔ اس موبائل نمبر پر رابطہ کریں 09897648829 یا بذریعہ خط ہمیں لکھیں۔

گھر بیٹھے اپنا روحانی علاج 'ہاشمی روحانی مرکز' دیوبند سے کرائیں
رابطے کے لئے ان فون نمبروں پر بات کریں: 9897648829-9997564404

ہمارا پتہ: ہاشمی [illegible] محلہ ابوالمعالی دیوبند (یوپی) پن کوڈ نمبر: ۲۴۷۵۵۴

Asim Jafri, Delhi

مستقل عنوان

حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند



ہر شخص خواہ وہ طلسماتی دنیا کا خریدار ہو یا نہ ہو ایک وقت میں تین سوالات کرسکتا ہے، سوال کرنے کے لئے طلسماتی دنیا کا خریدار ہونا ضروری نہیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی ڈاک

ھٰذامِنْ فَضْلِ رَبِّیْ

سوال از: ولی ——— گجرات

طلسماتی دنیا کئی سالوں سے پابندی سے پڑھتا ہوں۔ اسے پڑھ کر خوف خدا، تقویٰ آخرت میں جواب دہی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ اچھے عاملین بھی پیدا ہو رہے ہیں ورنہ بازاری عاملین کے بارے میں کیا کہنا؟ آنے والے مریض کے درد کو سمجھنے کے بجائے ان کی جیب پر زیادہ نظر رکھتے ہیں۔ بعض کام تو ایسے ہوتے ہیں کہ ظاہری اور دنیوی اعتبار سے ممکن ہی نہیں ایسے کام کردینے کے دعوے کرکے ہزاروں روپے لے لیتے ہیں اور کسٹمر روتا رہتا ہے۔

آپ نے طلسماتی دنیا جاری کرکے امت پر احسان عظیم کیا اور تعلیم دی کہ تعویذ عملیات کے ساتھ ذہن سازی بھی کی جائے۔ اچھے عاملین کے پتے بھی آپ دیدیا کریں جو ایمانداری سے کام کرتے ہیں تو مزید فائدہ ہوسکتا ہے۔ اگرچہ اس میں بعض مرتبہ بدنامی کا خطرہ ہے۔

جواب

رب العالمین کا فضل وکرم ہے کہ طلسماتی دنیا کی روحانی تحریک عوام وخواص پر اثرانداز ہو رہی ہے اور لوگ غلط قسم کے عاملین اور گمراہ کن قسم کے تعویذ گنڈوں کی حقیقت کو سمجھنے لگے ہیں۔

ماہنامہ طلسماتی دنیا کا اجرا کرتے وقت اور روحانی تحریک کی بنیاد ڈالتے وقت ہمیں یہ خوش فہمی نہیں تھی کہ ہمیں عوام وخواص کا اتنا بڑا تعاون مل جائے گا اور چند سالوں کے بعد ہی ہم ایک بڑے قافلے کی رہنمائی کرسکیں گے لیکن اللہ کا فضل وکرم [illegible] طلسماتی [illegible] وہ زبردست مقبولیت حاصل ہوئی جو کم ہی اردو رسالوں کو نصیب ہوئی ہے۔ یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ دیوبند سے شائع ہونے والے رسالوں میں ماہنامہ تجلی کے بعد ماہنامہ طلسماتی دنیا ہی وہ رسالہ ہے جو عوام وخواص، علما، مفکرین اور خواتین پر یکساں طور پر اثرانداز ہوا ہے اور اس کا انتظار ہر ماہ شدت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ ہندوستان سے شائع ہونے والے رسالوں میں ماہنامہ طلسماتی دنیا کو یہ فخر حاصل ہے کہ یہ دنیا کے بیشتر ممالک میں پہنچ رہا ہے اور جہاں جہاں پہنچ رہا ہے وہاں وہاں لوگ اس کی افادیت اور اس کی انفرادیت کے قائل ہوتے جارہے ہیں۔ اس رسالے کے خاص نمبروں کی خصوصیت یہ ہے کہ ان کے کئی کئی ایڈیشن شائع ہوچکے ہیں اور علما اور عاملین کی ایک بہت بڑی کھیپ ان نمبرات کے خصوصی مضامین سے بھرپور استفادہ کررہی ہے۔

ماہنامہ طلسماتی دنیا کی روحانی تحریک نے نہ صرف برے اور بازاری قسم کے عاملین کی قلعی کھولی ہے بلکہ اس نے اور اس کی روحانی تحریک نے قابل اعتبار عاملوں کی ایک جماعت پیدا کردی ہے جو صحیح طریقوں سے اللہ کے بندوں کی روحانی خدمات میں مصروف ہے۔ اسی طرح ماہنامہ طلسماتی دنیا نے ہزاروں لوگوں کو روزگار سے بھی وابستہ کیا ہے۔

اگر دیکھا جائے تو ماہنامہ طلسماتی دنیا دوطرفہ جنگ لڑ رہا ہے، ایک طرف وہ روحانی عملیات کا دفاع کررہا ہے اور دلائل وبراہین سے یہ ثابت کرنے میں مصروف ہے کہ روحانی عملیات ہمارے بزرگوں کا ترکہ ہیں اس کو گمراہی اور شرک سے تعبیر کرنا بزرگوں اور اکابرین پر بہت بڑی تہمت ہے دوسری طرف وہ ان لوگوں [illegible] بھی برسرپیکار ہے جو روحانی عملیات

Asim Jafri, Delhi

کے نام پر اللہ کے بندوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ انہیں لوٹ رہے ہیں اور ان کے عقیدوں کو بھی خراب کر رہے ہیں۔ ہم یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ ہم اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ہیں لیکن ہم اتنا ضرور کہیں گے کہ ان دونوں طرح کی جنگ میں ماہنامہ طلسماتی دنیا کو خاطر خواہ کامیابی ملی ہے۔ گمراہی کے اندھیرے بھی کچھ نہ کچھ چھٹے ہیں اور صحیح عاملین کی ایک بڑی تعداد طلسماتی دنیا کی تحریک نے پیدا کر دی ہے جو ملک بھر میں خدمت خلق میں مصروف ہے۔

آپ نے پڑھا ہوگا کہ ہم نے اس بات کا تہیہ بھی کر رکھا ہے کہ چند سالوں کے اندر اندر اگر زندگی رہی تو ہم طلسماتی دنیا کا ایک "عاملین نمبر" شائع کریں گے جس میں ہم مستند اور معتبر عاملین کی خدمات اور ان کے پتے شائع کریں گے تاکہ ان کی حوصلہ افزائی بھی ہو سکے اور ضرورت مند لوگ ان سے رجوع بھی کر سکیں لیکن یہ تب ہی ممکن ہے جب ہندوستان بھر میں خدمت خلق کرنے والے عاملین اپنا تعارف، اپنی خواہشات اور اپنے پتوں سے ہمیں آگاہ کریں۔ اس کی تیاری ہم نے شروع کر دی ہے۔ جن عاملین نے اپنا تعاون اور خدمات کی تفصیل ہمیں روانہ کر دی ہیں انہیں ہم نے محفوظ کر لیا ہے۔ ایک خاص تعداد ہو جانے پر "عاملین نمبر" کا انشاءاللہ اعلان کر دیا جائے گا۔

ہم اس بات کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ روحانی تحریک کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے ہمیں بہت سی دشوار ترین پگڈنڈیوں سے گزرنا پڑے گا۔ اس سفر کے دوران ہمیں متعدد مرتبہ ایسے راستوں سے بھی گزرنا پڑے گا جہاں ہمارا دم بھی گھٹے گا اور جہاں ہمارے قدم بھی لڑکھڑائیں گے لیکن جس اللہ نے ہمیں اس عظیم الشان سفر کی توفیق بخشی ہے وہی اللہ ہمارے اندر اس سفر کو جاری رکھنے کی ہمت بھی عطا کرے گا۔

آپ جیسے مخلصین اور محسنین سے ہماری درخواست یہ ہے کہ وہ ہمارے لئے دعا کریں کہ اللہ ہمیں مزید توفیق اور مزید ہمت و قوت سے سرفراز کرے تاکہ ہم اسی طرح روحانی تحریک کے سلسلے کو فروغ دینے میں مصروف ہیں۔ ہمارا کل بھی عقیدہ یہ تھا اور آج بھی ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اس دنیا میں وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے۔ اللہ چاہتا ہے تو چمن میں بہاریں آتی ہیں، وہ چاہتا ہے تو شاخوں پر پھول کھلتے ہیں، وہ چاہتا ہے تو فضاؤں میں خوشبوئیں پھیلتی ہیں، وہ چاہتا ہے تو آسمان پر چاند ستارے چمکتے ہیں، وہ چاہتا ہے تو انسان خوشیوں اور مسرتوں سے سرفراز ہوتا ہے، ہر چیز اسی کے حکم کی محتاج ہے۔ ہمیں اسی کے آگے اپنا دامن پھیلانا چاہئے اور اسی سے نیک کاموں کی توفیق طلب اور حوصلہ طلب کرنا چاہئے۔ میں ۵۰ سالوں سے اس روحانی لائن کا تجربہ رکھتا ہوں، فن کی باریکیوں سے واقف ہوں، دو ہزار سے زیادہ کتابوں کی مطالعہ کر چکا ہوں۔ اس لائن کے ماہرین سے ملاقاتیں کر چکا ہوں، کس تعویذ کو کس ساعت میں، کس مہینے میں، کس برج میں، کس روشنائی سے، کس کاغذ پر لکھنا چاہئے۔ بہت اچھی طرح واقف ہوں لیکن میرا اپنا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ فن اور تجربات کی تمام تر باریکیوں کو سامنے رکھ کر بھی اگر تعویذ بنایا جائے تب بھی فائدہ جب ہی ہوتا ہے جب اللہ چاہتا ہے۔ بعض عاملین کا یہ دعویٰ کہ ہم ۲۴ گھنٹوں میں کامیاب کر دیں گے اور ہمارا عمل ایک سو ایک فی صد کامیابی سے ہمکنار ہو جائے گا۔ میرے نزدیک ایک طرح کی بدعقیدگی ہے اور عوام کو گمراہ کرنے کا اور انہیں ورغلانے کا ایک ہتھیار ہے۔ جو روحانی عملیات کو بدنام کرنے کا ذریعہ ثابت ہو رہا ہے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑا کون ہو سکتا ہے انہوں نے کسی صاحب سے کسی سوال کے بارے میں یہ فرما دیا تھا کہ کل اس کا جواب دیدوں گا تو کئی دنوں تک وحی کا سلسلہ موقوف ہو گیا تھا اور اس کے بعد جب وحی نازل ہوئی تو رب العالمین نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو متنبہ کیا اور فرمایا کہ جب بھی کسی سے کوئی وعدہ یا کوئی دعویٰ کرو لفظ انشاءاللہ کے ساتھ کرو۔ تاکہ ساری دنیا اس بات سے باخبر رہے کہ اس دنیا میں وہ ہوتا ہے جو اس دنیا کا خالق چاہے۔ کسی نبی، کسی ولی، کسی عالم، کسی عامل کی کیا مجال ہے جو اللہ کے فیصلوں پر اپنا فیصلہ تھوپ سکے۔

ہم نے متعدد مرتبہ عاملین کے پتے اور فون نمبر بھی شائع کئے ہیں لیکن ان سے فائدہ کے بجائے نقصان ہوا ہے اور اس کے بعد ہمارے قارئین کی شکایتیں ہمیں موصول ہوئی ہیں اس لئے ہم نے اس سلسلے کو بند کر دیا تاہم اگر کوئی ہم سے کسی عامل کا پتہ یا فون نمبر طلب کرتا ہے تو ہم اس کو بتانے میں نہ بخل سے کام لیتے ہیں نہ ہمیں بتانے میں کوئی تامل ہوتا ہے۔

آسیبی اثرات کا چکر

سوال از: شبانہ ——— مہاراشٹر

میں طلسماتی دنیا کا کئی سالوں سے مطالعہ کرتی ہوں۔ اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے اس کے ذریعہ آپ نے کئی لوگوں کا علاج کیا ہے امید کرتی ہوں کہ آپ میری پریشانی کا حل نکالیں گے۔

میری شادی ۱۹۹۹ء۔۱۰۔۱۵ میں ۵ رجب جمعہ کے دن ہوئی۔ میرا نام شبانہ [illegible] ہے، میرے شوہر کا نام ایوب ہے، ماں کا

Asim Jafri, Delhi

نام اپید ہے۔ میری شادی کے پہلے ہی سال میں ایک لڑکا ہوا۔ میرا لڑکا دس سال کا ہو گیا اور مجھے اب تک دوسرا حمل نہیں رہا۔ میرا مہینہ بہت جلدی آجاتا ہے۔ آٹھ سالوں سے میں نے ہر جگہ علاج کرالیا۔ ڈاکٹر مولانا، اور کوئی کہتا ہے جادو کیا ہوا ہے، کوئی کہتا ہے پریوں کا اثر ہے۔ میری جٹھانی کو شادی کے بعد سے کئی سال سے اولاد نہیں ہوئی تھی۔ مجھے شادی کے بعد پہلے سال ہی بچہ ہو گیا، میرا بچہ ہوئے برابر ان کی گود میں ڈالا تاکہ ان کو مبارک ہو، اسکے بعد سے انہیں چار بچے ہیں اور مجھے اس کے بعد سے حمل نہیں رہا۔ میرا بچہ دس سال کا ہو گیا ہے، میں بہت پریشان ہوں، میں نے ہر جگہ علاج کرایا لیکن کہیں سے کوئی فرق نہیں پڑا۔ مہینے میں دو مرتبہ حیض کا خون شروع ہو جاتا ہے، کوئی کہتا ہے میرے شوہر میں خرابی ہے لیکن مجھے نہیں لگتا کیونکہ میرا مہینہ ہی نہیں آتا۔ جب سے میرا بچہ ہوا ہے حیض کا خون بند نہیں ہوتا۔ میرے دل میں جو شک ہے کیا مجھے پریوں کا اثر ہے۔ ہم نے چھوڑا۔ رجب کے مہینے میں بیٹھک بھی دیا لیکن مجھے حاضری نہیں آئی۔ کسی نے مجھے جادو کیا اماوس اور پونم کو میرے پیر میں بہت درد ہوتا ہے اور مہینہ آجاتا ہے کیا وجہ ہے کہ مجھے حمل نہیں رہتا۔ میری جٹھانی کچھ کر کے آئی تھی کیا مجھے پریوں کا اثر ہے۔ کسی نے مجھے کہا تھا کہ میری چھوت کا کپڑا غلیظ میں استعمال کرتے ہیں۔ اللہ بہتر جانتا ہے آپ مجھے اس پریشانی کا حل تفصیل سے لکھیں۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ جوابی لفافہ ساتھ بھیج دیا ہے تاکہ آپ کا جواب جلدی مل جائے۔ مجھے اور بہت کچھ کہنا تھا پر میں خط کے ذریعہ نہیں کہہ سکتی امید کرتی ہوں کہ آپ میری پریشانی سمجھ کر میرا علاج کریں گے۔ مجھے تفصیل سے بتائیں۔ لکھنے میں کوئی غلطی ہوئی تو معافی چاہتی ہوں۔

جواب

تم جتنے لوگوں سے برائے علاج ملوگی سب اپنی اپنی بولیاں بولیں گے۔ روحانی عملیات کی لائن میں زیادہ تر وہ لوگ دندنا رہے ہیں جو الف کے نام بے نہیں جانتے اور جن کے دعوے اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ان سے اچھی خاصی عقل والے بھی متاثر ہو جاتے ہیں۔ اس لئے عقلمندی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہر کس و ناکس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ نہیں دینا چاہئے۔ دور اندیش لوگوں کا اپنا ایک فیملی ڈاکٹر ایک فیملی حکیم اور ایک فیملی عامل ہوتا ہے۔ کوئی بھی مرض ہو جانے پر وہ اپنے ہی معالجین سے رجوع کرتے ہیں۔ ان کا اپنا طے شدہ معالج ان کے مزاج اوران کی کل کیفیات سے واقف ہوتا ہے۔ وہی مرض [illegible] کر کوئی ہر مہینے ڈاکٹر، حکیم اور عامل بدلے گا تو پھر یہی ہوگا کہ معالجین اس کو بھٹکائیں گے اور اس کے مرض کم کرنے کے بجائے اور بڑھا دیں گے۔ تمہارے مرض کے بارے میں ہماری تشخیص یہ ہے کہ تم پر آسیبی اثرات ہیں۔ نہ کسی نے جادو کیا ہے نہ کسی نے تمہاری کوکھ باندھی ہے۔ تم کسی اچھے عامل سے اپنا علاج کراؤ جو تم پر آسیبی اثرات بتائے۔ کیونکہ ہمارے نزدیک یہی تشخیص صحیح ہوگی اور جب کسی مرض کی تشخیص صحیح ہو جاتی ہے تو پھر علاج بھی صحیح ہوتا ہے۔ تشخیص ہی صحیح نہیں ہوگی تو علاج کیسے صحیح ہوگا۔

ہمارا اندازہ یہ ہے کہ روحانی علاج کے دعویدار زیادہ تر اناڑی ہوتے ہیں انہیں کسی معتبر عامل سے کوئی نسبت نہیں ہوتی۔ چند کتابیں پڑھ کر وہ دکان کھول کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اور کچھ لوگوں کو فائدہ پہنچنے پر وہ اس زعم میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ باقاعدہ عامل بن چکے ہیں پھر اشتہار بازی اور دعوے داری شروع ہو جاتی ہے۔ پریشان حال لوگ ان کے اشتہاروں اور ان کے بلند بانگ دعووں سے متاثر ہو کر ان کی دکانوں کے چکر لگانا شروع کر دیتے ہیں۔ ایسے لوگ زیادہ تر کرنی کرتوت، اور سحر و جادو ثابت کر کے اپنے مریضوں کو گمراہ کرتے ہیں اور انہیں جی بھر کے لوٹتے ہیں۔ غلط عاملوں کی نشانی یہی ہے وہ گارنٹی سے علاج کرتے ہیں جبکہ گارنٹی کسی مرض کے ٹھیک ہونے کی اس لئے نہیں دی جاسکتی کہ شفا دینا اور صحت عطا کرنا معالجین کا کام نہیں ہے۔ یہ اللہ کی عطا ہے اور اللہ جسے چاہے علاج سے شفا دیدے اور جسے چاہے موت۔ اگر دوا اور علاج سے ٹھیک ہو جانا سو فی صد ہوتا تو علاج کرانے والوں کو موت نہ آتی۔ اس دنیا میں بیشتر مریض مہنگے سے مہنگا علاج کر کے بھی زندہ نہیں رہ پاتے یا صحت مند نہیں ہو پاتے کیونکہ دوائیں غذائیں اور تعویذات اپنی جگہ۔ لیکن مریض شفایاب جب ہی ہوتا ہے جب اللہ چاہے۔ اچھے حکیم، اچھے ڈاکٹر، اچھے عامل اپنے مریضوں کی ذہنی سازی اسی طرح کرتے ہیں کہ ہم علاج پوری ذمہ داری کے ساتھ کر رہے ہیں لیکن زندگی اور صحت کی ہم کوئی گارنٹی نہیں لے سکتے۔ البتہ ہمیں یہ یقین ہے کہ جب علاج ذمہ داریوں کے ساتھ ہوگا تو تمہیں صحت اور زندگی ضرور ملے گی۔ باقی سب کچھ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ کوئی ڈاکٹر، کوئی حکیم اور کوئی روحانی علاج کرنے والا کیا کسی کی گارنٹی لے گا اس کو اپنی موت اور اپنی زندگی کی بھی کچھ خبر نہیں ہوتی۔ دلوں کا علاج کرنے والے ڈاکٹروں کی موت ہارٹ فیل ہو جانے سے ہو جاتی ہے جو لوگ دوسروں کا سحر اتارتے ہیں وہ خود بھی جادو اور سحر میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ تم اس حقیقت کو سمجھو [illegible] ہمیشہ کسی ایک ہی معالج سے کراؤ اور بھروسہ اللہ

Asim Jafri, Delhi

پر رکھو۔ جب تک تم کسی عامل سے باقاعدہ علاج نہیں کرا سکتیں تب تک اتنا کرلو کہ روزانہ سات مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور سات مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرلیا کرو اور صبح شام اس کو پی لیا کرو۔

کسی نے تم پر پریوں کا اثر بھی بتایا ہے۔ کسی اور سے ملوگی تو وہ تم پر کسی بدروح کا اثر بتائے گا۔ کسی کی تشخیص یہ ہوگی کہ تم پر کوئی جن چھوڑ دیا گیا ہے، کوئی دعویٰ کرے گا تمہارے پیٹ میں کوئی دوا ڈال دی گئی ہے۔ اس دنیا میں جتنے منہ اتنی باتیں، تم کسی ایک عامل کو جو بظاہر معتبر ہو اپنا معالج بنالو اور اس کے علاج کے فوراً بعد طبیعت ٹھیک بھی نہ ہو تو پھر اس کے دامن کو پکڑے رکھو، بار بار معالج بدلنے سے زیادہ نقصان ہوتا ہے۔ جب تک کسی عامل سے رجوع نہ کرو تب تک مذکورہ عمل کی پابندی کرو اور مندرجہ ذیل نقش باوضو ہوکر اپنے گلے میں ڈال لو۔ اس نقش کو مندرجہ ذیل رفتار سے پُر کرکے کالے کپڑے میں پیک کرکے استعمال کرو۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۹۳	۳۲۹۶	۳۲۹۹	۳۲۸۵
۳۲۹۸	۳۲۸۶	۳۲۹۲	۳۲۹۷
۳۲۸۷	۳۵۰۱	۳۲۹۴	۳۲۹۱
۳۲۹۵	۳۲۹۰	۳۲۸۸	۳۵۰۰

اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اگر حیض بکثرت آتا ہو تو ۱۹ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قابض پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرکے پی لیا کریں۔ انشاء اللہ حیض کی کثرت سے نجات ملے گی اور اس سلسلے میں کسی حکیم سے بھی رجوع کرلیں۔ نماز کی پابندی رکھیں اور روزانہ ۱۳۱ مرتبہ "یاسلام" صبح شام پڑھنے کا معمول رکھیں۔ انشاء اللہ سلامتی عطا ہوگی۔ ہر بلا سے محفوظ رہیں گی اور آہستہ آہستہ اثرات سے بھی نجات مل جائے گی۔

میں دعا کروں گا کہ اللہ رب العزت تمہیں ہر طرح کے اثرات سے چھٹکارا دے، تمہاری ازدواجی زندگی کو خوش گوار رکھے اور تمہیں سلامتی وعافیت کے ساتھ صحت مند اور صالح اولاد عطا کرے۔ (آمین)

گیدڑ سنگھی اور ہتھ جوڑی

سوال از: محمد مظہر زلفی ——— کرناٹک

بفضل رب خیریت سے رہ کر مع آپ کے تمام اہل ادارہ طلسماتی دنیا کی خیریت نیک درنیک چاہتا ہوں۔ دیگر احوال یہ ہے کہ ناچیز طلسماتی دنیا کا دیرینہ قاری ہے۔ آپ نے جو علم وعمل کے دریا رواں کئے ہوئے ہیں اس سے مستفید ہونے والے خستہ حال وشکستہ قلوب ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں لوگوں میں ایک ناچیز بھی شامل حال ہے۔

الغرض دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ میں نے کسی صاحب سے ''ہتھ جوڑی'' خریدی ہے کافی عرصہ ہوا، موثر نہیں ہو پا رہا ہوں شاید مجھ میں کوئی خامی ہو۔ آپ (منبع علم وحکمت) سے گزارش یہ ہے کہ ''ہتھ جوڑی'' اور گیدڑ سنگھی (جو شاید مستقبل میں حاصل ہو جائے) کا عمل اور اس کے بارے میں تفصیل سے ناچیز اور دیگر لوگ شاید اس کے انتظار میں ہوں مطلع بذریعہ روحانی ڈاک یا انفرادی طور پر کریں مین نوازش ہوگی۔

جواب

ہدہد کے پنجوں، پروں کو اگر پوٹلی میں کرکے گھر میں لٹکا دیا جائے تو اس گھر پر جادو اثر انداز نہیں ہوتا۔ اسی طرح اگر گھر میں گیدڑ سنگھی پر آیات سحر پڑھ کر دم کردیا جائے پھر اس کو گھر میں دفن کردیا جائے تو سحر اور جادو اس گھر کے رہنے والوں پر اثر انداز نہیں ہوگا۔ اسی طرح ہتھ جوڑی پر آیات محبت ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کردیں اور پھر کسی ہتھ جوڑی کو گھر کے صحن میں دبادیں تو جادو اور سحر اس گھر کے رہنے والوں کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کرسکتا۔ آیات سحر یہ ہیں۔

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ۔ اس کے بعد اگر ان کلمات کا اضافہ کرلیں تو بہتر ہے۔ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔

آیات محبت یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ [illegible]

Asim Jafri, Delhi

دوسری آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔

روزی اور روزگار میں برکت، قرض کی ادائیگی

سوال از: (نام مخفی، بھوپال)

بخدمت شریف مولانا صاحب۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں روزی کے سلسلے میں کافی پریشان ہوں، قرضدار بھی ہوں، ۵۰،۴۰ ہزار کا۔ ذہنی الجھن میں رہتا ہوں، گزارش ہے کہ روزی روزگار کی برکت کے لئے اور قرض کی ادائیگی کے لئے خاص عمل بتادیں۔ بڑی مہربانی ہوگی۔ عمل رسالہ میں شائع کردیں، قارئین فائدہ اٹھائیں۔

جواب

عشاء کی نماز کے بعد قرآن حکیم کی آیت فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۳۳۳ مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ رزق کی فراوانی ہوگی اور قرض ادا ہونے کے راستے کھلیں گے۔ اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کر کے لگاتار گیارہ راتوں تک کریں۔ اس کے بعد اللہ کی رحمتوں کا انتظار کریں۔ انشاء اللہ زیادہ دن نہیں گزریں گے مال کثیر ملے گا اور قرض کے غم سے نجات مل جائے گی۔

عورتوں میں پائی جانے والی بیماری

سوال از: سید سلیمان صوفی ـــــــــــ سیونہ

عرض سوال یہ ہے کہ میں آپ سے جو کہ عورتوں میں یہ بیماری پائی جاتی ہے کہ کسی کو سفید پانی کی شکایت ہوئی ہے اس کو ٹھیک کرنے کے لئے کیا کرنا چاہئے۔ آپ اس بیماری کا علاج مرحمت کردیجئے یا کوئی روحانی عمل بتادیجئے۔ جس کے کرنے سے سفید پانی کی شکایت ختم ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کے بدلے اجر عظیم عطا کرے، آمین۔

جواب

عمدہ قسم کی چھالیاں لے کر ان کو باریک کوٹ لیں اور ان کو پانی میں بھگودیں اور مندرجہ ذیل نقش بھی اس پانی میں ڈال دیں۔ صبح نقش نکال کر پانی کو کپڑے میں چھان لیں اور چھالیاں سکھا لیں اور پانی میں انہیں استعمال کریں اگر پان کھانے کی عادت نہ ہو تو ان چھالیوں کو ایسے میں چبالیں۔ نقش دو عدد بنائیں ایک گلے میں ڈال لیں اور دوسرا نقش پانی میں بھگودیں۔ انشاء اللہ مذکورہ مرض سے نجات مل جائے گی پانی پینے کا عمل صرف ۳ دن کا ہے اس چھنے ہوئے پانی کو ۳ دن تک پینا ہے، چھالیاں ایک ہفتے تک کھانی ہیں اور گلے کا نقش چھ مہینے تک گلے میں رکھنا ہے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھو الشافی ھو الکافی بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ذاتی معلومات

سوال از: محمد خواجہ نجم الدین ـــــــــــ حیدرآباد

آٹھ سال سے طلسماتی دنیا کا خریدار، ماہانہ برابر پابندی سے۔ روحانی ڈاک کے ذریعہ چند سوالات چاہتا ہوں۔

(۱) محمد خواجہ شمس الدین والدہ مہر النساء بیگم مرحوم، عمر ۱۹۵۲ء، ۳۔ ۱۵ دن پیدائش پیر۔

(۲) محمد خواجہ نجم الدین والدہ تو حید آراء۔ تاریخ پیدائش ۸۰۔ ۴۔ ۲۹، دن منگل۔

دریافت طلب بات یہ ہے کہ آپ بتائیں کہ ان دونوں کا مفرد عدد، لکی عدد کیا ہے۔ ان کا اسم اعظم کیا ہے اور ان ناموں کا برج اور ستارہ کونسا ہے اور ان کو کونسے پتھر راس آئیں گے اور نجم الدین کے لئے شادی کرنے کے لئے۔ یعنی لڑکی کے نام کا کونسا حرف راس آئے گا جیسا کہ ک، ف، ر، و، او غیرہ وغیرہ۔ اور اگر کچھ پڑھائی اسم یا پھر کوئی سورۃ اگر آپ پڑھنے کی اجازت دیں، کامیابی وکامرانی کے لئے تو عین نوازش ہوگی۔ برائے مہربانی ان سوالات کا جلد از جلد طلسماتی دنیا میں جوابات دیں تو عین کرم ہوگا۔

جواب

محمد خواجہ شفیع الدین کے نام کا مفرد عدد ایک ہے۔ ان کا برج حوت ستارہ مشتری ہے۔ مبارک حروف د اور ج ہیں۔ ان کو بفضل خداوندی پکھراج اور نیلم راس آئیں گے، جمعرات کا دن ان کے لئے اہم ہے، ان کی مبارک تاریخیں ایک، ۱۰، ۱۹ اور ۲۸ ہیں۔ ان کی غیر مبارک تاریخیں ... ۱۱ ہیں ان ... آپ ... اہم کام مبارک تاریخوں میں انجام دیجئے

Asim Jafri, Delhi

چاہئیں اور غیر مبارک تاریخوں میں اپنے اہم کام کرنے سے پرہیز رکھنا چاہئے۔ ۶ اور سات کا عدد ان کے لئے عمومی طور پر غیر مبارک ثابت ہوگا ان اعداد کے لوگوں سے اور چیزوں سے اگر پرہیز رکھیں گے تو انشاءاللہ ان کے لئے بہتر ہوگا۔

اور یہ ناگہانی نقصانات سے محفوظ رہیں گے، عطارد اور زہرہ ان کے دشمن ستارے ہیں اس لئے اگر یہ اپنے اہم کاموں کو بدھ اور جمعہ کے دن نہ کریں تو ان کے لئے بہتر رہے گا۔ ان کا اسم اعظم "یامجیب" ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد ۵۵ مرتبہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔ ان کا لکی عدد ۹ ہے۔

محمد خواجہ نجم الدین کے نام کا مفرد ۴ ہے۔ ان کا برج ثور اور ستارہ زہرہ ہے، ان کے لئے مبارک حروف ب او رو ہیں۔ ان کو بفضل خداوندی عقیق، پنا اور مونگا راس آئیں گے۔ جمعہ کا دن ان کے لئے اہمیت کا حامل ہے۔ ان کی مبارک تاریخیں ۴، ۱۳، ۲۲ اور ۳۱ ہیں۔ ان کو اپنے اہم کام ان ہی تاریخوں میں انجام دینے چاہئیں۔ ان کی غیر مبارک تاریخیں ۹، ۲۴، ۲۵ اور ۲۸ ہیں۔ ان تاریخوں میں ان کو اہم کام کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔ ان کا لکی عدد ۶ ہے۔ ان کا دشمن عدد ۳ اور ۵ ہیں۔ ان اعداد کے لوگوں سے اور اشیاء سے خود کو دور رکھیں تاکہ خواہ مخواہ کی پریشانیوں سے محفوظ رہ سکیں۔

شمس و قمر ان کے دشمن ستارے ہیں اس لئے اتوار اور پیر کا دن ان کے لئے غیر مبارک ثابت ہوگا۔ ان کا اسم اعظم "یاعزیز" ہے عشاء کے بعد ۹۴ مرتبہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ تمام چیزیں اسباب اور احتیاط کے درجہ میں آتی ہیں۔ ویسے اس دنیا میں ہونی کو کوئی نہیں ٹال سکتا اور انہونی کا ہوجانا ممکن نہیں ہے۔

انٹرویو میں ناکامی

سوال از: نفیس احمد ـــــــ بھوپال

بخدمت عالی جناب مولانا صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دیگر احوال یہ ہے کہ میں ملازمت کے لئے انٹرویو دیتا ہوں لیکن بار بار ناکامی ملتی ہے۔ نوکری کے لئے انتخاب نہیں ہوتا ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ انٹرویو میں پاس ہونے کے لئے اور نوکری لگنے کے لئے کوئی وظیفہ بتادیں جس سے نوکری لگ جائے انٹرویو میں کامیابی ملے۔

جواب

اس عمل کو عشاء کے بعد [illegible] پڑھیں۔ اول و آخر [illegible]

مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل چالیس دن کا ہے۔ اگر چالیس دن کے دوران انٹرویو میں کامیابی مل جائے اور ملازمت لگ جائے تب بھی عمل چالیس دن تک جاری رکھیں۔ چالیس دن کے بعد اگر روزانہ اس عمل کو صرف ایک بار پڑھتے رہیں گے تو افسران اور حکام ہمیشہ خوش رہیں گے اور ملازمت میں ترقی ملتی رہے گی۔

عمل یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ○ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○

اگر اس عمل کو ایک ہزار مرتبہ نہ کرسکیں تو اس کو تین سو مرتبہ تو ضرور پڑھ لینا چاہئے۔ عجیب و غریب عمل ہے۔ اس عمل کی برکت سے نہ صرف انٹرویو میں کامیابی ملے گی بلکہ بعد میں افسران اور حکام اس درجہ خوش رہیں گے کہ سبھی کو حیرت ہوگی۔

آمدنی کے کم ہونے کا دکھ

سوال از: (نام مخفی، بھوپال)

بخدمت مولانا صاحب   السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نام چھپا رہا ہوں، جواب ضرور دیں، میں بہت پریشان ہوں۔ روزی تنگ ہوگئی ہے، فٹ پاتھ پر دکان لگاتا ہوں دھندہ نہیں چلتا اُدھار لے کر گزارا کر رہا ہوں۔ دو لڑکیاں بھی بالغ ہیں، شادی کا پیغام بھی نہیں آتا ہے۔ مولانا صاحب دعا فرمائیں روزی کے دروازے کھل جائیں، لڑکیوں کی شادی ہوجائے۔ پڑھنے کا وظیفہ بتادیں۔

جواب

روزانہ یامغنی تین سو مرتبہ عشاء کے بعد پڑھا کریں اور مندرجہ ذیل نقش ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاءاللہ کاروبار میں اضافہ ہوگا، خوب فروخنگی ہوگی اور خیر و برکت بھی رہے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۳	۲۷۸	۲۸۱	۲۶۷
۲۸۰	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۹
۲۶۹	۲۸۳	۲۷۶	۲۷۲
۲۷۷	۲۷۱	[illegible]	۲۸۲

Asim Jafri, Delhi

لڑکیوں کی شادی کے لئے گھر میں ہر بدھ کو سورۂ یوسف کی تلاوت کریں۔ اگر لڑکیاں خود کرلیں تو اچھا ہے ورنہ گھر کا کوئی بھی فرد سورۂ یوسف کی تلاوت کرکے لڑکیوں کی شادی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ ۳ ماہ کے اندر اندر اچھے پیغامات موصول ہوں گے۔ نماز کی پابندی رکھیں اگر ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی، ۳ مرتبہ سورۂ الم نشرح، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ۳ مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے کا معمول بنائیں تو رزق کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے اور آہستہ آہستہ آپ کی غربت ختم ہوجائے گی اور آپ مال دار ہوجائیں گے۔ یہ عمل بارہا کا آزمایا ہوا ہے، اس عمل کی مداومت سے کوئی بھی شخص مالدار بن سکتا ہے، ایمان ویقین کے ساتھ ہر فرض نماز کے بعد اس عمل کی پابندی رکھیں اور اللہ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

یاسلام کی زکوٰۃ

سوال از: عبدالرشید نوری ــــــــــــ بھوپال

بخدمت شریف حضرت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

التجا ہے، حضرت اسم باری تعالیٰ یاسلام کا مکمل وظیفہ کیا ہے۔ یاسلام کا حرفی اور عددی نقش کس طرح لکھا جاتا ہے۔ یہ نقش کس کام کے لئے ہے۔ براہ کرم مکمل عمل مع نقش کے ماہنامہ طلسماتی دنیا میں شائع کریں۔ عین نوازش وکرم ہوگا۔

جواب

''یاسلام'' کا پہلا چلہ اس طرح کریں کہ روزانہ ''یاسلام'' ۱۳۱ مرتبہ پڑھا کریں۔ دوسرا چلے میں ''یاسلام'' ۵۵۱ مرتبہ پڑھیں۔ تیسرے چلے میں ''یاسلام'' ۲۶۲۰ مرتبہ پڑھا کریں۔ ''یاسلام'' کے ورد سے عافیت اور سلامتی عطا ہوتی ہے اور جسم وروح ہر طرح کے امراض اور اثرات بد سے محفوظ رہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے ۹۹ صفاتی نام میں ہر اسم الٰہی کا ایک مؤکل ہے اور ''یاسلام'' کا مؤکل تمام اسماءِ الٰہی کے مؤکلین کا بادشاہ ہے۔ اکابرین ''یاسلام'' کے وظیفے کو اپنے معمولات میں شامل رکھتے تھے اور ایک دعا جو احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ ہے وہ بھی ''یاسلام'' کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے اور یہ دعا ہر فرض نماز کے بعد عمومی طور پر پڑھی جاتی ہے۔

دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ۔

یاسلام کا نقش عددی یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۳۹	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۶	۳۸
۳۰	۳۳	۴۱	۲۷
۴۰	۲۸	۲۹	۳۴

نقش حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

س	ل	ا	م
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا
ا	م	س	ل

نقش ذوالکتابت یہ ہے۔

۷۸۶

س	ل	ا	م
۲	۳۹	۶۱	۲۹
۳۸	۰	۳۲	۶۲
۳۱	۶۳	۳۷	۰

علم جفر کیا ہے، کیا ضروری ہے بخور روشن کرنا

سوال از: سید ابوبکر رامی ــــــــــــ سیونہ

عرض سوال ہے کہ میں پہلی مرتبہ خط روانہ کررہا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ آپ میرا خط قبول کریں گے۔ جناب عامل صاحب میں آپ سے بخور کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ آپ اللہ کے لئے میری رہنمائی فرمائے، جس عمل میں بخور روشن کرنے کے لئے بتایا گیا ہے کیا وہی بخور روشن کرنا ضروری ہے یا پھر کوئی اور آپ اس کے مطلق آپ میری رہنمائی فرمائیں۔ عین کرم ہوگا اور مجھ کو علم جفر کے بارے میں بھی معلومات مرحمت فرمادیجئے۔ ہم سب دوستوں کی خواہش یہ ہے کہ آپ ہمارا خط ایک ساتھ طلسماتی دنیا میں شائع کردیجئے۔ آپ سے امید ہے کہ [illegible] امید [illegible] آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے، آمین۔

Asim Jafri, Delhi

جواب

اگر کسی بھی کتاب میں عمل کے دوران کسی خاص بخور کا ذکر کیا گیا ہے تو اسی بخور کو جلانا چاہئے۔ اس میں تبدیلی کرنا ٹھیک نہیں ہے اگر عمل اور ہر ستارے کا بخور الگ ہوتا ہے۔ بخور روشن کرنے سے روحانیت حاضر ہوتی ہے۔ جو لوگ اپنی مرضی سے کوئی سی بھی دھونی لیتے ہیں وہ اپنے عمل کو کمزور کردیتے ہیں۔ بخور کی تفصیلات فن کی کتابوں میں دیکھیں یا راقم الحروف کی مرتب کردہ تحفۃ العاملین کا مطالعہ کریں۔

علم جفر کیا ہے؟ اور اس سے کیا کیا فائدہ حاصل کئے جاسکتے ہیں۔
یہ سب کچھ جاننے کے لئے ماہنامہ طلسماتی دنیا کا "علم جفر" نمبر پڑھئے۔ انشاء اللہ اس کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ کو علم جفر سے متعلق سیکڑوں سوالوں کا جواب مل جائے گا اور آپ علم جفر کی اہمیت اور افادیت کے قائل ہوجائیں گے۔

رزق بڑھانے کا عمل

سوال از: روشن علی ———— دہلی

میرا کاروبار قابل رشک کاروبار تھا اس کاروبار کے ذریعہ میں نے کئی جائیدادیں خریدیں، دو بہنوں کی شادی، خود اپنی شادی میں کافی روپیہ خرچ کیا، کئی رشتے داروں کی مدد کی لیکن پچھلے سال سے میرا کاروبار نہ ہونے کے برابر ہوگیا ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ یہ دیکھ کر بتائیں کہ کسی نے کوئی بندش تو نہیں کردی ہے اور کاروبار کی ترقی کے لئے کوئی عمل بھی تحریر فرمادیں۔ جلد ہی دیوبند آکر آپ سے ملاقات کروں گا۔

جواب

جس وقت کاروبار شباب پر ہو اس وقت ہمیشہ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ زکوٰۃ کی ادائیگی پورے حساب سے بروقت کرتے رہیں اور اپنے متعلقین کے حقوق ذمہ داری سے ادا کرتے رہیں۔ متعلقین میں ماں باپ بیوی بچے اور دیگر اقارب اور پڑوسی بھی شامل ہیں۔ اگر آپ ایسا کریں گے تو کبھی بھی کوئی کرنی کوئی بندش آپ پر اثر انداز نہیں ہوگی۔ عشاء کی نماز کے بعد "یالطیف" ۱۲۹ مرتبہ پڑھنے کے بعد ۱۱ مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ پڑھا کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھا کریں۔ انشاء اللہ بندشوں اور گردشوں سے نجات ملے گی اور کاروبار پھر چل پڑے گا۔

☆☆☆☆☆

ماہنامہ طلسماتی دنیا کے مدیر اعلیٰ

ہاشمی روحانی مرکز، دیوبند کے سرپرست اعلیٰ

محسنِ ملت مولانا حسن الہاشمی کا

سفر ممبئی

اکتوبر میں کسی وجہ سے مولانا ممبئی نہیں آسکے۔ ادارہ معذرت چاہتا ہے، انشاء اللہ مولانا حسن الہاشمی ۱۱ دسمبر ۲۰۱۰ء سے ۲۵ دسمبر ۲۰۱۰ء تک ممبئی میں مقیم رہیں گے۔ مولانا کا یہ سفر روحانی تحریک کو تقویت پہنچانے کے لئے کیا جارہا ہے۔

جو لوگ کرنی کرتوت، آسیبی اثرات یا کسی بھی طرح کی آفت یا الجھن کا شکار ہوں وہ ممبئی میں مولانا حسن الہاشمی سے رابطہ قائم کریں۔

روحانی تحریک کے ساتھ ساتھ مولانا حسن الہاشمی کا ہندوستان کے تمام باشندوں کے لئے ذاتی پیغام یہ ہے کہ وہ اپنے ملک سے محبت کریں اور ملک کو مضبوط کرنے کے لئے آپسی نفرت کو ختم کردیں اور خیر سگالی کے کاموں کو بڑھاوا دیں اور ملک کی سلامتی اور بقا کے لئے ہر طرح کی قربانی دینے کے لئے ہمیشہ تیار رہیں۔ ممبئی میں رابطہ قائم کرنے کے لئے اس فون پر بات کریں۔

فون: 24463593 موبائل: 09897648829

جاری کردہ:

منیجر ہاشمی روحانی مرکز، دیوبند

Asim Jafri, Delhi

آخری قسط

مخزن العجائب

حسن الہاشمی

کشادگی رزق کے لئے

اگر کوئی شخص فقر وفاقہ میں مبتلا ہو اور رزق میں تنگی ہو اور کوشش کرنے کے باوجود بھی اس کا کاروبار نہ چلتا ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز فجر سے پہلے آسمان کے نیچے ننگے سر کھڑے ہو کر یہ آیت پڑھے وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ پانچ سو مرتبہ پڑھے اول وآخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد دعا مانگ کر نماز فجر ادا کرے، اللہ تعالیٰ غربت وافلاس سے نجات عطا فرمائے گا اور رزق میں زبردست اضافہ ہوگا۔ اس عمل کو لگاتار ۲۱ راتوں تک جاری رکھے۔

خیر وبرکت کے لئے

اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ آمدنی اچھی خاصی ہوتی ہے لیکن خیرو برکت نہ ہونے کی وجہ سے مسائل نمٹنے نہیں پاتے۔ ایسی صورت میں اس نقش کو فریم میں لگا کر گھر کی دیوار پر آویزاں کریں۔ انشاء اللہ خیرو برکت ہوگی اور مسائل حل کرنے کے بعد بھی ہاتھ خالی نہیں رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ب س س ال اہ

ال وم س ع ح

ل ج ل ال ہ

تنگدستی دور کرنے کا عمل

ظہر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھنے کا معمول رکھیں۔ انشاء اللہ تنگدستی سے نجات ملے گی اور روز بروز رزق میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

رزق میں وسعت کا عمل

کسی خالی مکان میں جس ... لیس ...

روزانہ سورۂ یٰسین پڑھیں، اول اور آخر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس عمل کو اکتالیس دن تک جاری رکھیں، اس کے بعد اسی مکان میں صرف سات مرتبہ چراغ روشن کرکے عشاء کے بعد سورۂ یٰسین پڑھیں، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر ہمیشہ اپنی رہائش گاہ پر سورۂ یٰسین صرف ایک مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ دولت موسلا دھار بارش کی طرح برسے گی۔

عمل رزق

ایک تازہ گلاب کا پھول لے کر پہلے تین مرتبہ اس پر درود شریف پڑھ کر دم کریں، پھر اکیس مرتبہ اللّٰہ ناصرٌ اکیس مرتبہ اللہ حافظٌ اور سو مرتبہ اللّٰہ الصمد کا وظیفہ کریں، پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کردیں اور وقفے وقفے کے ساتھ اس کو سونگھتے رہیں، جب پھول مرجھا جائے تو اس کو کھالیں۔ یہ عمل ربیع الاول کے مہینے میں ہر جمعرات کو کرنا ہے۔ انشاء اللہ رزق میں زبردست فراخی پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

نقشِ رزق

ان دونوں نقش کو لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ غربت وافلاس سے نجات ملے گی اور رزق کے دروازے ہر طرف سے کھلیں گے۔ صاف محسوس ہوگا کہ غیبی امداد ہو رہی ہے۔

نقش ...

Asim Jafri, Delhi

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
و	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

۷۸۶

ف	ت	ا	ح
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

دولت میں اضافے کے لئے

کسی خاص مقررہ وقت پر مکمل تنہائی میں قبلہ رو ہو کر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر پانچ سو ایک مرتبہ یہ دعا پڑھیں: یَا دَائِمَ الْعِزَّةِ وَالْبَقَاءِ وَ یَا وَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ وَ یَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ اٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ یَا مُتَکَفِّلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ الْغَفَّارُ ذَالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا صَمَدُ۔

دکان میں فروختگی زیادہ ہو

کسی دوکان میں گراہک کم آتے ہوں یہ نقش لکھ کر دیوار پر آویزاں کریں اور ایک نقش لکھ کر پانی میں پکا کر اس پانی کو فروخت کرنے والی تمام چیزوں پر چھڑک دیں۔ انشاءاللہ فروختگی میں اضافہ ہوگا اور گراہکوں کی کثرت رہے گی۔

۷۸۶

۱۵۰	۱۶۳	۱۶۰	۱۵۷
۱۶۱	۱۵۶	۱۵۱	۱۶۲
۱۵۵	۱۵۸	۱۶۵	۱۵۲
۱۶۴	۱۵۳	[illegible]	۱۵۹

ملازمت کا حصول

عشاء کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد ایک تسبیح اس عمل کی پڑھیں اور اس عمل کو گیارہ دن تک جاری رکھیں۔ انشاءاللہ گیارہ دن میں ملازمت مل جائے گی۔ عمل یہ ہے: یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ یَا رَبِّ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

برائے حصولِ فتوحات

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کرنا ہے، شب جمعہ میں رات کو ۱۲ بجے کے بعد دو رکعت نفل ادا کر کے اس کا ثواب اہل بیت کو پہنچا دیں۔ اس کے بعد ۲۱ مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا پڑھ کر ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں، آخر میں ۲۱ مرتبہ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا پڑھ کر مندرجہ ذیل نقش ۲۱ مرتبہ لکھ کر مٹا دیں، ایک ایک مرتبہ نقش لکھتے رہیں اور مٹاتے رہیں۔ ایسی چیز پر لکھیں کہ مٹانا آسان ہو، نقش کو کاٹیں نہیں مٹائیں، اس عمل کو ۲۱ راتوں تک جاری رکھیں۔ ۲۲ویں روز ۲۲ نقوش لکھیں، ۲۱ نقش آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اور ۲۲واں نقش اپنے پاس رکھیں۔ انشاءاللہ فتوحات شروع ہوں گی۔

۷۸۶

۲۸	۲۳	۲۴
۲۱	۲۵	۲۹
۲۶	۲۷	۲۲

ملازمت ملنے کا عمل

اگر کسی کو ملازمت تلاش بسیار کے بعد بھی نہ ملتی ہو تو اس نقش کو کسی عامل سے بنوا کر یا خود بنا کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں اور اگلے دن سے نو نقش روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں اور ان نو دنوں میں روزانہ عشاء کی نماز کے بعد نو سو [illegible] اَسْبَاب" پڑھا کریں، اول و آخر نو

Asim Jafri, Delhi

مرتبہ درود شریف پڑھا کریں، انشاء اللہ ملازمت بھی مل جائے گی۔

۷۸۶

یاوھاب	۱۷۳۲۶	۱۷۳۲۳	۱۷۳۱۹
۱۷۳۲۴	۱۷۳۱۸	۱۷۳۱۳	۱۷۳۲۵
۱۷۳۱۷	۱۷۳۲۱	۱۷۳۲۸	۱۷۳۱۴
۱۷۳۲۷	۱۷۳۱۵	۱۷۳۱۶	۱۷۳۲۲

رزق کی فراوانی کے لئے

نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کر کے ۱۴ دن تک جاری رکھنا ہے۔ نماز فجر کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۂ نصر پڑھیں اور اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ظہر کی نماز کے بعد سورۂ نصر ۲۲ مرتبہ پڑھیں، اول و آر درود شریف ۲۲ مرتبہ پڑھیں۔ عصر کی نماز کے بعد سورۂ نصر ۲۳ مرتبہ پڑھیں اور اول آخیر درود شریف بھی ۲۳ مرتبہ پڑھیں۔ مغرب کی نماز کے بعد سورۂ نصر ۲۴ مرتبہ پڑھیں اول و آخیر درود شریف بھی ۲۴ مرتبہ پڑھیں، عشاء کی نماز کے بعد سورۂ نصر ۲۵ مرتبہ پڑھیں، اول و آخیر درود شریف بھی ۲۵ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ان ۱۴ دنوں میں اثر ظاہر ہوگا۔

مالامال کر دینے والا عمل

نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کرنا ہے اور روزانہ ۶۴ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں، روز کے ڈالیں ورنہ سارے اکھٹے ایک دن میں ڈال دیں۔ آخری دن ۶۵ نقش لکھیں اور ۶۵ واں نقش ہمیشہ پاس رکھیں، انشاء اللہ ۷ دن میں کامیابی ملے گی اور دولت ہر طرف سے برسنی شروع ہوگی۔

۷۸۶

۱	۶۶۴۸	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۶۶۴۷
۶	۹	۶۶۵۰	۳
۶۶۴۹	۴	۵	۱۰

ادائیگی قرض کے لئے

اگر کوئی شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا اور آمدنی محدود ہونے کی وجہ سے قرض کی ادائیگی نہ ہو پا رہی ہو تو نوچندی اتوار سے یہ عمل شروع کر کے ۴۱ دن تک جاری رکھے، اول و آخر روزانہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ اس دوران قرض کی ادائیگی کا انتظام غیب سے ہوگا یا اسباب اس طرح بنیں گے کہ عقل حیران ہوگی۔

کشائش رزق کے لئے

رزق میں وسعت اور کشادگی پیدا کرنے کے لئے قرآن حکیم کی یہ آیت ۱۲۰ مرتبہ پڑھیں۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ اس عمل کو عروج ماہ سے شروع کر کے لگاتار ۱۲۰ دن جاری رکھیں۔ اول و آخیر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ رزق میں وسعت پیدا ہوگی۔

وسعتِ رزق کے لئے

جمعہ کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ دعا پڑھیں، اول و آخیر ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ چار جمعہ گزرنے سے پہلے ہی دعا قبول ہو جائے گی اور رزق کے لئے راستے کھل جاتے ہیں۔ دعا یہ ہے: یَامُفِیْدُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرحم الراحمین۔

کثرتِ رزق کے لئے

کسی پنج وقتہ نمازی کے کرتے کے دامن پر یہ آیت لکھ کر دکان میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ خوب بکری ہوگی اور خوب دولت برسے گی۔ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔

رزق میں کشادگی کے لئے

ان کلمات کو سو مرتبہ پڑھنے کے بعد مندرجہ ذیل نقش بنائیں، پھر اس نقش پر ۱۰۰ مرتبہ یہی کلمات پڑھ کر دم کریں اور نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ رزق

Asim Jafri, Delhi

میں زبردست اضافہ ہوگا۔ کلمات یہ ہیں: یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْدِی الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۵۲	۹۵۵	۹۵۸	۹۴۴
۹۵۷	۹۴۵	۹۵۱	۹۵۶
۹۴۶	۹۶۰	۹۵۳	۹۵۰
۹۵۴	۹۴۹	۹۴۷	۹۵۹

یا کبیر انت الذی لا تہدی العقول عظمتہ

کاروبار میں ترقی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش دو عدد تیار کریں۔ ایک نقش اپنے گلے میں ڈالیں اور دوسرا نقش کاروبار کی جگہ پر لٹکادیں۔ دونوں نقش ہرے کپڑے میں پیک ہوں گے۔ اس کے بعد نماز فجر کے بعد "یَا بَاسِطُ" ۷۲ مرتبہ اور عشاء کی کے بعد "یَا لَطِیْفُ" ۱۲۹ مرتبہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔ نقش یہ ہے

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۴۹۴	۴۹۷	۵۰۱	۴۸۷
۵۰۰	۴۸۸	۴۹۳	۴۹۸
۴۸۹	۵۰۳	۴۹۵	۴۹۲
۴۹۶	۴۹۱	۴۹۰	۵۰۲

عزرائیل اسرافیل

وسعت رزق کا ایک حیرت انگیز عمل

کسی بھی نوچندی جمعرات کی ساعت اول میں مشتری کا بخور روشن کر کے مندرجہ ذیل نقش گلاب وزعفران سے لکھیں، اگر سیب یا انار کے درخت کی لکڑی سے نقش لکھیں تو افضل ہے۔ روزانہ ۷۲ نقش لکھنے ہیں، روزانہ ۷۱ نقش آ[illegible] ان میں رکھ

آخری نقش کسی بھی طرح کھالیا کریں۔ آخری دن صرف ۷۱ نقش لکھیں اور آخری دن نقش کھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آخری دن جب دریا میں نقش بہائیں تو ایک نقش خود بخود کنارے کی طرف آجائے گا۔ اس کو اٹھا کر رکھ لیں اور اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ اس طرح اس عمل کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، اس کے بعد ۳ نقش روزانہ لکھتے رہیں اور اکٹھے کبھی بھی آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں۔ اگر نقش بہانے کے بعد واپس آتے ہوئے کوئی شخص ملے اور کچھ مانگے تو ہرگز ہرگز اس کو کچھ نہ دیں۔ روزانہ نقش لکھنے کے بعد تمام نقوش کو سامنے رکھ کر قرآن حکیم کی یہ آیت ۲۷ مرتبہ پڑھ کر ان پر دم کردیا کریں۔ آیت یہ ہے:: یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ اس عمل کو لگاتار ۲۷ دن تک کرنا ہے۔ ۲۷ دن کے بعد عامل کے لئے رزق ایسی ایسی جگہ سے ملے گا جہاں سے گمان بھی نہیں ہوگا اور عامل یہ نقش جس کو بھی لکھ کر دے گا وہ مالدار ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۲
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یا باسط یالومائیل	۳۰

بحق یا باسط الذی یبسط الرزق لمن یشاء بغیر حساب

وسعت رزق کے لئے مبارک نقش

اس نقش کو نوچندی اتوار کو پہلی ساعت میں گلاب وزعفران سے لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ رزق میں زبردست وسعت پیدا ہوگی۔ افضل یہ ہے کہ روزانہ اس آیت کو چالیس مرتبہ عشاء کے بعد پڑھنے کا معمول رکھیں۔ اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔

۷۸۶

۴۹۴	۴۹۷	۵۰۱	۴۸۷
۵۰۰	۴۸۸	۴۹۳	۴۹۸
۴۸۹	۵۰۳	۴۹۵	۴۹۲
۴۹۶	۴۹۱	[illegible]	۵۰۲

Asim Jafri, Delhi

دولت حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص روزگار نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہو یا آمدنی نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہو تو ایسے شخص کو چاہئے اس نقش کو لکھ کر کسی فریم میں جڑوا کر گھر کی دیوار پر آویزاں کردیں اور ہر جمعرات کو اس کے نیچے اگربتی جلا کر دھواں دیں۔ انشاء اللہ روزگار مل جائے گا، یا غیر محدود آمدنی کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔ انتہائی مجرب نقش ہے۔ بزرگوں کا عطیہ ہے، اس کی قدر کرنی چاہئے۔

۷۸۶

		۱۳	
۶	۱۰	۴	
		۷	
	۹	۳	۸
	۱		

قرض کی ادائیگی کا عمل

اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرض ادا ہونے کی سبیل پیدا نہ ہو تو اس شخص کو نوچندی جمعرات کو گلاب و زعفران سے لکھ کر درمیان نقش کے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے گلے میں ڈالیں اور روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ یہ دعا پڑھتے رہیں: اللّٰھم اکفنی بحلالك عن حرامك و اغننی بفضلك عمّن سواك.

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۱۹	۷۲۳	۷۲۶	۷۱۲
۷۲۵	۷۱۳	۷۱۸	۷۲۴
۷۱۴	۷۲۸	۷۲۱	۷۱۷
۷۲۲	۷۱۶	۷۱۵	۷۲۷

اللّٰھم اکفنی بحلالک عن حرامک و اغننی بفضلک

فلاں ابن فلاں

حصولِ حاجات اور حصولِ دولت

یہ ایک ختم شریف ہے جو حصولِ حاجت اور حصولِ دولت کے لئے کیا جاتا ہے اور اس ختم شریف کی برکت سے تمام حاجتیں پوری ہوجاتی ہیں اور مال و دولت انسان کے دامن میں سمٹ آتا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں کہ ہر دو رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ یہ آیات پڑھیں: قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. تُوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَ تُوْلِجُ النَّھَارَ فِی اللَّیْلِ وَ تُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْمَیِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ.

نماز سے فارغ ہونے کے بعد دس بار پڑھیں۔

اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ اَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

پھر دس بار پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

پھر سجدے میں جاکر دس بار یہ پڑھیں:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَھَبْ لَنَا مُلْكًا لَّا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ اس ختم کو لگاتار دس دن تک کرنا چاہئے، اس کی برکت سے تمام مرادیں پوری ہوتی ہیں اور رزق کے لئے ہر طرف سے دروازے کھل جاتے ہیں۔

ختم برائے وسعتِ رزق

بعض اکابرین کا فرمان ہے کہ رزق میں وسعت اور کشادگی پیدا کرنے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد ۲۳۸۵ مرتبہ ان اسماء الٰہی کا ورد کرنا چاہئے۔ یاکافیُ یا غنیُ یافتاحُ یارزاقُ اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہئے۔

عمل برائے دفع غربت

یہ عمل برائے دفع غربت بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ عمل یہ ہے روزانہ بعد نماز عشا سورہ واقعہ ایک مرتبہ، سورۂ مزمل ایک مرتبہ، سورہ واللیل ایک مرتبہ، سورہ الم نشرح ایک مرتبہ پڑھنی چاہئے اور آخر میں

Asim Jafri, Delhi

یہ دعا پڑھنی چاہیے یَا رَزَّاقَ السَّائِلِیْنَ یَا اَرْحَمَ الْمَسَاکِیْنِ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ طَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ یَا اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ۔

برائے نجات از غربت

غربت و افلاس سے نجات حاصل کرنے کے لئے روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ۳۰ مرتبہ یہ کلمات پڑھیں: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔

دولت وعزت حاصل کرنے کے لئے

ایک کاغذ پر "نجوم" لکھ کر دیوار پر چسپاں کریں اور روزانہ اس کی طرف دیکھ کر ۴۰ مرتبہ یہ آیت پڑھیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَ تُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ ۴۰ دن تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے دولت بھی ملے گی اور عزت ومقبولیت بھی۔

روزی کی فراخی کے لئے

۲۸ دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ روزی میں زبردست اضافہ ہوگا اور تمام مسائل باذن اللہ حل ہوجائیں گے۔

(۱) سنیچر کے دن ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

(۲) اتوار کے دن یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

(۳) پیر کے دن ایک ہزار مرتبہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(۴) منگل کے دن ایک ہزار مرتبہ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

(۵) بدھ کے دن ایک ہزار مرتبہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

(۶) جمعرات کے دن [illegible]

(۷) جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

رزق اور روزگار کی کشادگی کے لئے

یہ عمل اکابرین کا خاص عطیہ ہے۔ اس عمل کی برکت سے رزق میں زبردست اضافہ، وسعت اور کشادگی پیدا ہوتی ہے۔ یہ عمل ۲۸ دن تک جاری رکھنا ہے۔ اس دوران اس بات کی کوشش کریں کہ کوئی نماز قضا نہ ہو، پانچوں وقت کی نمازیں باجماعت ادا کریں۔ نوچندی اتوار کو اس عمل کی شروعات کریں۔ روزانہ یہ عمل ایک وقت مقرر کرکے ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔ ۲۸ دن کے بعد روزانہ صرف سو مرتبہ پڑھنا ہے۔ یہ عمل سورۂ فاتحہ کا ہے۔ اور ہفتے کے سات دنوں میں حسب ذیل طریقہ سے سورۂ فاتحہ کو پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے اور دولت کا ڈھیر لگ جائے گا۔

اتوار کے دن ایک ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَجِبْ یَا رُوْقِیَائِیْلُ سَامِعًا وَ مُطِیْعًا بِحَقِّ یَا اَبْجَدُ

پیر کے دن ایک ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا رَؤُوْفُ یَا عَطُوْفُ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ سَامِعًا وَ مُطِیْعًا بِحَقِّ ھَوَّزْ۔

منگل کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھنا ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ اجب یاسمعائیل سامعاً و مطیعاً بحق یا طَیْکَلْ

بدھ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یاسریعُ یا قریبُ اجب یا میکائیل سامعاً و مطیعاً بحق یامنسع۔

جمعرات کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ یاقادر یا مقتدر اجب یا فرمائیل سامعاً و مطیعاً بحق فَسْقَر۔

جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھیں: صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ اجب یا کمکائیل سامعاً و مطیعاً بحق یاشتخ

[illegible] یہ پڑھیں: غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ

Asim Jafri, Delhi

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ یاقائم یاعزیز احب یاعزوالبل سامعاً و مطیعاً بحق باذضظغ۔

حالات کی بہتری کے لئے

جو شخص تنگی رزق میں مبتلا ہو اور جس شخص کے حالات رزق کی کمی کی وجہ سے ابتر ہوں اس کو یہ عمل کرنا چاہئے، اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ حالات سدھر جائیں گے اور رزق میں اور ترقی میں نیز عزت و مقبولیت میں زبردست اضافہ ہوگا۔ عمل یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش نوچندی جمعرات کو مشتری کی ساعت میں لکھیں اور نقش لکھتے وقت عود اور عنبر کی اگربتی روشن کریں۔ اس نقش کو ہر کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر باندھیں اور روزانہ ۹۶ مرتبہ "یاباسط یاودود" پڑھا کریں۔ انشاء اللہ حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے اور رزق و عزت میں زبردست اضافہ ہوگا۔

نقش یہ ہے

ب	ا	س	ط	و	د	و	د
ا	س	ط	و	د	و	د	ب
س	ط	و	د	و	د	ب	ا
ط	و	د	و	د	ب	ا	س
و	د	و	د	ب	ا	س	ط
د	و	د	ب	ا	س	ط	و
و	د	ب	ا	س	ط	و	د
د	ب	ا	س	ط	و	د	و

کشائش رزق کا سریع التاثیر عمل

سورۂ انفال میں ایک آیت ہے: اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ قرآن حکیم میں دیکھ کر صحیح تلفظ کے ساتھ یاد کرلیں۔ عمل کی تیاری کے لئے ڈھائی گز کی لمبی سفید چادر خرید لیں اور اس کو کفن کی طرح یا احرام کی طرح تیار کرلیں۔ رات کو ایک بجے غسل کر کے چادر باندھیں اور ایک چادر پہن لیں اس کے بعد [illegible]

جا کر مکمل تنہائی میں قبلہ رو ہو کر کھڑے ہو جائیں اور گردن جھکا کر اپنے دونوں ہاتھ اٹھائیں اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۲۷ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں اور ۲۷ مرتبہ یاباسط پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار ۲۱ دن تک کریں۔ انشاء اللہ رزق کے راستے کھلیں گے، پرہیز کوئی نہیں اس دوران گوشت کا پرہیز رکھیں تو بہتر ہے۔

ملازمت میں ترقی کے لئے ایک مجرب عمل

ملازمت میں ترقی کے لئے یہ عمل حیرت انگیز عمل ہے اور اس عمل کے ذریعہ ملازمت میں زبردست استحکام اور زبردست ترقی ملتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ قرآن حکیم کی یہ آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر مندرجہ ذیل نقش تیار کر کے ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ ملازمت میں استحکام پیدا ہوگا اور ترقی بھی یقیناً ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا اللہ

وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ	قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ	اِنَّكَ
بِيَدِكَ الْخَيْرُ	وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ	وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ
تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ	مِمَّنْ تَشَاءُ

بحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم

بحالی روزگار

اگر کسی شخص کو کسی ملازمت سے الگ کر دیا گیا ہو تو اس ملازمت کی بحالی کے لئے یہ عمل کرے۔ عمل کے لئے جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے، شب جمعرات کو بستر پر لیٹنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف سو مرتبہ، کلمہ تمجید سو مرتبہ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ. قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ. وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ نُصِيْبُ

Asim Jafri, Delhi

برحمتنا من نشاء ولا نضیع اجر المحسنین۔ سو مرتبہ اللہ اکبر، سو مرتبہ سبحان اللہ، سو مرتبہ الحمدللہ سو مرتبہ استغفار، دس مرتبہ چہل کاف اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سو جائیں اور اگلے دن ظہر اور عصر کے درمیان اس ورد کو دہرائیں، پھر اس پورے عمل کو سفید کاغذ پر گلاب و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کرنے کے بعد ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ ملازمت جلد ہی بحال ہوجائے گی۔

دکان کی خیر و برکت کے لئے

اس نقش کو دکان کے چاروں کونوں میں آویزاں کریں، انشاء اللہ خوب برکت ہوگی اور فروختگی میں بھی اضافہ ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۲	۵۵۵	۵۶۰
۵۵۷	۵۵۹	۵۶۱
۵۵۸	۵۶۳	۵۵۶

دکان کی ترقی کے لئے

دکان کی ترقی کے لئے مندرجہ ذیل نقش دو تیار کئے جائیں، دونوں کو ہرے کپڑے میں پیک کرلیں۔ ایک مالک کے دائیں بازو پر باندھ دیں اور ایک نقش دکان میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ دکان میں ترقی ہوگی، نقش کو اگر نوچندی جمعرات میں لکھیں تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۵۰	۱۶۳	۱۶۰	۱۵۷
۱۶۱	۱۵۶	۱۵۱	۱۶۲
۱۵۵	۱۵۸	۱۶۵	۱۵۲
۱۶۴	۱۵۳	۱۵۴	۱۵۹

دولت مند بننے کے لئے

نوچندی جمعرات کو غسل [illegible] نفل نماز ادا کرے، اس کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر ۷۸۶ مرتبہ چہل کاف مع بسم اللہ پڑھے۔ آخیر میں سو مرتبہ "یالطیف، یاطاطائیل" پڑھے، اس کے بعد ۱۰ مرتبہ یہ کلمات ادا کرے۔ یالطیف الطفنی بلطفک اور دس مرتبہ یہ کلمات زبان سے ادا کرتے وقت اس نقش پر نظر رہے، اس نقش کو باوضو ہوکر اپنے سامنے کھلا رکھ لے۔ اس کے بعد ہمیشہ "یالطیف یاطاطائیل" سو مرتبہ اور "یالطیف الطفنی بلطفک یالطیف" دس مرتبہ پڑھتا رہے اور نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عمل کے شروع کے آخر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ نقش یہ ہے۔

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

چہل کاف یہ ہیں: کفاک ربک کم یکفیک واکفۃ کفکافہا ککمین کان من لکلک نکر کرا ککر الکر فی کبد تحکی مشککۃ کلکلک لکلک کفاک مافی کفاک الکاف کربتہ یا کوکبا کان یحکی کوکبا الفلک۔

حفظ و امان اور ترقی کے لئے

اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس نقش روزانہ چالیس دن تک لکھے۔ نقش ہمیشہ باوضو لکھے، چالیس دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ ایک مرتبہ یہ نقش لکھتا رہے۔ تمام نقوش آٹے میں گولیاں بناکر پانی میں ڈال دے۔ اس کے بعد جس کو بھی یہ نقش دے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا اور کاروبار میں زبردست ترقی ہوگی۔ اس نقش کو مذکورہ مقاصد کے لئے ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

۷۸۶

جبرائیل

	۵۶۲	۵۵۵	۵۶۰	
اسرافیل	۵۵۷	۵۵۹	۵۶۱	عزرائیل
	۵۵۸	۵۶۳	۵۵۶	

میکائیل

Asim Jafri, Delhi

اعداد کی دنیا

قسط نمبر: ۵

حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند

پانچ کا عدد عطارد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۵ کا عدد سفر، اضطراب، چرب زبانی، بے باکی، بے وفائی اور دولت پرستی کی نمائندگی کرتا ہے۔ ۵ عدد والے لوگ اکثر سفر میں رہتے ہیں اور سفر کے دوران یہ کامیابیوں کی آخری حد کو چھو لیتے ہیں۔ ۵ عدد والے لوگ بے چینی اور اضطراب کا شکار نظر آتے ہیں، انہیں کسی پل قرار نصیب نہیں ہوتا، یہ لوگ ہلچل اور گرم جوشی کے قائل ہیں، یہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنے کو پسند نہیں کرتے، دولت کمانے کے لئے یہ ہر وقت خود کو حرکت میں رکھتے ہیں اور اپنے نشانے پورے کرنے کے لئے یہ ہر وقت اپنی عقل کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ ان کی جدوجہد مثالی ہوتی ہے اور ان کی قسمت اکثر و بیشتر قابل رشک۔ پانچ عدد کے لوگ کاروباری معاملات میں بڑا رسک مول لینے کے لئے تیار رہتے ہیں اور ان کا حوصلہ اس بارے میں قابل داد ہوتا ہے، یہ زیادہ منافع کی خاطر بڑے سے بڑا خطرہ مول لے لیتے ہیں۔

پانچ عدد کے لوگ اپنی شخصیت کے اعتبار سے پرکشش ہوتے ہیں اور بہت آسانی سے کسی کو بھی اپنا دوست بنا لیتے ہیں، تبدیلی اور جذباتی ہلچل ۵ عدد والوں کو مرغوب ہوتی ہے، آرام سے بیٹھنا ۵ عدد والوں کو پسند نہیں ہوتا۔ ۵ عدد کے لوگ اپنی لائن بدلنے میں دیر نہیں لگاتے، اگر انہیں کسی ایک لائن میں نقصان ہو رہا ہو تو یہ دوسرا راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ ۵ عدد کے لوگوں میں کسی قدر بے وفائی کا مادہ بھی ہوتا ہے، اگر کوئی ان کی نظروں سے اتر جائے تو بہت آسانی سے اسے اپنے دل سے نکال دیتے ہیں۔ ۵ عدد کے لوگ بیوی بچوں سے محبت کرتے ہیں، وہ اپنے بیوی بچوں کی خاطر کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ پانچ عدد کے لوگوں کے ذہن میں اگر کوئی منصوبہ آ جائے تو وہ اس کو جب تک عملی جامہ نہ پہنا لیں چین سے نہیں بیٹھ سکتے، ان لوگوں کی ایک خصوصیت یہ بھی ہوتی ہے کہ یہ لوگ دوستی کے معاملہ میں اپنی سوچ اور اپنی پرکھ کو اہمیت دیتے ہیں، ان لوگوں میں شخصیات کو پرکھنے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے، یہ سطحی طور پر سوچنے کے قائل نہیں ہوتے بلکہ یہ ہر بات کی گہرائی میں جا کر کوئی فیصلہ کرتے ہیں یہ سوچ وفکر کے اعتبار سے خودغرض ہو [illegible] عقل و خرد [illegible] انداز [illegible] کرتے ہیں اور کبھی کبھی یہ زعم اور یہ حد سے بڑھی ہوئی خود اعتباری ان سے غلط فیصلے بھی کرا دیتی ہے۔

پانچ عدد کے لوگ اگر کسی معاملے میں کامیاب ہونے کا ارادہ کر لیں تو وہ ضرور کامیاب ہو جاتے ہیں کیونکہ ان کی صلاحیتیں اور ان کی لگن انہیں کسی بھی معاملے میں محروم نہیں کرتی، ان کی جدوجہد ان کی بھاگ دوڑ انہیں کامرانیوں سے ایک نہ ایک دن ہمکنار کر دیتی ہے۔

پانچ عدد کے لوگ بطور پیشہ اور بطور ٹیچر دوسرے لوگوں کے مقابلے میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔ ۵ عدد کے لوگ دوسروں کے مقابلے میں اچھے استدلال کی اہلیت رکھتے ہیں، مجموعی اعتبار سے پانچ کا عدد اچھا عدد بھی ہے اور برا بھی، اگر اس عدد والے شخص پر کسی برائی یا کسی سوچ کا غلبہ ہو جائے تو کسی کی بھی پند و نصیحت اس کو راہ راست پر نہیں لا سکتی۔ پانچ کا عدد مقررین، سرکاری افسران، منتظمین، مالی ماہرین، سی اے، جج اور سیلز مین وغیرہ سے بطور خاص نسبت رکھتا ہے۔

اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۱۴ ہے تو آپ کو یقین رکھنا چاہئے کہ آپ کاروبار میں کبھی مار نہیں کھا سکتے، یہ عدد کاروبار میں تیزی سے سودے کرنے کے لئے مفید ہے، ہر طرح کی خرید و فروخت ۱۴ عدد کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے، بشرطیکہ خرید و فروخت پوری عجلت کے ساتھ ہو، زمین یا پراپرٹی تیزی سے خرید کر تیزی کے ساتھ فروخت کر دینے میں آپ کا فائدہ ہے کسی بھی پراپرٹی کو جو آپ نے برائے فروخت خریدی ہو۔ پانچ سال سے زیادہ اپنے پاس رکھنے کی غلطی نہ کریں۔ کیونکہ اس ۱۴ عدد کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ کسی بھی معاملے میں پانچ سال سے زیادہ ایک انداز پر نہیں رہنے دیتا۔ اس لئے کوئی بھی کاروباری معاہدہ پانچ سال سے زیادہ کا آپ نہ کریں اور کسی بھی چیز کو پانچ سال سے زیادہ رکھنے کی غلطی نہ کریں۔

۱۴ کا عدد طوفان، آگ اور دیگر خطرات سے بھی منسوب مانا گیا ہے، اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۱۴ ہے تو آپ کو طوفان، ہوا، آگ اور دیگر خطرات و حادثات سے بطور خاص اپنی حفاظت کرنی چاہئے۔

اگر آپ کی [illegible] ئش [illegible] ہے تو آپ بہت خوش نصیب ہیں۔

Asim Jafri, Delhi

علم الاعداد میں ۱۴ کے بعد ۲۳ کا عدد بہت مبارک مانا گیا ہے۔ یہ عدد کامیابی، شہرت اور دولت پر حکمرانی کرتا ہے۔ اگر آپ کی تاریخ پیدائش کا عدد ۵ ہے تو مذکورہ تمام خصوصیات آپ کے اندر موجود ہوں گی۔ آپ بھی خوش نصیبی سے سرفراز رہیں گے لیکن ۲۳ رتاریخ کے مقابلہ میں ۱۴ رتاریخ کو پیدا ہونے والے افراد کم خوش نصیب ہوتے ہیں البتہ ان کی حیثیت ۱۴ رتاریخ کو پیدا ہونے والے افراد سے زیادہ ہوتی ہے۔ اگر آپ کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۵ ہے تو ۵ عدد والے افراد سے دوستی آپ کو راس آئے گی۔ جن لوگوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۳ یا ۹ ہوگا وہ بھی آپ کی ہم نشینی کے قابل ہوں گے اور ان لوگوں کی قربت اور دوستی بھی آپ کے لئے سکون بخش اور مفید ثابت ہوگی۔ ایک، ۶، ۷ اور ۸ عدد والے لوگ آپ کے لئے نہ نقصان دہ ہوں گے اور نہ منفعت بخش۔ البتہ ۲ اور ۴ عدد والے افراد آپ کیلئے بہر اعتبار ضرر رساں ثابت ہوں گے۔

جن افراد کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۲ یا ۴ ہو، ان سے دور رہیں اور ان تمام چیزوں سے بھی پرہیز رکھیں جن کا مفرد عدد ۲ یا ۴ بنتا ہو۔ مثلاً فون کا نمبر، گھر اور آفس کا نمبر، کار وغیرہ کا نمبر۔ اگر ۲ یا ۴ ہوگا تو آپ کے لئے یہ چیزیں باعث رکاوٹ بنیں گی۔

پانچ عدد والوں کے لئے مبارک رنگ

سفید، گرے، چمکنے والے رنگ جیسے گولڈن اور سلور وغیرہ۔ ان رنگوں کو اہمیت دیں، لباس، گھر کے پردے، تکیہ کا غلاف، پلنگ کی چادر وغیرہ میں اگر ان رنگوں کو فوقیت دیں گے تو آپ کے لئے مفید ہوگا، گہرے رنگ ۵ عدد والوں کے لئے ضرر رساں ثابت ہوتے ہیں۔

موافق نگینے

۵ عدد والوں کو اللہ کے فضل وکرم سے ہیرا راس آتا ہے، چاندی اور پلاٹینم بھی ان لوگوں کی خوش حالی کا ذریعہ بنتا ہے۔ فیروزہ بھی ان لوگوں کو اللہ کے فضل سے راس آسکتا ہے

۵ عدد والے افراد کو ان اسماء الٰہی کا ورد راس آتا ہے

یَا وَهَّابُ ۱۴ مرتبہ، یَا بَصِیْرُ ۳۰۲ مرتبہ، یَا مَتِیْنُ ۵۰۰ مرتبہ، یَا وَاجِدُ ۱۴ مرتبہ، یَا بَاقِیُ ۱۱۳ مرتبہ، یَا وَارِثُ ۷۰۷ مرتبہ، یَا سَلَامُ ۱۳۱ مرتبہ، پڑھنے کا معمول بنائیں۔ عشاء کے بعد اگر پڑھیں تو فضل

شہید کربلا کا دفاع
اور عاشقان یزید کی خانہ تلاشی

مولانا منظور نعمانی کے صاحبزادے

اہل بیت رسول ﷺ کی شان میں گستاخیوں کا مدلل جواب

عتیق الرحمٰن سنبھلی کی

واقعہ کربلا کے پس منظر کا رد

از قلم
مولانا حسن احمد صدیقی
(فاضل دار العلوم دیوبند)

یہ کتاب علماء دیوبند کی خاموشی کا کفارہ ہے

اگر آپ کو فی الحقیقت خاندانِ رسول ﷺ سے محبت وعقیدت ہے تو اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں۔

اعلیٰ کتابت وطباعت قیمت مجلد۔ سو روپے (علاوہ محصولڈاک)

ناشر
مکتبہ روحانی دنیا دیوبند یوپی 47554
9359210273 موبائل 01336 224550

Asim Jafri, Delhi

قسط نمبر: ۵۵

کرشماتِ جفر

مقدمات میں کامیابی، ترقی رزق، محبت وتسخیر، فتوحات اور مقبولیت عامہ کے لئے ایک نادر تحفہ

رزق میں خیر وبرکت، آمدنی میں زبردست اضافے، باہمی تعلقات میں پختگی، لوگوں میں مقبولیت، اور فتوحات کے لئے ایک ایسا طریقہ قارئین کے لئے پیش خدمت کیا جارہا ہے جو روحانی تجربات کی کسوٹی پر پورا اترتا ہے اور جس کو کرنے کے بعد حیرت انگیز نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

یہ طریقہ پوشیدہ اور مخفی خزانوں کا ایک خاص حصہ ہے۔ جسے افادیت عامہ کے لئے نقل کیا جارہا ہے۔ اس روحانی طریقہ کی ۲۸ قسطیں پیش کی جائیں گی۔ اب تک گیارہ قسطیں پیش کی جاچکی ہیں۔ اس ماہ ۱۲ ویں قسط ہدیۂ ناظرین کی جارہی ہے۔ ان تمام قسطوں سے اپنے نام کے پہلے حرف کے مطابق استفادہ کریں۔ قارئین اس مضمون کی ہر قسط کو پوری گہرائی کے ساتھ پڑھیں تاکہ استفادہ کرتے وقت کوئی بھول چوک نہ ہوجائے۔ طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے طالب اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد برآمد کریں۔ مثلاً طالب کا نام سلیم احمد اور ماں کا نام عارفہ بیگم ہے۔ سلیم احمد کے اعداد ۱۹۳ ہیں اور عارفہ بیگم کے اعداد ۴۲۸ ہیں۔ دونوں کے مجموعی اعداد ۶۲۱ ہیں۔ چونکہ طالب کے نام کا پہلا حرف س ہے، اس لئے قرآن حکیم میں صرف س جتنی بار استعمال ہوا ہے اس تعداد کو ۶ سے ضرب دے کر جو تعداد برآمد ہوگی اس کو شامل کریں گے۔ قرآن حکیم میں صرف س ۵۹۹۱ مرتبہ آیا ہے۔ اس تعداد کو ۶ سے ضرب دے کر کل تعداد ۳۵۹۴۶ بنتی ہے۔ قرآن حکیم میں صرف دو سورتیں ایسی ہیں جن کے نام حرف س سے شروع ہوتے ہیں۔ ایک سورۂ سجدہ اعداد ۱۱۳۳۳۱، دوسری سورۂ سبا اعداد ۲۵۳۴۱۹، دونوں کے اعداد کی مجموعی تعداد ۳۶۶۷۵۰ جو اسماء الٰہی صرف س سے شروع ہوتے ہیں وہ ۳ ہیں۔ یا سمیع اعداد ۱۸۰۔ یا سلام اعداد ۱۳۱۔ یا ستار اعداد ۶۶۱۔ تینوں کے مجموعی اعداد ۹۷۲۔ ان سب کے مجموعی اعداد یہ بنتے ہیں۔

طالب اور والدہ کے اعداد ۶۲۱

حرف س سے شروع ہونے والی سورتوں کے اعداد ۶ سے ضرب دے کر ۳۵۹۴۶

جن سورتوں کے نام س سے شروع ہوتے ہیں ان کے اعداد ۳۶۶۷۵۰

اسماء الٰہی کے اعداد ۹۷۲

ٹوٹل ۴۰۳۲۸۹

ان میں سے وضع کیے ۶۰۰

باقی کو ۴ سے تقسیم کیا۔

```
۴) ۴۰۳۶۸۹ (۱۰۰۹۲۲
   ۴
   --
   ۰۰
   ۳۶
   ۳۶
   --
   ×۸
    ۸
   --
    ۹
    ۸
   --
    ۱
```

تقسیم کے بعد حاصل تقسیم ۱۰۰۹۲۲ آیا اور ایک باقی رہا۔ نقش کے پہلے خانہ میں ۱۰۰۹۲۲ رکھ کر ہر خانہ میں ۲۰ کا اضافہ کرتے رہیں گے۔ نقش میں چونکہ کسر آرہی ہے اس لئے ۱۳ ویں خانہ میں ۲ کے بجائے ۳ رکھیں گے۔ نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۱۰۰۹۲۲	۱۰۱۱۸۳	۱۰۱۱۲۲	۱۰۱۰۶۲
۱۰۱۱۴۲	۱۰۱۰۴۲	۱۰۰۹۴۲	۱۰۱۱۶۳
۱۰۱۰۲۲	۱۰۱۰۸۲	۱۰۱۲۲۳	۱۰۰۹۶۲
۱۰۱۲۰۳	۱۰۰۹۸۲	۱۰۱۰۰۲	۱۰۱۱۰۲

وکفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یہ نقش دو تیار کیے جائیں گے۔ ایک نقش طالب کے گلے میں ڈالیں اور ایک طالب کے گھر میں لٹکادیں، دونوں نقش ہرے کپڑے میں پیک ہوں گے۔ ان نقوش کو اگر اتوار کے دن تیار کریں تو بہتر ہے، اگر اتوار کے دن تیار نہ کریں تو کسی بھی دن ساعت شمس میں تیار کریں اور اگر نوچندی اتوار کو تیار کریں تو سونے پر سہاگہ۔

(باقی آئندہ)

☆☆☆☆☆☆☆

Asim Jafri, Delhi

ایک منہ والا ردراکش

پہچان

رودراکش پیڑ کے پھل کی گٹھلی ہے۔ اس گٹھلی پر عام طور پر قدرتی سیدھی لائنیں ہوتی ہیں۔ ان لائنوں کی گنتی کے حساب سے رودراکش کے منہ کی گنتی ہوتی ہے۔

فائدہ

ایک منہ والا ردراکش میں ایک قدرتی لائن ہوتی ہے۔ ایک منہ والے ردراکش کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو دیکھنے ہی سے انسان کی قسمت بدل جاتی ہے تو پہننے سے کیا نہیں ہوگا۔ یہ بڑی بڑی تکلیفوں کو دور کر دیتا ہے۔ جس گھر میں یہ ہوتا ہے اس گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے۔

ایک منہ والا ردراکش سب سے اچھا مانا جاتا ہے۔ اس کو پہننے سے بھی طرح کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں۔ چاہے وہ حالات کی وجہ سے ہوں یا دشمنوں کی وجہ سے۔ جس کے گلے میں ایک منہ والا ردراکش ہے اس انسان کے دشمن خود ہار جاتے ہیں اور خود ہی پسپا ہو جاتے ہیں۔

ایک منہ والا ردراکش پہننے سے یا کسی جگہ رکھنے سے ضرور فائدہ ہوتا ہے۔ یہ انسان کو سکون پہنچاتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ قدرت کی ایک نعمت ہے۔

ہاشمی روحانی مرکز نے اس قدرتی نعمت کو ایک عمل کے ذریعہ اور بھی زیادہ موثر بنا کر عوام کی خدمت کے لئے تیار کیا ہے اس مختصر عمل کے بعد اس کی تاثیر اللہ کے فضل سے دوگنی ہوگئی ہے۔

خاصیت: جس گھر میں ایک منہ والا ردراکش ہوتا ہے اللہ کے فضل سے اس گھر میں بفضل خداوندی خوشیاں اور سکون ہوتا ہے۔ ناگہانی موت سے حفاظت رہتی ہے، جادوٹونے اور آسیبی اثرات سے حفاظت رہتی ہے اور نجات بھی ملتی ہے، ایک منہ والا ردراکش بہت قیمتی ہوتا ہے اور بہت کم ملتا ہے۔ یہ چاند کی شکل کا یا کاجو کی شکل کا بھی ہوتا ہے جو کہ عام طور پر دستیاب ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ اصلی ایک منہ والا ردراکش جو گول ہونا ضروری ہے جو کہ مخصوص مقامات میں پایا جاتا ہے۔ جو کہ مشکل سے اور بہت کوششوں سے حاصل ہوتا ہے۔ ایک منہ والا ردراکش گلے میں رکھنے سے گلا کبھی پیسے سے خالی نہیں ہوتا۔ اس رودراکش کو ایک مخصوص عمل کے ذریعہ مزید معتبر بنایا جاتا ہے۔ یہ اللہ کی ایک نعمت ہے اس نعمت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں اور کسی وہم میں مبتلا نہ ہو۔

ملنے کا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی، دیوبند

[illegible] رابطہ قائم کریں 98970488[illegible]

Asim Jafri, Delhi

تسخیر مؤکلات

از حکیم غلام سرور شباب ماہر علوم مخفی

خدمت الملک، معروف

ہم نے یہ عمل اپنی کتاب "فیضان القرآن" حصہ اول میں بھی دیا ہے۔ ملک معروف سات زمینوں کے بادشاہوں کا قاضی ہے۔ اس کی خدمت حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب اس عمل کی ریاضت کا ارادہ کیا جائے تو بدن، کپڑے اور جگہ پاک وصاف ہوں۔ اور قسم پڑھی جائے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ ریاضت کے طور پر اور اس کی ابتدا عروج ماہ میں سوموار سے کرنا چاہئے اور سورۂ اخلاص پڑھی جائے اسماء سے پہلے۔ اس بات کو جمعرات کی رات عشاء کے بعد تک جاری رکھا جائے۔ اب خدمت الملک معروف کی ریاضت شروع ہوگئی۔ پھر خلوت میں داخل ہو جائیں اور کہیں میں نے اعتکاف کی نیت کی۔ جب بیٹھ جائیں تو پھر کہیں بسم اللہ والحمد للہ پھر قبلہ رو کھڑے ہو کر چھ رکعت نماز نفل ادا کریں۔ پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ اور سورۂ فتح کی پہلی تین آیات یعنی۔

اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا ۙ‏ لِّيَغۡفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنۡ ذَنۡۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكَ وَيَهۡدِيَكَ صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا ۙ وَّيَنۡصُرَكَ اللّٰهُ نَصۡرًا عَزِيۡزًا تک اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ اور سلام پھیر دیں، پھر تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ الزمر کی یہ آیت پڑھیں۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوۡهَا وَفُتِحَتۡ اَبۡوَابُهَا وَقَالَ لَهُمۡ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيۡكُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِيۡنَ ۞ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد نو مرتبہ سورۂ اخلاص اور سلام پھیر دے اور پانچویں میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ البقرہ کی یہ آیات۔

يُحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوۡ يَرَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ يَرَوۡنَ الۡعَذَابَ ۙ اَنَّ الۡقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيۡعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعَذَابِ ۞ اِذۡ تَبَرَّاَ الَّذِيۡنَ اتُّبِعُوۡا مِنَ الَّذِيۡنَ سے فَاِنۡ زَلَلۡتُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡكُمُ الۡبَيِّنٰتُ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ۞

یعنی آیت ۲۰۹ تک اور [illegible] سورۂ فاتحہ کے [illegible]

اخلاص سات مرتبہ اور سلام پھیر دے اور پھر اس کے بعد یہ پڑھیں۔

مُسۡرِعًا ۹۱ مرتبہ رَفِیۡعًا ۱۷ مرتبہ مُطِیۡعًا ۱۵ مرتبہ پھر پڑھیں۔ اَجِبۡ یَا مَعۡرُوۡفُ مُسۡرِعًا مُطِیۡعًا ۱۵ مرتبہ۔ اس کے بعد یہ قسم سات مرتبہ پڑھی جائے گی۔

اَجِبۡ یَا مَعۡرُوۡفُ مُسۡرِعًا مُطِیۡعًا لِاَمۡرِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَاحۡضُرۡ فِیۡ هٰذِہِ السَّاعَةِ وَاَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ وَافۡعَلۡ مَا اَمَرۡتُکَ بِہٖ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ بَارَکَ اللّٰہُ فِیۡمَنۡ اَطَاعَ اللّٰہَ وَخَشِیَہٗ۔

ایسا روزانہ ہی کیا جائے گا۔ یہاں تک کہ کسی بھی دن ملک معروف حاضر ہو جائے گا۔ پس جب ملک حاضر ہو تو اللہ تعالیٰ کی حمد اور شکر ادا کریں اس کے بعد ٹھہر جائیں ملک معروف کے لئے اور بیٹھ جائیں اپنی خلوت میں تسلی بخش دل کے ساتھ خوش ہو کر پس ملک معروف تمہارے سامنے خوبصورت نورانی چہرہ اور صاف پاکیزہ معطر لباس والے آدمی کی صورت میں آئے گا اور کہے گا السلام علیک یا عبداللہ تو کیا چاہتا ہے؟ اس وقت عامل کہے۔ وَعَلَیۡکَ السَّلَامُ اَثَابَکَ اللّٰہُ الثَّوۡبَ الۡجَزِیۡلَ کَمَا اَجَبۡتَ فَلَیۡسَ اِجۡلَالًا لَنَا وَلٰکِنَّ الۡاِجۡلَالَ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

پس وہ تجھے خطاب کرے گا، کیا ارادہ رکھتا ہے تو مال کا؟ تو میں تجھے عطا کروں، یا کسی دشمن کا۔؟ تو میں اسے ہلاک کروں، یا محبت کا؟ اور کیا چاہتا ہے تو کہ میں اسے پورا کروں؟ تو عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ کہے۔ میں نہ تو مال، نہ دشمن اور نہ محبت کا ارادہ رکھتا ہوں بلکہ میں تو تیرا مشاہدہ کرنا چاہتا ہوں اور تجھے دیکھنا چاہتا ہوں اور تیرے اچھے اخلاق، تیری پاکیزہ روح اور تیرے قوی افعال کو۔

پھر عامل اسے کہے تو مجھ سے پوچھ میں تجھے جواب دوں گا اور تو میری اطاعت کر۔ میں تیری اطاعت کروں گا۔ پس تجھے میرے ساتھ کوئی عہد یا پختہ عہد کرنا ہے۔ ملک معروف کا قول اچھا اور پختہ ہوگا اور وہ عامل سے بھی عہد طلب کرے گا۔ پس عامل کے لئے ضروری ہے کہ اس سے [illegible] پسند کا [illegible] طلب کرنے کا طریقہ بھی پوچھ لے۔

Asim Jafri, Delhi

اعمال خیر کے تمام کاموں میں ملک معروف عامل کا مددگار ہوگا۔ تمام ریاضت کے دوران عامل کے لئے لازم ہے کہ ترک حیوانات جلالی وجمالی سے خلوت میں لوبان کا بخور روشن کرے۔

تسخیر ریحان خادم سورہ فاتحہ

یہ عمل ہم نے اپنی کتاب "فیضان القرآن" حصہ اول میں بھی دیا ہے۔ ریحان مؤکل سورہ فاتحہ کا خادم ہے۔ اعمال خیر کے تمام کاموں میں عامل کا معاون ومددگار رہتا ہے، بدی اور شر کے کاموں میں بالکل مدد نہیں کرتا۔ اگر کوئی عامل ایسے کاموں کے لئے ریحان مؤکل کو مجبور کرنے کی کوشش کرے گا تو عمل سے ہاتھ دھو بیٹھے گا اور نقصان عظیم بھی اٹھائے گا۔

تسخیر ریحان کے لئے ضروری ہے کہ عامل خلوت نشین ہو، احرامی لباس زیب تن کرے۔ ترک حیوانات کرے، عمل کی ریاضت کے دوران نماز اور روزہ کی پابندی کرے، دوران ریاضت اپنی خلوت گاہ میں جائے اور کزبرہ کا بخور روشن کرے۔ عمل عروج ماہ میں اتوار یا جمعرات کی رات کو بعد از نماز عشاء شروع کیا جائے۔ ریاضت عمل کی مدت اکتالیس یوم ہے۔ ان ایام میں ریحان مؤکل حاضر ہوکر اطاعت کرے گا۔ روزانہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ ایک ہزار مرتبہ پڑھی جائے گی مگر ہر مرتبہ سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ یہ عبارت پڑھی جائے گی۔

تَرْنِشٍ يَطْهِيْشٍ مَشَاشٍ كَشَارِشٍ اَطَامِشٍ قَطْمُوْشٍ اَنْهَبْ عَلُوْشٍ مَغْلُوْشٍ اَجِبْ يَا رِيْحَانُ وَافْعَلْ لِيْ (كَذَا وَكَذَا) بِحَقِّ الْفَاتِحَةِ الشَّرِيْفَةِ اُمِّ الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ الْمَلَكِ الْاَخِذِ بِنَا صِيَتِكَ اَجِبْ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ وَعَلَيْكَ بِحَقِّ الْفَرْدُ الْجَبَّارُ الشَّكُوْرُ الثَّابِتُ الطَّهِيْرُ الْخَبِيْرُ الزَّكِيُّ الوحا العجل الساعة۔

تسخیر ارواح نورانیہ

اگر کوئی شخص پاکیزہ ارواح نورانیہ کو فرمانبردار کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو عمل کی ریاضت سے ایک ہفتہ قبل ترک حیوانات جلالی اور جمالی اور خلوت کی شرط کے ساتھ روزے رکھے اور اس دوران درود شریف اور کلمہ طیبہ کا بکثرت ورد کرے۔ پھر عروج ماہ میں نوچندی اتوار، جمعرات یا جمعہ کو بعد از عشاء اپنی خلوت میں لباس احرام زیب تن کرکے عمل شروع کرے۔ روزانہ اسم ذات اللہ ایک ہزار مرتبہ پھر اس کے بعد روزانہ کا معمول بنالے۔ پس تھوڑے ہی عرصہ میں ارواح نورانیہ کی ایک جماعت کو اپنے سامنے فرمانبردار دیکھے گا اور وہ ارواح [illegible] معاون [illegible]

جو عامل چاہے گا، عامل کے لئے لازم ہے کہ ریاضت سے قبل حرص دنیا کو اپنے دل سے نکال دے۔ پنجگانہ نماز کے ساتھ تہجد گزار بنے۔ کبھی جھوٹ نہ بولے۔ لقمہ حرام نہ کھائے اور تاحیات ان شرائط کی پابندی کرے بحکم باری تعالیٰ عجائبات واسراریت کا مشاہدہ کرے گا۔

دعوت لاہوتیہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ظَهَرَتِ الْقُدْرَةُ الْمُؤَيَّدَةُ بِثَنَاءِ الْمَنْشُوْرِ وَارْتِعَادِ النُّوْرِ الْعَلِيِّ الرَّفِيْعِ الْمُحِيْطِ الَّذِيْ لَا يُطِيْقُ اِلَيْهِ نَظَرُ الْكَرُوْبِيِّيْنَ مِنَ النُّوْرِ الَّذِيْ تَحْتَرِقُ مِنْ هَيْبَتِهِ جَمِيْعُ الرُّوْحَانِيَّةِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ سَبَّحَتْ لَهُ جَمِيْعُ الْمَلَائِكَةُ الصَّافِّيْنَ وَالْمُسَبِّحِيْنَ الْعَلِيْمُ الَّذِيْ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ الْفَرْدُ الَّذِيْ اَنْزَلَ فِيْ كِتَابِهِ الْعَزِيْزِ "وَلَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُوْنَ" اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِالنَّظْرَةِ الَّتِيْ نَظَرْتَ بِهَا اِلٰى جَبَلِ طُوْرِ سَيْنَاءَ فَانْهَدَّ خَوْفًا وَتَفَرَّقَ وَاسْتَغْرَقَ وَصَاحَ وَجَرٰى كَمَا يَجْرِي الْمَاءُ خِيْفَةً مِنْكَ وَتَعْظِيْمًا لِعَظَمَةِ عَظَمَتِكَ يَا هُوَ اَنْتَ اللّٰهُ يَا مَنْ لَا يَعْلَمُ مَا هُوَ اِلَّا هُوَ اَنْتَ هُوَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ اَشْرَقَ وَاَبْرَقَ وَلَمَعَ ضِيَاءُ بَهَائِكَ وَجَمَالِكَ وَنُوْرِ ذَاتِكَ عَلٰى طُوْرِ سَيْنَاءَ فَاحْتَرَقَ اَلْفُ اَلْفٍ وَثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتِّيْنَ حِجَابًا فَاحْتَرَقَتِ الْحُجُبُ وَاهْتَزَّ الْعَرْشُ وَنَادَيْتَ بِلِسَانِ الْقُدْرَةِ اَنَا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ لَا عَظِيْمَ غَيْرِيْ اَنَا اللّٰهُ الٓمٓ اَنَا اللّٰهُ اَنَا اللّٰهُ اَنَا اللّٰهُ يَاهٍ يَاهٍ اَنَا اللّٰهُ اَهْيَا اَشْرَاهْيَا اَدُوْنَائِيْ اَصْبَاوُتْ اٰلْ شَدَائِيْ اَنَا اللّٰهُ الْاَحَدُ اَنَا اللّٰهُ الصَّمَدُ اَنَا اللّٰهُ مَهْدُوْشًا لِمَ قَالَ الْعِزَّةُ رِدَائِيْ وَالْعَظَمَةُ دِثَارِيْ شَيَالَمْ فَيَقَالُ اِزَارِيْ وَمَنْ يُخَالِفُنِيْ اَحْرَقْتُهُ بِنَارِيْ وَاَنَا عَلَيْهِ جَبَّارٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَا اللّٰهُ نَفْسِيْ شَهِدَتْ وَاَشْهَدَتْ عَلٰى نَفْسِيْ قَضَيْتُ اَرْبَعَةَ عَشَرَ اَرْضًا وَسَمَاءً كَيْفَ تُخَالِفُوْنَ اَمْرِيْ اَمْ كَيْفَ تُنْكِرُوْنَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرِيْ اِهْبِطُوْا اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ اَيْنَمَا كُنْتُمْ فِيْ مَلَكُوْتِ اللّٰهِ تَعَالٰى علويا وسفليا تُرَابِيًّا مَائِيًّا وَرِيَاحِيًّا سَحَابِيًّا وَغَمَامِيًّا بَرِّيًّا وَبَحْرِيًّا اَجِيْبُوْا بِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ بِهِ عَلَيْكُمْ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْكُمْ مَلَائِكَةُ الْحُجُبِ الْمُطِيْعَةِ لِقَسَمِيْ هٰذَا فَيَهْتِكُوْنَ الْاَسْرَارَ وَيُخَرِّبُوْنَ الدِّيَارَ وَيَنْشُرُ كُلُّ النُّوْرِ نَشْرًا وَعَجِّلُوْنَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَيُسَلِّطَ عَلَيْكُمُ الزَّعَازِعَ وَالْقَوَاذِفَ وَالرُّعُوْدَ الْقَوَاصِفَ [illegible] وَالرَّوَاجِفَ وَالرِّيَاحَ الْعَوَاصِفَ

Asim Jafri, Delhi

والغیم المتکاثف والعذاب الواصب المترادف والشواظ الحارق ولا خلاص لکم ولا مفر لکم من قیودی فانی اقسمت علیکم بالحروف النورانیة والاقسام السریانیة والاسماء العبرانیة بشهتوف یا مدیاش تلوتیتة بنوکوش مشدش اشوه دنا غوه مجیه فلیونوش وخه یعیوش برموش یا بهلنود تشوت یا عملون طلطونورش مهقر کوش مرتوبل وعزبرش شهه شهر نوه بهه فتور توخ یالوخ اله اله کلیفه اه وشاه اشاه الولاه لولاه یالوه مقند نوسل سهیلا بولان ازوکه ازفکه مردوه اشوه عز وجل وسل وعز وهل بهلن مهلو نوه دیدہ اشیه اخوص یا مصطلوت سال ذاك ذاك اوکه روسیتوص عملیل جملیل ملوکوه دملوکوس اسه یا هذه یا هره یا خلوش اجیبوا یا اهل الحجب السبعة سرابیلهم من قطران وتغشی وجوههم النار لیجزی الله کل نفس ما کسبت ان الله سریع الحساب۔

حصول روحانیت

اپنی قوت کو جلا بخشنے اور بدن انسانی میں تاثیر روحانیات پیدا کرنے، سیف زبان اور سیف قلم جیسی خوبیوں کا حامل اسم اللہ کا یہ عمل اپنی مثال آپ ہے۔ اس عمل کے عامل کی پہلی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ کائنات کے خالق ومالک اور اس کی لامتناہی نعمتوں کو یاد کرکے ان نعمتوں کے بخشنے والے اللہ جل جلالہ کی سپاس گزاری کے لئے کھڑا ہو اور اس کے شکریہ کا حق ادا کرے۔ ایسا کرے گا تو بسملہ اور اسم اللہ کے فیوض وبرکات سے مستفید ومستفیض ہوسکے گا۔ اللہ کے رازوں سے وہی شخص آگاہ ہوتا ہے جو دنیا کا حریص نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق بخشے آمین۔

روزانہ اس عمل کی ریاضت کا معمول بنالیں۔ چند ہفتوں میں ہی روحانی اسراروں سے واقفیت ہونا شروع ہوجائے گی۔ اس سے زیادہ ظاہر کرنے کی اجازت نہیں ہے، پہلے تین مرتبہ یہ پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ الحمد للہ رب العلمین ○ وصلی اللہ علی سیدنا محمد ن النبی الامی وعلی اصحابہ وصحبہ وسلم یا اللہ یا رحمن یا رحیم اسئلك ان تصلی وتسلم علی سیدنا محمد عبدك ونبیك ورسولك النبی الامی وعلی الہ وصحبہ وان تفیض علی مشاهدة سر شریف نور جلال جمال کمال اقبال لا هو تیتك وتصب علی الانیب میازیب سماب مواهب ر[illegible] یا ارحم الراحمین

انك علی کل شیء قدیر وصلی اللہ علی سیدنا محمد ن النبی الامی وعلی الہ وصحبہ وسلم۔ پھر ایک سو مرتبہ یہ پڑھیں۔

اللھم صل علی نبی خلق من النور وھو نور۔ پھر اسم ذات چار ہزار تین سو چھپن مرتبہ پڑھیں۔ پھر تین مرتبہ یہ پڑھیں۔

اللھم یا من لوجودہ العلی باعتبار العام والخاص وحقیقته الوجودیة وسرہ القابل فما فی الاکوان جوهر فرد من احاد جواهر احاد العالم العلوی والسفلی الا ومقالید احکامه تتعلق باسم من اسمائك فاجتماعها برقائقها بید اسمك الذی استاثرت به عن جمیع خلقك فلا یظهر لهم الا ما ناسب الافعال فاسماؤك الهی لا تحصی ومعلوماتك لا نهایة لها اسئلك غمسة فی بحر هذا النور حتی اعود الی الکمال الاول فاتصرف فی الملکوت باسمك الکامل تصرفا یتقی النقص بالوقوف علی عبودیة النقص انك انت المعز المذل اللطیف الخبیر العدل وصلی اللہ علی سیدنا محمد ن النبی الامی وعلی الہ وصحبہ وسلم۔

ریاضت اسم ذات

اگر اسم ذات کی ریاضت کا ارادہ ہو تو آبادی سے دور خلوت میں عملیات کی جملہ شرائط کے ساتھ چودہ یوم کا چلہ کریں۔ اس طریقہ کے مطابق کہ ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ اللہ اور پچاس مرتبہ سورۃ النور کی یہ آیت پڑھیں۔ اللہ نور السموت والارض ط مثل نورہ کمشکوۃ فیھا مصباح ط المصباح فی زجاجة ط الزجاجة کانھا کوکب دری یوقد من شجرۃ مبرکة زیتونة لا شرقیة ولا غربیة لا یکاد زیتھا یضیء ولو لم تمسسه نار ط نور علی نور ط یھدی اللہ لنورہ من یشاء ط ویضرب اللہ الامثال للناس ط واللہ بکل شیء علیم ○ (سورۃ النور آیت ۳۵)

اور بخور رفقط لوبان کا روشن کریں اور روزانہ نماز عشاء کے بعد اسم ذات اللہ دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ چودھویں رات معلوم ہوگا کہ تمام مکان نور سے معمور ہے۔ اور خود کو یہ معلوم ہوگا کہ نور کے مکان میں ڈوب رہا ہوں۔ دل کو مضبوط رکھیں اور نور کی یہ حالت چند لمحوں سے زیادہ نہ ہوگی۔ اس کے بعد ایک مؤکل آئے گا اس سے ہرگز خوف نہ کھائیں کیونکہ یہ مؤکل بڑا مبارک ہے۔ وہ سلام بلائے گا۔ اس کا جواب دے کر ذکر اللہ میں مصروف رہیں۔ یہ مؤکل آپ کو ایک خادم دے کر رخصت ہوجائے گا اور خادم ہر جائز امور میں معاون ومددگار رہے گا۔

Asim Jafri, Delhi

ممبئی کی مشہور و معروف مٹھائی ساز فرم

طہورا سوئیٹس

اسپیشل مٹھائیاں

افلاطون ★ نان خطائیاں ★ ڈرائی فروٹ برفی

ملائی مینگو برفی ★ قلاقند ★ بادامی حلوہ ★ گلاب جامن

دودھی حلوہ ★ گاجر حلوہ ★ کاجو کتلی ★ ملائی زعفرانی پیڑہ

مستورات کے لئے خاص بتیسہ لڈو۔

و دیگر ہمہ اقسام کی مٹھائیاں دستیاب ہیں۔

لذیذ مٹھائیوں کے لئے

طہورا سوئیٹس ®

بلاسس روڈ، ناگپاڑہ، ممبئی-۴۰۰۰۰۸ ☎ ۲۳۰۹۱۳۱۸ - ۲۳۰۸۲۷۷۳

GRAPHTECH

Asim Jafri, Delhi

آلات سحر

احمد غزالی شہیدی

سحر یا جادو کی طاقت کو بیدار کرنے کے بعد اسے کوئی نہ کوئی مادی شکل دینی ضروری ہوتی ہے، تاکہ اسے carrier بنا کر اس طاقت کو ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچایا جاسکے۔ ایسے تمام زندہ اور مادی ذرائع جو قدرتی طور پر carrier بننے کے لئے سازگار ہوں یا جنھیں تجربات کی روشنی میں ساحروں نے آلۂ سحر کے طور پر استعمال کئے جانے کے لئے مقرر کیا ہو یا ایسے تمام نباتات وجمادات یا حیوانات جو سحر یا ساحرانہ کارروائیوں میں کسی نہ کسی طریقے سے تقویت پہنچاتے ہوں، یہ سب آلات سحر کے زمرہ میں شمار کئے جاسکتے ہیں۔ اس لئے ان سب carriers کو آلات سحر کی درجہ بندی کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ اس درجہ بندی کا یہ فائدہ ہوگا کہ ساحر جس چالاکی سے آس پاس کی چیزوں کو اپنے مذموم مقاصد کے لئے استعمال کرتا ہے، اسے پہچاننا اور جاننا آسان ہوجائے گا۔ دوسرا ان سے واقفیت رکھنے والا فرد خود بھی آزادانہ طور پر معلوم کرسکے گا کہ ان آلات سحر کے پیچھے افسوں گری کے کون کون سے محرکات کارفرما ہیں۔

ساحرین ادویہ اور جڑی بوٹیوں کے عجیب وغریب خواص سے خفیہ طور پر فائدہ اٹھا کر اپنی مہارت فن کی دکان چمکاتے ہیں اور لوگوں کو خبر نہیں ہونے دیتے کہ ان کی ایسی کارروائیوں میں ساحروں کا کوئی کمال نہیں ہوتا بلکہ ان جڑی بوٹیوں کی تاثیر کا دخل ہوتا ہے۔ جب لوگوں کی اس پہلو سے بے خبری ختم ہوگی تو ساحروں کے بلاجواز رعب کی ہوا بھی اکھڑ جائے گی۔

کچھ ادویہ اور مادوں میں یہ خاصیت پائی جاتی ہے کہ وہ delusional اور Hallucinatory Mental Stats پیدا کرتی ہیں۔ جیسا کہ L.S.D یا Marijuana ایسی ادویات Hallucinatory episodes کا سبب بنتی ہیں نیز Katanine ایسی دوا ہے کہ کسی مریض کو دی جائے تو اسے ایسا محسوس ہوگا کہ وہ اپنے جسم سے جدا ہو کر دوسری دنیا میں جارہا ہے اور اس کا اپنا جسم اب کچھ گھڑی کے لئے اس کا اپنا نہیں رہا۔ ایک مریض کو nitrous دی گئی تو اس نے محسوس کیا کہ وہ اپنے جسم سے نکل کر فضا میں کسی بلندی پر پہنچ گیا اور وہاں ڈاکٹروں کی گفتگو سن رہا ہے۔ اسے اوپر سے نیچے کی طرف عجیب قسم کے ہیولے بھی حرکت کرتے ہوئے محسوس ہوئے [illegible] پڑتی محسوس ہوتی۔

(Life After Life Raynonda Moody-
J.M.D.P-157)

بعض حیوانات کے اجزائے جسمانی یا ان کا وجود فضا میں خاص قسم کے اثرات پیدا کرتے ہیں، کیونکہ ان میں منفی اثرات بھی ہوتے ہیں۔ مثلاً سیہ کے کانٹے اپنے اندر یہ تاثیر رکھتے ہیں کہ جس گھر میں رکھ دیئے جائیں وہاں کی فضا میں تلخی اور لڑائی جھگڑے کی کیفیت پیدا کردیتے ہیں۔ یہ منفی اثر کس طرح پیدا ہوتا ہے کیا ان میں cosmic waves پر کوئی خاص چھاپ مرتب کرنے کی صلاحیت ہے، جو نتیجتاً ایسی لہروں میں بدل جاتے ہیں۔ جس سے انسانوں کی طبائع تلخی اور جھگڑے کی طرف مائل ہوجائیں، مگر اسے ثابت کرنا آسان نہیں ہے۔ کسی گھر میں یا کسی فرد کے تکیے کے نیچے ان کو رکھ دینے سے اس فرد کی ذہنی حالت لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہوجاتی ہے۔ اس بات کو تجربات نے ظاہر کیا ہے اس لئے ساحرین سیہ کے کانٹوں کو بھی بوقت ضرورت اپنے مقاصد کے حصول کا ذریعہ بناتے ہیں۔ اس حوالے سے سیہ کے کانٹے اور حیوانات کی جسمانی اجزاء سے منسوب ایسی تاثیریں ہیں، جو ان کو مقبول آلات سحر بناتی ہیں۔

ان آلات سحر میں ایک قسم ایسی ہے جو ایک خاص وقت کے لئے نہیں ہوتی بلکہ مختلف مواقع پر کئی دوسری اشیاء میں اثرات سحر پیدا کرنے کے لئے بار بار کام میں لائی جاتی ہے، جیسے ''جادوئی خنجر'' وجرا'' اور جادو کی چھڑی۔ (۲۔ صفحہ ۴۳۱ اور ۴۳۲ پر خاکے دیکھیں)

اس کو تیار کرنے میں ساحرین محنت کرتے ہیں مگر یہ ایک وقت کی محنت بارآور ہوکر پھر کئی مواقع پر استعمال میں لائی جاسکتی ہے۔ دوسرے آلات سحر کی طرح سحر کا اثر فوری طور پر ایک جگہ سے نمودار ہوکر دوسرے مقام پر داخل ہوکر ختم نہیں ہوجاتا بلکہ بجلی کے گرڈ اسٹیشن کی طرح چھڑی میں مقید ہوتا ہے اور اس سے پھوٹتا اور نمودار ہوتا رہتا ہے۔ اس لئے صدیوں سے یہ ایک مؤثر آلۂ سحر سمجھا جاتا ہے۔ دائرہ یا تعویذ کے معاملہ میں پیدا کردہ سفلی طاقت کو لکیروں میں trascribe کردیا جاتا ہے، خواہ لکیریں زمین پر ڈالی گئی ہوں یا کاغذ پر۔

Asim Jafri, Delhi

کنی (مٹی کی ہنڈیا)

جس کو سحر کا نشانہ بنایا گیا ہو اور اس کو تباہ کرنا مقصود ہو تو مٹی کی ہنڈیا (کنی) کو طاقت پرواز دے کر اڑایا جاتا ہے۔ ساحر جب اپنا عمل مکمل کر لیتا ہے تو عامل کے پاس رکھی ہوئی یہ "کنی" فضا میں بلند ہو جاتی ہے پھر "کنی" کا فضا سے "ہدف" (جس پر سحر کیا گیا ہو) کی طرف پرواز کا سفر شروع ہوتا ہے، جب یہ اس سفر پر روانہ ہوتی ہے، تو اثنائے سفر اس کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے، مگر مشہور ہے۔ "کنی" کے پرواز کی رفتار اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ ماہرین سحر کے علاوہ دوسرے عام لوگ اسے نہیں دیکھ سکتے۔ ساحرین کے لئے اس کی شناخت بہت آسان ہوتی ہے، جو اسے دیکھ بھی لیتے ہیں اور جان جاتے ہیں کہ ان کے کسی ماہر رفیق نے معاوضہ لے کر کنی کو برباد کرنے کے لئے اسے چھوڑا ہے۔ اگر درمیان میں نشاندہی کرنے والے اس ساحر کی سفلی طاقت اصل عمل کرنے والے ساحر سے زیادہ ہو تو وہ اس "کنی" کو فضا میں انگلی کے اشارے سے روک کر اس کا رخ "ہدف" کی بجائے اسے بھیجنے والے ساحر کی طرف پھیر کر اسے برباد کرنے کے لئے اس پر گرا سکتے ہیں۔

"کنی" کی خطرناکی کا اندازہ اس پہلو سے ہوتا ہے کہ جب یہ "ہدف" پر گرتی ہے تو نہ صرف اسے ہلاک کرتی ہے بلکہ آس پاس کی ہر چیز کی اینٹ سے اینٹ بج جاتی ہے۔ اس وقت بھی پنجاب کی ساحروں میں یہ آخری اور انتہائی خطرناک حملے کے طور پر رائج ہے۔ سحر کے دیگر حملوں کی طرح یہ حملہ بھی عام آدمی کی مادی نظروں کو دکھائی نہیں دیتا اسلئے افسوں گری کے دوسرے واروں کی طرح یہ حملہ بھی پردۂ اخفا میں رہتا ہے، تاوقتیکہ اس کی ہلاکتیں ظاہر نہ ہو جائیں۔ افسوں گری کا یہ حملہ فوری اور جانی تباہی لانے کے لئے کیا جاتا ہے۔ پنجاب کے عام لوگوں میں "کنی" کی دہشت کے ساتھ ساتھ تجسس بھی انتہا کو پہنچا ہوا ہے اس لئے اگر وہ کسی ساحر سے "کنی" مائل بہ ہدف پرواز ہونے کا سن لیں تو اس کی خوف و دہشت کی شدت کے باوجود اس کے بتائے ہوئے پتے پر "کنی" کی ہلاکتوں کا مشاہدہ کرنے کے لئے اس کے پیچھے ہو لیتے ہیں۔ کنی کی رفتار پرواز کی حد مقرر نہیں ہے۔ یہ افسوں گر کی سفلی استعداد پر منحصر ہے۔ ساحر جتنا زیادہ ماہر اور جتنی زیادہ سفلی قوت کا مالک ہوتا ہے وہ اتنی تیز رفتاری سے اور اتنا ہی زیادہ دور "کنی" کو پھینک سکتا ہے۔ تباہی کا تناسب اس کی نوعیت اور وسعت بھی ساحر کی مہارت کی آئینہ دار ہوتی ہے [illegible] "کنی" (مٹی کی ہنڈیا) کا سائز تو عام طور پر ایک جیسا [illegible]

یہ "کنی" (ہنڈیا) کس طرح پرواز کرتی ہے اس کے بارے میں مختلف نظریات پائے جاتے ہیں۔ ساحرین کا ایک طبقہ کہتا ہے کہ ساحر شیطانی مدد سے تیز رفتار جنات کی خدمات حاصل کرتا ہے، جن کے ذریعہ "کنی" کو اڑا کر ہدف تک پہنچایا جاتا ہے۔ دوسرا خیال ہے کہ "کنی" کو جنات نہیں بلکہ مؤکلات لے کر اڑتے ہیں اور اسے نشانہ پر گراتے ہیں۔

گو کہ مقبول نظریہ یہی ہے کہ "کنی" حالت پرواز میں صرف ساحر ہی دیکھ پاتے ہیں مگر کئی ایسے "غیر ساحرین" سے ملاقات ہوئی جنھوں نے اڑتی ہوئی "کنی" کو دیکھنے کا دعویٰ کیا بلکہ یہاں تک کہ اس کی پرواز سے اس کے رخ کا اندازہ کر کے یہ لوگ اس کے گرنے کی جگہ بھی تلاش کرتے رہے۔

"کنی" کو اس طرح تیار کیا جاتا ہے۔ اس میں زخمی کرنے کے لئے لوہے کے نوکدار ٹکڑے، چیر پھاڑ کرنے والے اوزار، چھوٹے چھوٹے چاقو، چھریاں، تعویذات اور ناپاک اشیا کے اجزا ڈال کر اس کے منہ کو مضبوطی کے ساتھ "سیل" کر دیا جاتا ہے اس طرح "کنی" کے اندر بھرا ہوا مواد راہ میں نہیں گرتا مگر جب نشانہ پر پہنچ کر "ہدف" سے ٹکراتا ہے تو بندوق کے چھروں کی طرح کاٹتا اور زخمی کرتا ہے۔

دوسرا خیال یہ ہے کہ بند "کنی" میں تعویذات ہوتے ہیں، جن میں مختلف مؤکلوں کے ناموں کی سوئیاں پیوست ہوتی ہیں یہی وہ مؤکلین ہیں جو بند "کنی" کو اٹھا کر لے جاتے ہیں اور جیسے ہی یہ "ہدف" کے سر پر گرتی ہے تو یہ مؤکلین اس گھر میں کہرام مچا دیتے ہیں پھر جو تباہی اس فرد پر وارد ہوتی ہے یا اس گھر میں پھیلتی ہے وہ "کنی" کے اندر کے اجزا کی ہلاکتوں تک محدود نہیں ہوتی بلکہ ان مؤکلین کی بے پناہ طاقت در پردہ اس تباہی میں کارفرما رہتی ہے۔

انسائیکلو پیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس کے باب "انڈین میجک" میں اس موضوع پر یوں درج ہے:

a typicalrite in silpa (black magic)...when performed with the object of destroying an enemy,it is known as chel or ghat in unity province. a vessel is filled with iron nails,knives etc and sent by certain incantations through air untill it descends on the victims head and kill him.but, if a river intervenes, a secrifice to the spirit called ghat bai(lit [illegible] which [illegible] supposed to the guard the river, must [illegible]

Asim Jafri, Delhi

made to induce him to let the vessel cross. thus black magic has to reckon with the spirit, however it works and whatever its origin,"

ترجمہ: ''سلپا'' (سحر) کی ایک مخصوص رسم، جس کے تحت دشمن کو تباہ کیا جاتا ہے، یوپی میں ''چیل'' یا ''گھاٹ'' کہلاتی ہے۔ برتن میں لوہے کی کیلیں اور چھریاں بھر کے اسے منتروں کے بل بوتے پر فضا کے ذریعہ روانہ کیا جاتا ہے تاکہ وہ ''ہدف'' کے سر پر گرے اور اسے ہلاک کرڈالے لیکن اگر درمیان میں دریا واقع ہو تو ''گھاٹ بائی'' کے چرنوں میں قربانی پیش کی جاتی ہے جسے دریاؤں کی دیوی سمجھا جاتا ہے۔ قربانی دے کر اسے راضی کیا جاتا ہے کہ وہ برتن کو دریا کے اوپر سے گزرنے دے پس سحر اور ارواح میں یہ ایک مشابہت ہے، خواہ سحر کسی طرح بھی اثرات پیدا کرتا ہو اور خواہ سحر کا کوئی بھی ماخذ ہو۔

خارپشت (سیہ)

خارپشت یا سیہ Procupine کے کانٹے کے متعلق مشہور ہے کہ اگر اسے گھر میں چھپا کر رکھ دیا جائے تو اس گھر کے افراد آپس میں چپقلش اور فتنہ فساد کا شکار ہوجائیں گے۔ اس گھر میں جھگڑے ڈیرے ڈال لیں گے۔ یہ جانور اپنے کانٹوں سے اپنا دفاع کرتا ہے۔ جنگلی کتے بھی خارپشت کی دفاعی پوزیشن دیکھ کر خوف کھا کر پیچھے ہٹ جاتے ہیں، جو انسان اس پر حملہ کرے دوڑ کر یہ اس کی ٹانگوں میں گھس جاتا ہے اور اس انسان کے پیروں اور ٹانگوں کو لہولہان کردیتا ہے۔ یہ بڑا بسیار خور جانور ہے، بعض پودوں اور درختوں کی جڑیں اور چھال خارپشت کی مستقل خوراک ہیں۔ کھانے پر آئیں تو خارپشت کے ٹولے کھڑی فصلوں کو تباہ و برباد کردیتے ہیں۔ (خارپشت کا کانٹا۔ امیر نواز نیزی، افسر جنگلات)

بلی

بلی سے لوگوں نے عجیب عجیب خدمات لی ہیں۔ رکن الدولہ کی ایک بلی تھی۔ جب کوئی دربان نہ ہوتا تو حاجت مند پرچہ پر اپنی حاجت لکھ کر اس بلی کی گردن میں ڈال دیتے، وہ لے کر رکن الدولہ کے پاس پہنچ جاتی۔ وہ پرچہ پڑھ لیتے اور جواب لکھ کر بلی کی گردن میں ڈال دیتے۔ بلی وہ پرچہ لے کر باہر کھڑے ہوئے حاجت مندوں کو پہنچا دیتی۔

بلی کا اپنے لعاب سے اپنا چہرہ صاف کرتے رہنا اس کی لطافت شمار کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ا... نہیں دی...

چوہے کا شکار یقینی بنانے کے لئے وہ اپنے پیشاب کو سونگھ کر دفن کردیتی ہے تاکہ چوہے کو اس کی موجودگی کی خبر نہ ہو۔ قدیم ہند میں مشہور تھا کہ ہاتھی بلی سے خوف کھاتا ہے۔ روایت ہے کہ ایک لشکر جس میں ہاتھی شامل تھے بلیوں کی بدولت شکست کھا گیا۔ شیر سے مشابہت کی وجہ سے زمانہ قدیم میں یہ روایت مشہور ہوگئی کہ بلی کی تخلیق شیر کی چھینک سے ہوئی ہے۔ بلی کی تین اقسام ہیں۔

(۱) اہلی (۲) وحشی (۳) سنور الزباد۔ بلی کا چھینکنا، انگڑائی لینا اور ہاتھ بڑھا کر چیز لینا، انسانوں سے مشابہ عادات ہیں۔ چیزوں کو اُچکنے میں بلی کی تیزی ضرب المثل بن چکی ہے۔ بلی کا گوشت حرام ہے۔ بعض لوگ بلی کا گوشت کھا کر سمجھتے ہیں کہ ان پر جادو اثر نہ کرے گا۔ بلی کی تلی عورت کی کمر سے باندھ دی جائے تو استحاضہ کا خون رک جاتا ہے۔ سفلی عمل کے دوران طلب پوری کرنے کے خواہش مند افراد اس کی دونوں خشک آنکھوں کو دھونی کرکے وہ چیز طلب کرتے ہیں۔ بلی کا پھاڑنے والا دانت جس کے پاس ہو وہ رات کے وقت ڈرنے سے محفوظ رہے گا۔ رات کے اندھیروں میں چیزوں کو دیکھنے کے لئے بلی کا خشک پتہ آنکھوں سے لگایا جاتا ہے۔ بلی کے پتہ کو نمک زیرہ اور کرمانی سے ملاکر پرانے زخموں پر ملا جائے تو زخم مندمل ہوجاتے ہیں۔ بیوی کو محبت میں فریفتہ کرنے کے لئے بلی کے خون کو ذکر پر مل کر جماع کیا جاتا ہے۔ بلی کے خشک گردہ کی دھونی حاملہ عورت کو دیں تو جنین ساقط ہوجاتے ہیں۔

(حیات الحیوان ص ۲۷۲۔۲۷۱)

علامہ قزوینیؒ لکھتے ہیں کہ جن لوگوں کو شوق ہو کہ جنات کو اپنی مادی آنکھوں سے دیکھیں وہ سیاہ بلی اور سیاہ مرغ کے پتے لے کر سکھالیں پھر ان کو پیس کر سرمے میں ملالیں۔ جن دکھائی دینے لگیں گے۔ سیاہ بلی کا پتہ برابر نصف درہم روغن زیتون میں حل کرکے لقوہ کے مریض کی ناک میں ٹپکایا جائے تو تکلیف دور ہو، گردہ کے درد اور عسر البول کی شکایت لاحق ہو تو جنگلی بلی کی ہڈی کا گودا چنے کے پانی میں بھگو کر آگ میں پکانے کے بعد نہار منہ حمام کے اندر ایک خاص ترکیب سے لیا جائے تو افاقہ ہوتا ہے۔ عورت کے رحم سے منی کو خارج کرنا ہو تو بلی کے دماغ کی دھونی دی جاتی ہے۔ بلی خواب میں نظر آئے تو یہ اشارہ ہے کہ خواب دیکھنے والا شخص جادو سیکھے گا۔

افسوں گر کالی بلی کو عمل سحر کا ایک معتبر رفیق سمجھتے ہیں۔ بلی سحر کی دنیا میں کیسے آئی اس کی داستان بڑی طویل ہے۔ چار ہزار سال مصر میں بلی کو

Asim Jafri, Delhi

مقدس سمجھ کر اس کی پرستش کی جاتی تھی۔ Bubatis کے شہر میں بلی کے سر والی دیوی کی باقاعدہ پوجا ہوتی تھی۔ اس دوران موسیقی اور رقص کی بزم آراستہ کی جاتی، جنسی رسوم ادا ہوتیں، بلی کے تقدس کا تصور اس طرح فروغ پایا کہ غلے کے گوداموں میں کیڑوں، چوہوں اور پسوؤں کو دور کرنے والی طاقت سمجھا جاتا تھا۔ مصری اس جانور کے ساتھ خاص قسم کا قرب محسوس کرتے تھے۔ اس کو مارنے والے شخص پر سزائے موت کا مقدمہ دائر کیا جاتا۔ یہی نہیں روم کی بیوی Diana نے بلی کا قالب اختیار کیا۔ شمالی یورپ کے مقبول عقیدے کے مطابق محبت اور حسن کی دیوی Preya کا رتھ بلیاں کھینچتی تھیں، چونکہ یہ تقدیس بلی کو مظاہر پرستوں کے عہد سابقہ میں ملی تھی، اس لئے عیسائیوں کے مذہبی رہنماؤں نے بعد ازاں بلی کے خلاف بھی پرچار شروع کر دیا اور اسے چھوٹے بھوت پریت یا دیوی کا درجہ دیدیا۔ مصر میں بلیوں کے بھی مقابر ہیں جہاں بلیوں کی حنوط شدہ لاشیں پڑی ہیں۔ ان حنوط شدہ لاشوں کے ساتھ مردہ چوہوں کو بھی اسی عمل سے گزار کر رکھا گیا ہے تاکہ موت کے بعد کی زندگی میں وہ بلیوں کی خوراک کا کام دیں۔ حنوط کرتے وقت بلی کا چہرہ سیدھا اور نمایاں رکھا جاتا جو رسم کے مطابق مصریوں کے ہاں اس جانور سے کئے جانے والے احترام کا ثبوت تھا۔ کچھ مردہ بلیوں کو لکڑی یا Bronze کے خولوں میں محفوظ کیا جاتا۔

sattan نامی بلی ۱۵۵۶ء کے ایک مقدمہ کا مرکزی کردار بنی رہی، جو بنیادی طور پر ساحرہ "الزبتھ فرانس" کے خلاف دائر کیا گیا۔ یہ بلی ساحرہ کی چراگاہ کو جادوئی عمل کے ذریعہ بھیڑوں سے بھر دیتی۔ اس کے محبوب کو ورغلا کر لے آتی، ایک بار جب الزبتھ کی اپنے محبوب سے ناچاقی ہوگئی تو یہی بلی اس ناراض محبوب کے قتل کا سبب بنی۔ ہر بار جب ساحرہ اس بلی کے ذریعہ کسی کو قتل کرواتی تو مقتول کے خون کا ایک قطرہ انعام کے طور پر اس بلی کے حلق میں ڈالا جاتا۔ مارگریٹ اور "ملیا ملاور" پر چلائے جانے والے ۱۶۱۸ء کے مقدمہ میں بلی بار بار ایک آلۂ سحر کے طور پر وارد ہوتی ہے۔ مارگریٹ نے اس مقدمہ میں اعتراف کیا تھا کہ وہ اپنے "ہدف" کے دستانے بلی کے پیٹ سے مس کیا کرتی تھی تاکہ مطلوبہ اثرات پیدا ہوں، گو اس بلی کا انجام معلوم نہیں ہو سکا مگر دستور کے مطابق افسوں گری میں استعمال ہونے والی بلیوں کو بھی زندہ جلا دیا جاتا۔

اُلو

اگر کسی عمارت میں اُلو آجائے تو رومی عقیدے کے مطابق عمارت میں نحوست اور بدطالعی کے اثرات [illegible] تہذیب نے الو سے مختلف اقسام تصورات وابستہ کر رکھے تھے۔ الو کا چپٹا چہرہ، بڑی بڑی آنکھیں اور اس کی آواز کی انسانی آواز سے مشابہت نے اسے بعض معاملات میں قدیم انسان کے قریب کر دیا تھا۔ الو چونکہ رات کی تاریکیوں میں اڑان کرتا ہے، اس لئے بہ آسانی اس کا تعلق بدروحوں سے جوڑ دیا گیا، جو ایسے ہی تاریک اوقات میں آوارہ و سرگرداں پھرتی دیکھی گئی ہیں۔

افسوں گری کا الو سے گٹھ جوڑ یورپ کے ازمنۂ وسطی اور ملکہ الزبتھ کے عہد میں بھی ایک مقبول تصور تھا۔ شیکسپیئر اپنے ڈرامے Macbeth میں اس پر اسرار پرندے کے متعلق رائج الوقت سفلی خواص پر ان الفاظ میں روشنی ڈالتا ہے۔

"shakespear witches add an owl to their bubbling brow and after a cry rends the darkness as duncan is murdered,lady macbeth declares. it was the owl that shrecked , the fatal bell/which gives the sterst night."

مینڈک

قدیم روایات کی رو سے مینڈک کی کچھ اقسام جفتی سے اور کچھ بغیر جفتی کے پیدا ہوتی ہیں۔ برسات کے موسم میں ان کی کثرت دیکھ کر مشاہدہ کرنے والے کو گمان ہونے لگتا ہے کہ مینڈک شاید آسمان سے برس رہے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پرانے وقتوں میں یہ سمجھا جاتا تھا کہ مینڈکوں کی پیدائش مٹی سے ہوتی ہے اور ان کا وجود نر و مادہ کی جفتی کا نتیجہ نہیں ہوتا۔ مینڈک اپنا نچلا جبڑا پانی میں ڈال کر بولنا شروع کرتا ہے اور جب اس کے منہ میں پانی بھر جاتا ہے تو بولنا بند کر دیتا ہے۔ مینڈک کی آواز اس کے لئے مہلک ثابت ہوتی ہے، کیونکہ سانپ مینڈک کی آواز سے اس کی موجودگی کا اندازہ کر کے حملہ کرتا ہے اور اسے ہڑپ کر لیتا ہے۔ آگ کو دیکھ کر مینڈک حیرت زدہ ہو جاتا ہے اور اسے مسلسل دیکھنا شروع ہو جاتا ہے۔

مینڈکوں کی تعداد معمول سے زیادہ بڑھ جانے کو رئیس ابن سینا کسی وبائی امراض کی آمد کا پیش خیمہ سمجھتے ہیں۔

علامہ زمخشری نے ایک روایت کے حوالے سے لکھا ہے کہ شیطان مینڈک کی شکل میں انسان کے اندر دبک کر بیٹھا رہتا ہے اور مچھر کی طرح [illegible] شانے سے اندر داخل کر رکھی

Asim Jafri, Delhi

ہوتی ہے۔ مینڈک کی بڈی ہانڈی پر رکھی ہو تو آگ کی تپش کے باوجود اس میں جوش نہیں آئے گا۔ اس کی چربی مسوڑھوں پر رکھ کر دانت اکھیڑے جائیں تو درد محسوس نہیں ہوتا۔ جلد کو بالوں سے ہمیشہ کے لئے صاف دیکھنا ہو تو اس جگہ کو چونے اور ہڑتال سے صاف کر کے سوکھے ہوئے مینڈک اور خطمی کو کوٹ کر ایک ساتھ پکالیا جائے۔ اس آمیزے کو مطلوبہ جگہ پر لگایا جائے تو بال ہمیشہ کے لئے صاف ہو جائیں گے۔

مینڈک کو شراب میں ڈال دیں تو یہ مردنی کا شکار نظر آئے اور اگر نکال کر پانی میں ڈال دیں تو دوبارہ زندہ ہو جائے۔ مینڈک کی ٹانگ نقرس کے مریض کے بدن پر لٹکادی جائے تو درد جاتا رہتا ہے۔ مینڈک کا منہ کھول کر اگر کوئی عورت تین بار اس میں تھوک دے اور پھر اسے پانی میں چھوڑ دے تو اسے حمل نہ ٹھہرے گا۔ زہریلے کیڑے کاٹ لیں تو اس جگہ کچلے ہوئے مینڈک کو لگائیں تو آرام محسوس ہوگا۔ عورت کے جذبات شہوت کو ترغیب دینی ہو تو اس کے سامنے مینڈک کو سر سے نیچے تک پھاڑے جانے کا منظر دکھایا جائے۔

خوابیدہ عورت کے جسم پر مینڈک کی زبان رکھ دی جائے تو وہ جو معلومات رکھتی ہو سوتے میں اگل دے گی۔ چوروں سے اقبال جرم کروانے کے لئے اس کی زبان کو روٹی میں ملا کر کھلایا جاتا ہے، مینڈک کا خون جلد پر لگانے سے بال دوبارہ نہیں اُگتے۔ دوسروں کو اپنی طرف ملتفت کرنے اور ان کی محبت حاصل کرنے کے لئے بعض لوگ مینڈک کا خون چہرے پر مل لیتے ہیں، جہاں پانی پر مینڈک ٹرّاتے ہوں وہاں طشت اوندھا کر کے چھوڑ دینے سے یا طشت کو پانی پر چھوڑ کر اس میں چراغ جلا دینے سے مینڈک خاموش ہو جاتے ہیں۔

خواب میں مینڈک کا گوشت کھانا مصیبت میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھا جائے کہ کسی شہر سے مینڈک رخصت ہو رہے ہیں تو یہ علامت ہے کہ اس شہر سے عذاب الٰہی کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے۔ اوطامیدوس کا قول ہے کہ خواب میں مینڈکوں کا دیکھنا دھوکہ بازوں اور ساحروں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ (ا۔ حیات الحیوان۔ ص ۳۷۴)

نو ہزار سال قبل ماتا دیوی کو مینڈک کے خط و خال میں دکھایا جاتا سب سے پہلے یونانیوں نے خبر دی کہ مینڈک موسموں کی پیشین گوئی کرنے اور ان پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رومی فطرت پرست Apleny اور ''ایلڈز'' کسانوں کو مشورہ دیا کرتے کہ مینڈک کو مٹی کے برتن میں بند کر کے کھیت میں دفن کر دو تو طوفان [illegible] گا، مگر [illegible]

خیال تھا کہ مینڈک زہریلے جانور ہیں۔ Aelian دو صدیاں بعد یہ کہتا ہوا پایا گیا کہ مینڈک کے خون کو اگر شراب میں شامل کر دیا جائے تو مہلک زہر بن جاتا ہے، جو ایک مبالغہ تھا۔ بات صرف اس قدر ہے کہ جب مینڈک غصے میں آتا ہے تو ایک زہریلا لعاب خارج کرتا ہے جو کتوں کے منہ میں جھاگ پیدا کرتا ہے اور وہ حرارت سے کانپنے لگتے ہیں البتہ انتہائی خاص حالات میں یہ لعاب مہلک بن سکتا ہے۔ ازمنۂ وسطیٰ میں مینڈک ڈائنوں کا مقبول آلۂ سحر بن چکا تھا۔ اسے افسوں گری کے مختلف نسخوں میں بطور ایک جزو استعمال کیا جانے لگا۔ مینڈک کی رال spittle اس نسخے کا اہم جزو تھی، جو نظروں سے اوجھل ہونے کے لئے ساحرین تیار کرتے۔

ساحرین جب اپنے پالتو مینڈکوں کو سالانہ اجتماع sabbat میں لے جاتے ہیں تو ان کو مختلف طریقوں سے سجاتے ہیں، بعض دفعہ بچوں کی طرح ان کو بھڑکیلے کپڑے پہنائے جاتے ہیں۔ شیطان کے نام پر قرمزی پوشاک، سبز مخملیں ٹوپیوں اور گردن میں پڑی گھنٹیوں سے سجا کر ساحرین ان مینڈکوں کو ساتھ لاتے ہیں۔

1-Ency clopedia of Religion and (Ethics p-372

چمگادڑ

ساحرین سفلی تعویذوں کی تاثیر بڑھانے کے لئے تعویذوں کو چمگادڑ کے خون سے لکھتے ہیں۔ چمگادڑ کے ویرانوں کو مسکن بنانے اور راتوں کو مصروف رہنے کی عادت نے اسے ساحروں کا پسندیدہ جانور بنا دیا ہے۔ یہ ایسا جانور ہے جو طاقت پرواز رکھتا ہے۔ چوپایوں سے یوں مشابہ ہے کہ اسی کی طرح پیشاب کرتا اور انہیں کے طرز پر بچے دیتا ہے، مادہ چمگادڑ کو حیض کا خون بھی جاری ہوتا ہے، چونکہ دوسری مخلوق سے مختلف ہے اس لئے پرندے اس کو دیکھ کر اس پر جھپٹ پڑتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چمگادڑ اکثر گوشت خور پرندوں کا لقمہ بن جاتا ہے، جب کہ دوسرے پرندے اس کو دیکھ لیں تو پھر اسے ختم کر کے ہی دم لیتے ہیں۔

چمگادڑ میں اتنی قوت پرواز ہے کہ اڑتے ہوئے مختلف سمتوں میں مڑ جاتی ہے۔ بیر، امرود، گولر جیسے پھل اور مچھر، مکھیاں وغیرہ چمگادڑ کی غذا ہیں۔ چمگادڑ نے گدھ اور گورخر جتنی عمر پائی ہے۔ چمگادڑ فضا میں پرواز کرتے ہوئے جفتی کرتی ہے، مادہ چمگادڑ سال میں تین یا سات بچے پیدا کرتی ہے۔ پروں کے نیچے یا منہ میں بچوں کو دبا کر اٹھائے پھرتی ہے۔ مادہ اتنی ما[illegible] میں اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہے۔

Asim Jafri, Delhi

عجیب بات ہے کہ اگر چنار کا پتہ چمگادڑ سے چھو جائے تو اس کا جسم سن ہو جاتا ہے اور وہ زمین پر گر جاتا ہے۔ ایک منتر ہے کہ اگر "اُطرق کری" زبان سے ادا کیا جائے تو چمگادڑ فوراً طاقت پرواز کھو دیتی ہے۔

کسی کو بے خواب کرنا ہو تو ساحرین چمگادڑ کے سر کو اس شخص کے تکیے کے نیچے رکھوا دیتے ہیں۔ نقرس، فالج یا رعشہ جیسے امراض کی شکایت ہو تو چمگادڑ کا سر اور چنبیلی کے تیل کو تانبے یا لوہے کے برتن میں پکا کر کوئلہ کر لیتے بعد اس تیل کی مالش کی جاتی ہے۔ سانپ اور بچھوؤں کو گھروں سے بھگانا ہو تو چمگادڑ کو جلا کر گھر میں اس کی دھونی دیتے ہیں۔ قوت باہ میں اضافہ کرنا ہو تو چمگادڑ کا دل بدن پر لٹکا دیا جاتا ہے۔ جو شخص چمگادڑ کی گردن کو باندھ لے بچھو اس کے قریب نہیں آتے۔ عسرت الولادت کی تکلیف میں چمگادڑ کا پتہ عورت کی اندام نہانی سے مل دینا مفید سمجھا جاتا ہے۔ اس کی چربی رفع دم میں استعمال ہو تو خون کو بند کر دیتی ہے۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنے کی شکایت ہو تو سوختہ چمگادڑ ذکر پر ملتے ہیں۔ چمگادڑ کا پتلا شوربا کر کے اس میں فالج کے مریض کو بٹھایا جاتا ہے۔ داد دور کرنے کی خاطر اس کی بیٹ کو داد پر ملا جاتا ہے۔ بالوں کی پرورش ختم کرنی ہو تو چمگادڑ کا خون دودھ اور بغل کے خاکستر بال باہم ملا کر اس جگہ مل دیتے ہیں، جس جگہ چمگادڑ کا خون مل دیا جائے وہاں بال نہیں اُگتے۔ چمگادڑ کو خواب میں دیکھنا بدشگونی ہے، اگر کوئی دیکھے کہ چمگادڑ اس کے گھر میں داخل ہو رہی ہے تو یہ علامت ہے کہ وہاں ویرانیوں نے ڈیرے ڈال لئے ہیں۔ چمگادڑ دیکھنے کا مطلب یہ بھی ہوتا ہے کہ کوئی ساحرہ ہلاکتوں کا جال پھیلانے میں مصروف کار ہے، جس سے محتاط ہونے کی ضرورت ہے۔

جھاڑو

مغرب میں جھاڑو اور ڈائن لازم و ملزوم سمجھے جاتے ہیں۔ سب سے پہلے پندرہویں صدی میں بنائی گئی ایک ساحرہ کی تصویر میں جھاڑو سے افسوں گری اور عورت کی شخصی قوت کا پرانا گٹھ جوڑ دکھایا گیا ہے۔ زمانہ قدیم میں جھاڑو عورت کی ایسی ضرورت نظر آتا ہے، جیسے مردوں کے ہاتھ میں عصا۔ روم میں زچہ و بچہ ولادت کے عمل کے بعد اپنے ہاتھوں سے صحن میں جھاڑو دینا ایک مقدس رسم سمجھتی تھی۔ جھاڑو زچہ و بچہ کو بدروحوں سے محفوظ و مامون رکھنے کا ذریعہ سمجھا جاتا تھا۔ اس دور میں جھاڑو ایک ارضی تحفہ اور ایک پرشوکت شئے تصور کیا جاتا۔ ماضی قریب تک انگلستان میں رسم تھی کہ اگر عورتیں جھاڑو کو گھر سے باہر چھوڑ جائیں تو یہ آنے والوں کے لئے اس پیام کی علامت ہوتا کہ صاحب خانہ گھر پر نہیں ہے۔ جھاڑو کو پیچھے چھوڑنے کا مطلب دیکھنے ... آجاتا ...

سنوارنے اور سجانے والی قوت گھر سے جا چکی ہے۔ خانہ بدوشوں کی رسم ہے کہ نوبیاہتا جوڑے کو نئے گھر میں جھاڑو کے اوپر سے پھلانگنے کو کہتے ہیں۔ عہد جدید میں Waccana ایک رسم کے طور پر جھاڑو کے اوپر سے جست لگانے کی اسی پرانی روایت کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ جب ساحروں کے خلاف فضا پیدا ہوئی تو ساحروں کے دیگر آلات سحر کی طرح اس آلۂ سحر کے خلاف بھی لوگوں کے دلوں میں نفرت کا جذبہ بیدار کر دیا گیا، مگر عقوبت خانوں میں اعترافات کرنے ساحرین کی بہت کم تعداد نے جھاڑو کے سحری خواص پر روشنی ڈالنی پسند کی۔ اس بات کو پردہ اخفا میں رکھنے والے مقید ساحرین میں ایک استثنیٰ "گلڈون بوبان" نامی ایک لڑکی تھی۔ جس نے ۱۵۹۸ء میں اعتراف کیا کہ وہ اور اس کی ماں twigs سے بنے ہوئے جھاڑو پر سوار ہو کر مکان کی چمنی سے گزر کر ساحروں کے سالانہ اجتماع sabbat میں شرکت کے لئے جاتے تھے۔

ڈائن کا جھاڑو پر بیٹھ کر مائل بہ پرواز ہونے کا تصور قدیم اعترافات سے پیدا نہیں ہوا بلکہ اس کا ماخذ Grotesque کی بنائی ہوئی تصویریں ہیں، جن سے پہلے پہل اس طرف انسانوں کا دھیان مبذول ہوا۔ اس جھاڑو کو ترجیحی طور پر Hazel سے تیار کیا جاتا ہے، بسا اوقات ڈائنوں نے تسلیم کیا کہ انہوں نے پرواز کے لئے جھاڑو پر سوار ہو کر اپنے آپ کو Annuint کیا۔ چھڑی تھام کر کچھ دور تک لمبے لمبے ڈگ بھرے، پھر منتر پڑھے، جس کے بعد ان کا وجود فضا میں اُڑنے لگا۔

Franche Comte کی مذکورہ ClaudinBobaiy اور اس کی والدہ نے اسی طریقہ کار پر عمل کر کے قوت پرواز حاصل کی تھی۔ یہ ان چند افراد میں شمار ہوتی ہے۔ جنہوں نے "چمنی" کے ذریعہ پرواز کرنے کے بارے میں لب کشائی کی ہے۔

جادو کی چھڑی

ساحرین کے حلقوں میں چھڑی ہر زمانہ میں مقبول رہی ہے۔ عورت کی بچہ دانی (uterus) سے اس کا بنیادی خیال حاصل کیا گیا ہے۔ بچہ دانی حیات بخش ہے، اس کے پردے وا ہوتے ہیں، تو انسانی زندگی بچے کی صورت میں مادی دنیا میں داخل ہوتی ہے۔

یہ بالکل اس طرح جیسے مرد کے اعضاء جنسیہ بعد ازاں مقاصد سحر کے لئے شخصیت کے اظہار میں اہمیت حاصل کر گئے اور آنکھ کا نمونہ بھی اہم ہوگیا۔ جس پر زندگی کا مدار ہے۔ اسی طرح ہاتھ اور ٹانگ کی علامت بھی تعویذوں کی اشکال وضع کرنے میں محرک ثابت ہوئیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

Asim Jafri, Delhi

عملیات حروف صوامت

مولانا حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

قسط نمبر: ۳۲

برائے حصول مرتبہ و برائے محبت

حروف صوامت کے کچھ حیرت انگیز عملیات قارئین کے لئے نقل کئے جا رہے ہیں ان عملیات میں ان اسماء الٰہی کے ذریعہ روحانی امداد حاصل کی جائے گی جو حروف صوامت پر مشتمل ہوں۔

طریقہ کار یہ ہے کہ طالب کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے نقطے والے حروف حذف کرکے جو حروف باقی رہیں گے ان کے اعداد میں اسم الٰہی کے اعداد شامل کریں گے اور نقش خالی البطن تیار کریں گے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کریں گے اور حاصل تقسیم کو نقش کے پہلے خانہ میں رکھ کر ہر خانہ میں اتنے ہی اعداد کا اضافہ کرتے رہیں گے۔ اگر تقسیم کے بعد کچھ باقی رہے تو اس کو خانہ ۶ میں بڑھا دیں گے۔ اس کے بعد حسب قاعدہ ہر خانہ میں پہلے والے خانہ کے اعداد کا اضافہ کرتے رہیں گے نقش صحیح بن جائے گا اور ہر سطر کی میزان برابر آئے گی۔ نقش کے پیٹ میں طالب کا نام مع والدہ اور مع مقصد لکھ دیں گے۔ دو نقش بنیں گے ایک نقش طالب کے گھر میں لٹکے گا، ایک نقش طالب کے دائیں بازو پر بندھے گا، نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کریں گے۔ مثلاً محمد شریف ابن نرگس کے لئے برائے عزت و رفعت اور برائے حصول مرتبہ نقش تیار کرنا ہے تو کارروائی اس طرح کریں گے۔

محمد شریف کے نام میں ۳ حروف نقطے والے ہیں ان کو حذف کرکے باقی حروف مع اعداد یہ ہیں۔ م، ح، م، د، ر = ۲۹۲ نرگس کے نام میں نقطہ والا ایک حرف ہے اس کو حذف کرکے باقی حروف مع اعداد یہ ہیں۔ ر، گ، س = ۲۸۰۔

دونوں کے مجموعی اعداد یہ ہیں۔ ۲۷۲
اسم الٰہی یا عالی، اعداد ۱۱۱
میزان ۳۸۳

۱۲) ۳۸۳ (۳۱
۳۶
۲۳
۱۲
۱۱

حاصل تقسیم ۳۱ ہے۔ تقسیم کے بعد ۱۱ باقی رہے۔ ۳۱ کو خانہ اول میں رکھ کر ہر خانہ میں ۳۱ کا اضافہ کریں گے۔ نقش میں چونکہ کسر ہے اس لئے چھٹے خانہ میں ۳۱ کے بجائے ۴۲ کا اضافہ کریں گے۔

نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۳	۸	۱
۷		۵
۲	۴	۶

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۹۳	۲۵۹	۳۱
۲۲۸		۱۵۵
۶۲	۱۲۴	۱۹۷

دیکھئے ہر طرف سے میزان ۳۸۳ آرہی ہے۔

دوسری مثال برائے تسخیر و محبت اسم الٰہی یا حامد، نام طالب جواد حسین ابن اکبری بیگم۔

و، ا، د، ح، س = ۷۹
ا، ک، ر، ۲۲۱
اسم الٰہی یا حامد ۵۳
میزان ۳۵۳

۱۲) ۳۵۳ (۲۹
۲۴
۱۱۳
۱۰۸
۵

نقش اس طرح بنے گا۔ ۷۸۶

۸۷	۲۳۷	۲۹
۲۰۸	الٰہی جواد حسین ابن اکبری بیگم کو تسخیر و محبت کی دولت سے نواز دے	۱۴۵
۵۸	۱۲۴	۱۹۷

Asim Jafri, Delhi

اگر آپ تقدیر و تدبیر پر یقین رکھتے ہیں تو

اپنا روحانی زائچہ بنوایئے

یہ زائچہ زندگی کے ہر موڑ پر آپ کے لئے انشاء اللہ رہنما و مشیر ثابت ہوگا

اس کی مدد سے آپ بے شمار حادثات، ناگہانی آفتوں اور کاروباری نقصانات سے محفوظ رہیں گے اور انشاء اللہ آپ کا ہر قدم ترقی کی طرف اٹھے گا۔

- آپ کا مزاج کیا ہے؟
- آپ کا مفرد عدد کیا ہے؟
- آپ کا مرکب عدد کیا ہے؟
- آپ کے لئے کون سا عدد لکی ہے؟
- آپ کے لئے نقصان دہ اعداد کون سے ہیں؟
- آپ کو مصائب سے نجات دلانے والے صدقات؟
- آپ کے لئے کون سی تاریخیں مبارک ہیں؟
- آپ کے لئے کون سا دن اہم ہے؟
- آپ کو کون سے رنگ اور پتھر راس آئیں گے؟
- آپ پر کون سی بیماریاں حملہ آور ہو سکتی ہیں؟
- آپ کے لئے موزوں تسبیحات؟
- آپ کا اسم اعظم کیا ہے؟ (وغیرہ)

اللہ کی بنائی ہوئی اسباب سے بھری اس دنیا میں اللہ ہی کے پیدا کردہ اسباب کو ملحوظ رکھ کر اپنے قدم اٹھایئے ——— پھر دیکھئے کہ تدبیر اور تقدیر کس طرح گلے ملتی ہیں؟

ہدیہ -/500 روپے

خواہش مند حضرات اپنا نام والدہ کا نام اگر شادی ہوگئی ہو تو بیوی کا نام، تاریخ پیدائش یاد ہو تو وقت پیدائش، یوم پیدائش ورنہ اپنی عمر لکھیں۔

طلب کرنے پر آپ کا **شخصیت نامہ** بھی بھیجا جاتا ہے، جس میں آپ کے تعمیری اور تخریبی اوصاف کی تفصیل ہوتی ہے، اس کو پڑھ کر آپ اپنی خوبیوں اور کمزوریوں سے واقف ہو کر اپنی اصلاح کر سکتے ہیں۔ ہدیہ -/300 روپے

ہدیہ پیشگی آنا ضروری ہے

خواہش مند حضرات خط و کتابت کریں

اعلان کنندہ : ہا[illegible] 01336-224748

Asim Jafri, Delhi

حضرت ایوب علیہ السّلام

براہ راست دلوں پر اثر انداز ہونے والے واقعات میں سے ایک

صبر ایوبؑ مثالی حیثیت رکھتا ہے اور دنیا نے متفقہ طور پر یہ مان لیا ہے کہ صبر کی حدیں حضرت ایوب علیہ السلام پر ختم ہوجاتی ہیں، جہاں حضرت ایوب علیہ السلام کا نام لیا گیا وہیں ذہن فوراً صبر و شکر کی طرف منتقل ہوجاتا ہے۔ لیکن پھر وہی بات کہ حضرت ایوب علیہ السلام کا تعلق کہاں سے تھا، کون تھے؟ انہیں آزمائش میں کیوں ڈالا گیا؟ یہ انتہائی مصیبتوں میں بھی کس طرح اللہ کے انتہائی صابر و شاکر بندے رہے اور انہیں کس کس طرح ورغلانے یا بہکانے کی کوششیں کی گئی مگر یہ پھر بھی کس طرح اللہ کی مشیت کے قائل رہے اور کسی حال میں بھی اللہ کی شکایت نہیں کی یعنی نہ تو اللہ کی شکایت کسی انسان سے کی اور نہ اپنے دکھوں کی شکایت اللہ سے کی۔ حضرت ایوبؑ کے حالات بھی ایسے ہیں کہ ان کی آج کی انتہائی مادی زندگی میں تشہیر کی جائے۔

عرب میں ایک جگہ تھی عوض۔ یہ علاقہ عرب میں اس طرح واقع تھا کہ اس کی شمالی سرحد بابل سے مل جاتی تھی اور جنوبی سرحد سبا تک چلی جاتی تھی۔ آج کل خلیج عمان کے ساحل پر جو عرب علاقہ ہے، یہیں کہیں عوض واقع تھا۔

کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کے ایک فرزند کا نام ارم تھا۔ ارم کے چار بیٹے تھے اور ان چاروں میں سے ایک کا نام عوض تھا۔ یہ مذکورہ عوض اسی بیٹے کے نام سے آباد تھا۔

> ایک بے مثال صابر و شاکر بندے انہیں غیر معمولی عقل بھی عطا ہوئی تھی۔ عقل جو بھیس بدلنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ حالات اور وقت کے مطابق روپ دھار لیتی ہے۔ حضرت ایوب علیہ السلام کے سامنے بے بس ہوگئی۔
>
> ایک ایسا نام جس سے ساڑھے تین ہزار سالوں سے انسان واقف ہے مگر اس کے حالات سے واقف نہیں۔ قرآن پاک میں اس کا اجمالاً ذکر ہے۔ اس کا منظوم احوال سفرنامۂ ایوب شعر و ادب کا قدیم ترین عربی شاہکار ہے۔ یہ یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ گوئٹے کے فاؤسٹ کا بنیادی تخیل اسی سفرنامہ سے اخذ کیا گیا ہے۔
>
> ایک خاص انسان، خواص و عوام کی آگہی کے لئے ہم سب کے سامنے سوال و جواب کے شہ پارے، ایمانی استقامت کے شاندار مناظرے، دلچسپ واقعات کے پراثر کچوکے۔

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل نے ادھر اُدھر آباد ہونا شروع کیا تو حضرت ایوب علیہ السلام بھی عوض چلے آئے کیونکہ ان کا تعلق بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے تھا۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ یہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔

حضرت یعقوب علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام اشکار تھا اور یہ اشکار حضرت یوسف علیہ السلام کی ماں کی طرف سے سوتیلے بھائی تھے۔ ان اشکار کے چار بیٹے تھے۔ تولع، فودہ، ایوب اور شمرون۔ گویا اس طرح یہ حضرت یوسف علیہ السلام کے سوتیلے بھتیجے تھے۔ عوض میں آباد ہوجانے کے بعد حضرت ایوب علیہ السلام نے بڑی ترقی کی عہد نامۂ قدیم کے مطابق حضرت ایوبؑ اپنے زمانہ کے نہایت دولت مند انسان تھے۔

سات ہزار بھیڑیں، تین ہزار اونٹ، ایک ہزار بیل اور پانچ سو باربرداری کے گدھے ان کی ملکیت تھے۔ اولاد میں تین بیٹیاں اور سات بیٹے خدا نے انہیں دے رکھے تھے۔ نوکر چاکر بھی بہت زیادہ تھے۔

اللہ نے انہیں جن نعمتوں سے نوازا تھا ان میں سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ وہ نہایت راست باز انسان تھے۔ دین داری کا یہ عالم تھا کہ وہ جانوروں کی قربانیاں دیتے رہا کرتے تھے کہ شاید ان کے کسی بیٹے سے کوئی ایسی خطا سرزد ہوگئی ہو جس میں تکفیر کا پہلو موجود ہو۔ عہد نامہ قدیم کے مطابق شیطان حضرت ایوب علیہ السلام سے بے حد حسد کرتا تھا مگر

Asim Jafri, Delhi

انہیں ورغلانے میں ہمیشہ ناکام رہتا تھا۔ چنانچہ ایک دن جب شیطان خدا کے روبرو حاضر ہوا تو خدا نے اس سے پوچھا "تو کہاں سے آیا ہے۔؟"

شیطان نے خداوند کو جواب دیا۔ "زمین پر اِدھر اُدھر گھوم پھر رہا تھا اور خاصی سیر کرنے کے بعد یہاں آیا ہوں۔"

خداوند نے شیطان سے پوچھا۔ "کیا تو نے میرے بندے ایوب علیہ السلام کو بھی دیکھا، اس کے حال پر بھی کچھ غور کیا۔؟"

شیطان نے جواب دیا۔ "ہاں میں نے اسے دیکھا بھی اور اس پر غور بھی کیا مگر میں اس کے بارے میں قطعی کچھ نہیں کہہ سکتا۔"

خداوند نے کہا۔ "آج روئے زمین پر اس جیسا کامل اور راست باز کوئی دوسرا انسان نہیں، وہ مجھ سے ڈرتا ہے اور بدی سے دور رہتا ہے۔"

شیطان نے کہا۔ "خداوند تو نے اسے نوازا بھی تو بہت زیادہ ہے اور اس کے گھر کے چاروں طرف برکتوں کی باڑھ کھڑی کر رکھی ہے۔ تو نے اس کے ہاتھ میں وہ برکت بخشی ہے کہ وہ جو خواہش کرتا ہے، پوری ہو جاتی ہے۔ اس کے گلّے بڑھ گئے ہیں۔ اب اگر اس سے یہ نعمتیں چھین لی جائیں تب پھر دنیا دیکھے گی کہ وہ کتنا راست باز اور صابر و شاکر بندہ ہے۔ اس کی پرہیزگاری اور خداترسی بے غرض نہیں۔"

خدا نے شیطان کو اختیار دیا اور کہا۔ "جو کچھ میرے بندے ایوب کے پاس ہے، اسے میں نے تیرے اختیار میں دیدیا مگر اس کی ذات پر تجھے کوئی اختیار نہیں دیا گیا۔"

شیطان حضرت ایوب علیہ السلام کی آزمائش کیلئے ان کے گھر میں پہنچ گیا۔

حضرت ایوب علیہ السلام کے سات بیٹوں کا یہ دستور تھا کہ ہر ایک بیٹا ایک دن سب کی دعوت کرتا تھا اور چھ بھائی اس کے ساتھ مل کر کھاتے پیتے تھے۔ ان سات دنوں کی ضیافتوں میں ان کی تینوں بہنیں بھی شریک ہو جاتی تھیں۔

ایسی ہی ایک ضیافت میں یہ سب یکجا ہوئے اور کھانے پینے میں مشغول ہو گئے۔ نوکر چاکر اپنے کاموں میں مشغول تھے، کوئی ہل چلا رہا تھا کوئی بار برداری میں مشغول تھا کہ اچانک کھیتوں میں ان پر حملہ ہو گیا۔ نوکر چاکر مارے گئے اور جانور حملہ آور چھین کر لے گئے۔ ایک نوکر زندہ بچ گیا، اس نے حملہ آوروں کے لباس اور چہرے مہرے سے انہیں پہچان لیا کہ یہ جنوب میں واقع سبا سے آئے تھے۔ حملہ آوروں نے اتنی چالاکی اور ہوشیاری سے لوٹ مار اور قتل و غارت گری کی تھی کہ نوکروں میں سے ایک کے سوا کوئی بھی زندہ نہیں بچا اور سارے جانوروں کو وہ اپنے ساتھ لے گئے۔ زندہ بچ جانے والا نوکر ہانپتا کانپتا اور بے حد خوفزدہ حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس پہنچا اور سامنے کھڑے ہو کر رونے لگا۔ حضرت ایوب علیہ السلام نے پوچھا۔ "کیا ہوا! تو کیوں رو رہا ہے۔؟"

نوکر نے سسکیاں لیتے ہوئے کہا۔ "مالک! کچھ بھی نہیں بچا، وہ سب کچھ اپنے ساتھ لے گئے اور میرے ساتھی قتل کر دیئے گئے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام کے دل پر اس بری خبر کا اثر ہوا، پوچھا، وہ کون تھے اور انہوں نے ایسا کیوں کیا۔؟"

نوکر نے جواب دیا۔ "میں تو صرف یہ جانتا ہوں کہ لٹیرے ملک سبا سے آئے تھے جو میرے ساتھیوں کو قتل کر کے سارے مویشی اپنے ساتھ لے گئے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے آسمان کی طرف دیکھا اور کہا۔ "خدایا یہ سب کچھ تیرا دیا ہوا تھا، میں تو اپنی ماں کے پیٹ سے برہنہ آیا تھا اور برہنہ ہی چلا جاؤں تو مجھے تجھ سے کوئی شکایت نہ ہو گی۔"

بقیہ نوکر چاکر کہیں دوسری جگہ بھیڑوں پر متعین تھے۔ انہوں نے آسمان سے آگ اترتے دیکھی، سب ہی نے بھاگ نکلنے کی کوشش کی مگر ایک کے سوا سارے نوکر چاکر اور بھیڑیں آگ کی زد میں آگئیں اور چشم زدن میں سب کچھ جل گیا۔ نہ نوکر بچے اور نہ سات ہزار بھیڑیں۔

زندہ بچ جانے والے اس دوسرے نوکر نے بھی رو رو کر اپنی روداد سنائی اور کہا۔ "آگ کا یہ عذاب آسمان سے نازل ہوا تھا اس لئے آپ اللہ سے کہیں کہ آپ تو ایک راست باز انسان ہیں پھر یہ آپ کی املاک پر آسمان سے آگ کا عذاب کیوں نازل کیا گیا۔؟"

حضرت ایوب علیہ السلام نے اس زندہ بچ جانے والے نوکر کو منع کیا۔ "تکفیر نہ کر، جب اللہ نے مجھے سات ہزار بھیڑیں دی تھیں تو اس وقت کسی نے مجھ سے یہ نہیں کہا تھا کہ میں اللہ سے پوچھوں کہ وہ مجھ پر اتنا مہربان کیوں ہے۔ اسی نے ازراہ کرم اور مہربانی سات ہزار بھیڑیں بخشی تھیں، اسی نے واپس لے لیں پھر گلہ شکوہ کس بات کا۔"

ابھی ان دو بری خبروں نے حضرت ایوب علیہ السلام کو بظاہر پریشان کیا تھا کہ تین ہزار اونٹوں کے گلّے پر بابلیوں نے حملہ کر دیا۔ یہ تین الگ الگ بابلیوں کے غول تھے۔ یہاں بھی سارے نوکر چاکر قتل کر دیئے گئے اور یہاں بھی تین ہزار اونٹ تینوں بابلی غول لے گئے۔ نوکر چاکر مارے گئے۔ ایک نوکر یہ بری خبر سنانے کے لئے زندہ بچ گیا اور بدحواس

Asim Jafri, Delhi

گھبرایا ہوا حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس پہنچا اور کہا۔ ''اے میرے آقا! ہم کہیں کے بھی نہ رہے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے پوچھا۔ ''تیرے ساتھ کیا سانحہ پیش آیا، تو بے خوف بیان کردے۔؟ خدا نے چاہا تو میں شکر کرنے والا ہی رہوں گا اور صبر کا دامن میرے ہاتھ سے نہیں چھوٹے گا۔''

نوکر نے ساری روداد غم بیان کردی اور کہا۔ ''ان ظالموں نے اپنی دانست میں ہم سب کو قتل کردیا تھا مگر میری زندگی تھی کہ میں بچ گیا۔ سارے اونٹ بابلی لٹیرے اپنے ساتھ لے گئے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے پھر کلمہ صبر و شکر ادا کیا اور نوکر سے کہا۔ ''میں برہنہ دنیا میں آیا تھا اور برہنہ ہی اس دنیا سے اٹھ جاؤں تو اس میں عجیب بات کیا ہوگی اور میں کس زبان سے خدا سے شکوہ کروں گا۔''

یہاں گھر سے دور یہ ساری مصیبتیں ٹوٹ رہی تھیں اور حضرت ایوب علیہ السلام کی اولاد ضیافت کے مزے اڑا رہی تھی۔ کھانے پینے میں وہ سب اتنے مشغول تھے کہ وہ اس اٹھنے والی آندھی کو نہ دیکھ سکے جو بیابان سے ان کی طرف بڑھی چلی آرہی تھی۔

ہواؤں کے طوفانی جھکڑوں کی آوازیں اس وقت ان کے کانوں میں پڑیں جب یہ طوفانی تھپیڑے ان کے مکان کی دیواریں اور چھتیں بٹھانے لگے۔

ایک چالاک نوکر بھاگ نکلا اور اس کے نکل جانے کے فوراً بعد ہی دیواریں گرنا شروع ہوگئیں اور چھتیں بیٹھ گئیں۔ چھت کے نیچے جو بھی تھا ہلاک ہوگیا۔

یہ زندہ بچ جانے والا نوکر حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس پہنچا اور جو کچھ اس نے دیکھا تھا جو کچھ اس کی سمجھ میں آیا تھا، اس سے اس نے اپنے آقا حضرت ایوب علیہ السلام کو خبردار کردیا۔ ''میرے آقا! خدا ایسا غم کسی کو بھی نہ دے، آپ کی جملہ اولاد آپ سے چھین لی گئیں اس لئے ان سب کے غم میں آپ جتنے بھی آنسو بہائیں کم ہیں۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے اس بار بھی خدا کا شکر ادا کیا اور کہا۔ ''یہ اولاد بھی اسی کی دی ہوئی تھی، دی تو سالوں میں تھی اور واپس پلک جھپکتے میں لے لی۔ جس طرح وہ اولاد دینے میں صاحب اختیار تھا اسی طرح واپس لینے میں بھی وہ صاحب اختیار ہے پھر میں اپنے مصائب کی شکایت کیوں اور کس سے کروں۔؟''

نوکر نے عرض کیا۔ [illegible] ساتھ [illegible]

ہوگئی۔ اپنے خدا سے کہیں کہ وہ آپ کو مزید آزمائش میں نہ ڈالے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنے ملازم کو منع کیا۔ ''دیکھ آئندہ تو خدا کے بارے میں کوئی ایسی ویسی بات نہیں کرے گا کیونکہ خدائی کارخانہ میں کسی کو دم مارنے کا اختیار نہیں دیا گیا، جا اپنا کام کر۔''

اس کے بعد حضرت ایوب علیہ السلام نے اٹھ کر اپنا پیراہن چاک کیا اور سر کے بال کٹوا دیئے پھر زمین پر گر کے سجدہ کیا اور کہا۔ خداوند! سب جانتے ہیں کہ میں اپنی ماں کے پیٹ سے ننگا نکلا تھا اور ننگا ہی واپس جاؤں گا تو نے جو کچھ مجھے دیا تھا وہ واپس لے لیا، تیرا نام مبارک ہے۔''

بیوی کو یہ ساری خبریں بہت بعد میں ملیں۔ انہوں نے حضرت ایوب علیہ السلام سے کہا۔ ''تم تو بڑے پاک اور راست باز تھے مگر تمہارے خداوند نے تم سے یہ کیسا سلوک کیا۔ کیا تم اب بھی خداوند کے شکر گزار رہوگے۔''؟

حضرت ایوب علیہ السلام نے بیوی کو منع کیا کہ وہ خداوند کی شان میں تکفیر نہ کرے۔

بیوی نے روتے ہوئے جھگڑنے کے انداز میں کہا۔ ''تم تو اپنے رب کے بڑے شکر گزار بندے تھے۔ اس نے تمہاری شکر گزاری کا یہ صلہ دیا کہ مویشیوں، نوکروں اور اولاد سے محروم کردیا۔ اب تمہارے پاس خداوند کی شکر گزاری کے لئے کچھ بھی نہیں رہا۔ تم سے اچھے تو وہ لوگ ہیں جو تمہارے خداوند کے بجائے دیوی دیوتاؤں کو پوجتے ہیں۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے دل شکستہ لہجے میں کہا۔ ''بیوی! تو اپنی ذات پر ظلم کررہی ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس تکفیر کا تجھ پر عذاب نازل ہو، ویسے میری طرف دیکھ کہ میں اب بھی صحت مند ہوں اور اس صحت مندی پر شکر گزار ہوں۔''

شیطان حضرت ایوب علیہ السلام کی راست بازی اور شکر گزاری پر بہت مغموم تھا۔ وہ اب بھی یہ ماننے کو تیار نہ تھا کہ حضرت ایوب علیہ السلام روئے زمین کے سب سے زیادہ راست باز اور اللہ کے شکر گزار بندے ہیں۔ بیوی سے جو باتیں ہوئیں وہ بھی شیطان نے سنیں مگر وہ اب بھی یہ ماننے کو تیار نہ تھا کہ حضرت ایوب علیہ السلام ہر حال میں اللہ کے صابر وشاکر بندے رہیں گے۔

شیطان دنیا بھر کی سیر کرنے کے بعد خدا کے روبرو پہنچا تو خداوند نے اس سے پوچھا۔ ''تو کہاں سے آرہا ہے۔''؟

شیطان نے جواب دیا۔ ''خداوند! میں زمین پر ادھر ادھر گھومتا پھرتا

Asim Jafri, Delhi

رہا، سیر کرتا رہا، اب یہاں آ گیا ہوں۔"

خداوند نے شیطان سے پھر وہی سوال کیا۔ "تو نے میرے بندے ایوب کے حال پر بھی کچھ غور کیا کیونکہ زمین پر اس جیسا کامل اور راست باز دوسرا کوئی آدمی نہیں۔ وہ مجھ سے ڈرتا ہے اور بدی سے دور رہتا ہے حالانکہ اس کا مال واسباب ضائع کر دیا گیا۔ اولاد بھی ہلاک کر دی گئی۔ اس کے نوکر چاکر بھی یا تو قتل ہوئے یا کسی اور طرح ہلاک ہوئے، مویشی چھن گئے، میں دیکھتا ہوں کہ وہ اس حال میں بھی میرا شکر گزار ہے اور اپنی راستی پر قائم ہے۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ اس کی بیوی ہمت ہار گئی اور صبر وشکر کا دامن اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا مگر وہ ایوب کو جادۂ استقامت سے نہ ہٹا سکی۔ وہ اب بھی میرا شکر گزار ہے۔"

شیطان نے کہا۔ "اے خداوند! اس کے صبر وشکر کے مراحل اس وقت تک طے نہ ہوں گے جب تک وہ صحت مند ہے۔ اگر اس کی کھال اور گوشت، ہڈی کو چھوڑے تب میں دیکھوں گا کہ وہ کس طرح تیرا شکر ادا کرتا ہے۔ آدمی اپنا سارا مال اپنی جان پر قربان کر دیتا ہے۔"

خداوند نے کہا۔ "میں نے پہلے ایوب کے مال واولاد پر تجھے اختیار دیا تھا اب تو ایوب کی صحت برباد کرنا چاہتا ہے، جا میں نے تجھے اختیار دیا۔ ایوب کی صحت کو برباد کر دے مگر یہ خیال رہے کہ میں نے ایوب کی صحت تیرے اختیار میں دیدی مگر اس کی جان تیرے اختیار میں نہیں دی ہے۔"

شیطان وہاں سے چلا آیا اور حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس آ گیا۔ ان کو ایک ایسی بیماری میں مبتلا کر دیا کہ ان کے سارے جسم پر آبلے نمودار ہو گئے۔

حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس اس بیماری کا کوئی علاج نہ تھا۔ تلوے سے لے کر سر تک پھوڑے نمودار ہو گئے تھے۔

بیوی نے جو یہ حال دیکھا تو پوچھا۔ "تم کس خدا کے شکر گزار ہو، وہی نا جس نے تم کو اس مہلک مرض میں مبتلا کر دیا۔ کیا تم اب بھی اپنے رب کا شکر ادا کرتے رہو گے۔؟"

حضرت ایوب علیہ السلام نے جواب دیا۔ "بیوی! تو بیماری کی بات کرتی ہے، جب میں صحت مند تھا تو وہ خدا کی عطا کی ہوئی تندرستی تھی اب مجھے بیماری کا دکھ دیا گیا ہے تو جب تک جان ہے، میں اپنے رب کا شکر گزار رہوں گا۔

بیوی کو غصہ آ گیا، انہوں نے کہا۔ "کمال ہے کہ اب بھی تمہارا خدا پر ایمان اور بھروسہ ہے، میں کہتی ہوں اس مصیبت کے ساتھ جینے سے تو خدا

کی ناشکری کر کے مر جانا بہتر ہے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے بے حد دکھ سے کہا۔ "تو کیسی بے وقوف عورت ہے جو مجھے گمراہ کرنا چاہتی ہے۔ جب خدا کی طرف سے ہم پر نعمتیں اور برکتیں آئیں تو ان کو ہم نے خوشی خوشی لے لیا اب اگر ہم پر مصیبت ڈالی گئی ہے تو ہم اسے صبر وشکر سے کیوں نہ جھیلیں۔"

بیماری نے اتنی خوفناک شکل اختیار کر لی کہ حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنے آگے راکھ کا ڈھیر لگا لیا۔ وہ اس پر بیٹھ گئے اور ایک ٹھیکرے سے جسم کو کھجانا شروع کر دیا۔

صحت اتنی برباد ہوئی کہ روز کا دیکھنے والا بھی انہیں دیکھتا تو نہ پہچان پاتا۔

جو لوگ حضرت ایوب علیہ السلام سے واقف تھے وہ انہیں دیکھ دیکھ کر آپس میں کہتے تھے کہ یہ تو اللہ کا بڑا راست باز بندہ تھا پھر اس پر یہ مصیبت کیوں نازل ہوئی۔ انہیں دیکھ دیکھ کر اور حیرت ہوتی تھی کہ اس حال میں بھی حضرت ایوب علیہ السلام کی زبان سے حمد وشکر کے سوا کوئی کلمہ ادا نہ ہوتا تھا۔ عزیز رشتے دار اور ملنے جلنے والے کنارہ کشی اختیار کر چکے تھے مگر بیوی اس حال میں بھی حضرت ایوب علیہ السلام کی رفیق تھیں۔ حالانکہ انہوں نے بیوی کو جھڑک دیا تھا۔ بالآخر بیوی کو بھی لوگوں نے ورغلایا اور انہوں نے بھی حضرت ایوب علیہ السلام سے دوری اختیار کر لی۔

کہیں دور حضرت ایوب علیہ السلام کے تین دوست رہتے تھے، ان تینوں کے نام تھے، الی فز تیمانی، بلدد سوخی اور ضوفر نعماتی۔ انہیں کسی نے بتایا کہ ان کے دوست حضرت ایوب علیہ السلام پر ایسی مصیبت آئی ہے کہ انہیں جو دیکھتا ہے اسے افسوس ہوتا ہے، اولاد، نوکر چاکر، مویشی ہلاک ہو گئے، املاک برباد ہو گئی اور ایک خطرناک بیماری نے ان کی صحت برباد کر دی۔ لوگ کہتے ہیں کہ عزیزوں اور رشتے داروں کے ساتھ ہی ان کی بیوی نے بھی کنارہ کشی اختیار کر لی ہے، وہ تینوں اپنے دوست کے پاس جائیں اور اس کی خبر لیں۔

تینوں دوست حضرت ایوب علیہ السلام کی غمگساری، عیادت اور تعزیت کے لئے اپنے شہروں سے چل پڑے۔ حضرت ایوب علیہ السلام کے شہر میں داخل ہوئے اور لوگوں سے ان کے بارے میں پوچھا۔ "ہمارا دوست ایوب کہاں ہے۔؟ سنا ہے وہ مصیبت میں ہے۔"

لوگوں نے تینوں کو حضرت ایوب علیہ السلام کے سامنے مگر دور لے جا کے علیحدگی اختیار کی اور ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "وہ جو

Asim Jafri, Delhi

راکھ کے ڈھیر پر بیٹھا ٹھیکرے سے جسم کو کھجا رہا ہے وہی ایوب ہے۔"

تینوں دوستوں نے دور ہی سے حضرت ایوب علیہ السلام کو دیکھا اور انہیں پہچان نہ سکے۔ تینوں کو بڑا دکھ پہنچا۔ وہ چیخ چیخ کر رونے لگے۔ ہر ایک نے اپنا پیراہن چاک کر ڈالا اور سر کے اوپر دھول ڈالی۔ اس کے بعد تینوں حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس گئے اور خاموشی سے بیٹھ گئے۔ ایسا لگتا تھا جیسے تینوں گونگے ہیں۔

اسی حال میں سات دن اور سات راتیں گزر گئیں۔ آخر حضرت ایوب علیہ السلام نے سکوت توڑا اور کہا۔ "دوستو! نابود ہو وہ دن جس دن میں پیدا ہوا تھا، وہ رات بھی جس میں کہا گیا تھا کہ دیکھو بیٹا پیدا ہوا۔" وہ دن تاریک ہو جائے اور خدا اس کا لحاظ نہ کرے اور نہ اس پر روشنی پڑے۔ اس پر بدلی چھاؤں رہے، اندھیرے اور موت کا سایہ اس پر قابض ہو جائے۔

"وہ رات بانجھ ہو جائے۔ اس میں خوشی کی کوئی صدا نہ آئے اس کی شام کے تارے تاریک ہو جائیں۔"

"میں نے پیٹ سے نکلتے ہی جان کیوں نہ دیدی۔ دکھیارے کو روشنی اور تلخ جان کو زندگی کیوں ملتی ہے۔؟ آخر موت کی راہ دیکھتے ہیں پر وہ نہیں آتی۔ حالانکہ چھپے خزانوں سے زیادہ نیند کے جویا ہوتے ہیں۔ وہ نہایت شادمان اور خوش اس وقت ہوتے ہیں جب قبر کو پالیتے ہیں، مجھے دیکھو میرے کھانے کی جگہ میری آہیں ہیں۔ میرا کراہنا آبلوں کے پانی کی طرح جاری ہے۔ دوستو! جس بات سے میں ڈرتا ہوں وہی مجھ پر آئی ہے جس بات کا مجھے خوف ہوتا ہے وہی مجھ پر گزرتی ہے کیونکہ مجھے نہ چین ہے نہ آرام، نہ مجھے کل پڑتی ہے بلکہ مصیبت ہی آتی ہے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام کے تینوں دوست یہ سب سنتے رہے۔ آخر تیمانی سے نہ رہا گیا اور اس نے کہا۔ "ایوب! اگر کوئی تجھ سے بات چیت کرنے کی کوشش کرے تو کیا تو رنجیدہ ہوگا؟ میں بغیر بولے نہیں رہ سکتا۔ ایوب! دیکھ تو نے بہتوں کو سکھایا، کمزور ہاتھوں کو مضبوط کیا۔ تیری باتوں نے گرتے ہوئے لوگوں کو سنبھالا اور تو نے لڑکھڑاتے گھٹنوں کو پائیدار کیا۔ پر اب تو تجھی پر آپڑی ہے اور تو بے دل ہوا جاتا ہے۔

"اس نے تجھے چھوا اور تو گھبرا اٹھا، کیا تیری خدا ترسی ہی تیرا اعتماد نہیں ہے۔؟ کیا تیری راہوں کی راستی تیری امید نہیں ہے۔ ذرا یاد کر کہیں کبھی کوئی معصوم تیرے ہاتھوں ہلاک تو نہیں ہوا۔ ایسا تو کبھی نہیں ہوتا کہ راست باز بھی کاٹ ڈالے گئے ہوں، میں نے تو یہی دیکھا ہے کہ جو گناہ کو جوتتے ہیں اور دکھ کو بوتے ہیں وہی اس کو کاٹتے بھی ہیں، جو شیر کی گرج اور اس کی دہاڑ جو خونخوار ہوتا ہے تو اس کے اپنے دانت اور بچوں کے دانت یہ سب توڑے جاتے ہیں۔

"دوست! ایک بات چپکے سے میرے پاس پہنچائی گئی اور پھر میں نے ایک آواز سنی، کسی نے مجھ سے پوچھا، کیا فانی انسان خدا سے زیادہ عادل ہوگا، کیا آدمی اپنے خالق سے زیادہ پاک ٹھہرے گا؟ سوچ ان کی حقیقت ہی کیا جو مٹی کے مکانوں میں رہتے ہیں، میں نے بے وقوف کو جڑ پکڑتے دیکھا ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام نے ایسا محسوس کیا کہ ان کا دوست ان سے کہہ رہا ہے کہ جب انہوں نے کوئی بدی نہیں کی تو ان پر یہ عذاب کیوں نازل ہوا۔ دنیا میں تو یہی دیکھنے میں آیا ہے کہ جو بویا جاتا ہے اسی کی فصل تیار ہو جاتی ہے، انہیں یاد آئے یا نہ آئے مگر اسے یہی لگتا ہے کہ انہیں کسی گناہ کی پاداش میں یہ سزا دی گئی ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام کو اس کا دکھ تھا کہ ان کا دوست ان پر اعتبار نہیں کر رہا ہے، کہنے لگے۔ "دوست! یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔ میں نے اپنے علم اور یادداشت میں ایسا کوئی کام نہیں کیا جس کی پاداش میں مجھے یہ سزا دی گئی ہو۔ یہ سب وقت کی باتیں ہیں، میں ہر حال میں خوش ہوں۔ جب خدا مجھ پر مہربان تھا تو میں اندھیرے میں اس کے نور کے ذریعے چلتا تھا، جب خدا کی خوشنودی میرے ڈیرے پر تھی تو میرے پاؤں مکھن سے دھلتے تھے اور چٹان میرے لئے تیل کی ندیاں بہاتی تھی۔ جب میں شہر کے پھاٹک پر جاتا یا اپنے لئے چوک میں بیٹھک تیار کرتا تھا تو جوان مجھے دیکھتے ہی چھپ جاتے تھے، عمر رسیدہ لوگ میرے احترام میں اٹھ کر کھڑے ہو جاتے تھے۔ امرا بولنا بند کر دیتے تھے، ان دنوں جو کان میری کوئی بات سن لیتا تھا تو مجھے مبارک باد دیتا تھا کیونکہ بیشتر لوگ جانتے ہیں کہ میں غریب کو جب وہ فریاد کرتا تھا، چھڑاتا تھا، جس یتیم کا کوئی نہ ہوتا تھا اس کا میں مددگار بن جاتا تھا، یہاں تک کہ ہلاک ہونے والا مجھے دعائیں دیتا تھا، میں بیوہ کو اتنا خوش کر دیتا کہ وہ ہنسنے لگتی اور کبھی گانے بھی لگتی۔ میں نے ہمیشہ صداقت کو پہنا ہے اور کون نہیں جانتا کہ میرا انصاف گویا جبہ اور عمامہ تھا۔

"کون ہے جو نہیں جانتا کہ میں اندھوں کی آنکھیں تھا اور کسے نہیں معلوم کہ میں لنگڑوں کے لئے پاؤں تھا۔ میں محتاج کا باپ تھا اور میں اجنبی کے معاملے میں بھی تحقیق کرتا تھا، اگر اجنبی کسی طاقت یا ظالم کا شکار ہوتا تھا

Asim Jafri, Delhi

تو میں ظالم کے جبڑے توڑ ڈالتا تھا اور اس کے دانتوں سے شکار چھڑا لیتا تھا۔"

مگر حضرت ایوب علیہ السلام کے دوست اپنی عقل کے گمان میں یہی الزام لگاتے رہے کہ ان پر جو کچھ بیتی ہے یا بیت رہی ہے وہ کسی گناہ کا خمیازہ ہے۔ چنانچہ ان کے دوست بلدد سوخی نے حضرت ایوب علیہ السلام سے کہا۔ "کیا خدا بے انصافی کرتا ہے، کیا قادر مطلق عدل کا خون کرتا ہے؟"

"پتہ نہیں تو میرے ان سوالوں کا کیا جواب دے مگر تو اگر پاک دل اور راست باز ہوتا تو اللہ تیرے لئے ضرور بیدار ہو جاتا اور تیری راست بازی کے مسکن کو تر و تازہ کر دیتا۔

"ایوب تو تو بہت سمجھدار انسان ہے، کسی گناہ کے بغیر تیری یہ حالت کیوں کر ہو گئی۔؟ کیا ناگر موتھا بغیر کیچڑ کے اُگ سکتا ہے۔؟ کیا سرکنڈا پانی کے بغیر بیٹھ سکتا ہے؟ مگر وہ کیچڑ اور پانی سے محروم ہو جائیں اور سرسبز وشاداب بھی رہیں، ایسا تو کبھی نہیں ہوا۔ انہیں کاٹا بھی نہ جائے تو بھی وہ اور پودوں سے پہلے سوکھ جاتے ہیں۔

"اے ایوب! ایسا ہی حال ان کا ہوتا ہے جو خدا کو بھول جاتے ہیں اور جب آدمی کے دل میں خدا نہ ہو تو اس کی امید ٹوٹ جاتی ہے۔ دل سے اعتماد رخصت ہو جاتا ہے، اگر دل میں کچھ ایمان ہو بھی تو وہ مکڑی کے جالے کی طرح کمزور ہوتا ہے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے یہ ساری باتیں، بہت دکھ سے سنیں اور افسردہ لہجے میں کہا۔ "دوست! تو نے جو کچھ کہا، وہ سب درست ہے، مگر مجھے یہ تو بتا کہ انسان خدا کے نزدیک کس طرح راست باز ٹھہرتا ہے، اگر انسان عقل سے کام لے اور اللہ اسے بحث کرنے کی اجازت بھی دیدے تو یہ انسان ضعیف البیان اللہ کی ہزار باتوں میں سے کسی ایک کا جواب نہ دے سکے گا۔ پھر میری کیا حقیقت ہے کہ میں اللہ سے اپنے مصائب کا سبب معلوم کروں اور جب اس کی طرف سے مجھے کوئی سبب بتایا جائے تو اس کو رد کرنے کے لئے چھانٹ چھانٹ کر دلیلیں نکالوں۔

"دوست، میں خود کو حق پر سمجھنے کے باوجود اللہ سے شکوہ نہیں کر سکتا، اپنے بارے میں، میں جانتا ہوں کہ کامل ہوں، پر میں اپنے کو کامل نہیں سمجھتا، زندگی بہت حقیر شئے ہے اور اس کا مجھے یقین ہے مگر تو دنیا پر غور کر کہ مجھ پر جو بیتی وہ تکلیف دہ ہے مگر دوسرے جو ناقص ہیں، بہت زیادہ خوش ہیں، تو میرا رب کامل اور شریر دونوں کو ہلاک کر دیتا ہے۔"

تینوں دوست ان سے بحث کر رہے تھے، حضرت ایوب علیہ السلام کے جوابات نہایت معقول اور مدلل تھے، تینوں کو ان کا قائل ہو جانا چاہئے تھا مگر وہ بحث کرتے رہے۔ تیسرے دوست ضوفر نعماتی نے کہا۔ "ایوب تو کہتا ہے کہ تیری تعلیم پاک ہے، اور تو بے گناہ ہے مگر میں کس طرح مان لوں کہ تو بے گناہ ہے، کاش خدا خود بولے اور تیرے خلاف اپنے لبوں کو کھولے۔ تجھے اپنی حکمت کے اسرار دکھا دے۔ جان لے کہ تیری بدکاری جس لائق ہے، خدا نے اس سے کم ہی تجھ پر عذاب ڈالا ہے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنے دوست کو سمجھایا۔ "ناقص العقل انسان مشیت الٰہی کے اسرار و حکم نہیں سمجھ سکتا کیونکہ انسان کو جو کچھ ملا ہے وہ انتہائی قلیل اور محدود ہے جب کہ مشیت الٰہی کے اسرار و حکم لامحدود ہیں، انسانی فہم اور ادراک سے بالاتر۔

"خدا میں سمجھ اور قوت ہے، اس کے پاس مصلحت اور دانائی ہے، اگر وہ ڈھا دیتا ہے تو پھر وہ بنتا نہیں، اگر وہ انسان کے دل و دماغ پر قفل لگا دیتا ہے تو پھر وہ کھلتا نہیں، جب وہ مینہ کو روک دیتا ہے تو پانی سوکھ جاتا ہے لیکن جب وہ باد و باراں کا لشکر بھیجتا ہے تو زمین کو الٹ دیتا ہے۔ اللہ میں جو قوت ہے اسی قوت نے طوفان باد و باراں کو طاقت اور تاثیر بخش دی ہے۔ "دوست! فریب کھانے والا اور فریب دینے والا دونوں اس کے ہیں، وہ ایمان دار مشیروں کو لٹوا کر اسیری میں لے جاتا ہے اور عدالت کرنے والوں کو بے وقوف بنا دیتا ہے، وہ شاہی اختیارات سلب کر لیتا ہے اور شاہی بندھنوں کو کھول ڈالتا ہے اور یہ اللہ ہی ہے جو بادشاہوں کی کمر پر پٹکا باندھتا ہے۔ وہی کاہنوں کو تباہ کر کے قید خانہ میں لے جاتا ہے اور بڑے بڑے زبردستوں کو پچھاڑ دیتا ہے۔ جنہیں اپنی قوت گویائی پر بھروسہ ہوتا ہے وہ اس وقت قوت گویائی سے اسے محروم کر دیتا ہے۔ وہ صاحب اختیار امراء پر حقارتوں کی بارش کر دیتا ہے اور زور آوروں سے ان کے اختیارات لے لئے جاتے ہیں۔ وہ نامعلوم اتھاہ اندھیروں سے راز کی باتیں آشکار کر دیتا ہے، وہ قوموں کو بہت زیادہ ترقی دے کر ہلاک کر دیتا ہے۔ یہ اللہ ہی ہے جو قوموں کو پہلے تو پھیلاتا ہے پھر انہیں سمیٹ لیتا ہے۔ بہت سی قوموں کے سرداروں سے ان کی عقلیں چھین لی جاتی ہیں۔ انہیں اندھیرے بیابان میں بھٹکنے کے لئے پہنچا دیا جاتا ہے۔ وہاں انہیں راستہ نہیں ملتا اور وہ روشنی کے بغیر تاریکی میں ٹٹولتے پھرتے ہیں اور پھر رفتہ رفتہ ان کا یہ حال ہو جاتا ہے کہ وہ شرابیوں کی طرح نشے کے بغیر ہی لڑکھڑاتے ہوئے چلتے ہیں۔

"اے میرے دوستو! میری آنکھ نے یہ سب کچھ دیکھا ہے اور

Asim Jafri, Delhi

میرے کانوں نے یہ سنا اور میری عقل نے سمجھ بھی لیا ہے۔"

تیمانی نے یہ ساری باتیں سنیں اور حیرت سے کہا۔ "بہت خوب! ایسا لگتا ہے کہ تو نے خدا کی پوشیدہ مصلحتوں کو جان لیا ہے اور تجھے عقل مندی کے ٹھیکیدار ہونے کا یقین ہے۔ تو کن انسانوں کی بات کر رہا ہے، انسان ہے ہی کیا کہ وہ پاک ہو، وہ جو عورت سے پیدا ہوا اس کا کیا اعتبار کہ صادق ہو، یہ تو فرشتوں پر بھی اعتبار نہیں کرتا بلکہ آسمان بھی اس کی نظر میں پاک نہیں ہے۔ عام انسانوں سے قطع نظر اس کی بات کر جو گھناؤنا اور بہت برا ہے۔ یہ آدمی تو بدی کو پانی کی طرح پی جاتا ہے۔ شریر آدمی اپنے شر کی وجہ سے ساری عمر درد سے کراہتا رہتا مگر اپنی شرارتیں نہیں چھوڑتا۔ اس کے مظالم کے ماہ و سال جو اسے دیئے گئے ہیں ان کے دل میں ڈراؤنے خدشات بن کر گونجتے رہتے ہیں، ان کے کانوں میں ضمیر کی ملامت داخلے کی راہ نہیں پاتی اور اور انہیں یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ ان کی اقبال مندی پر غارت گر وقت اس طرح آن پڑے گا کہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں بچے گا۔ دولت مند اور مفلس ہو جائے گا اور ایسے ظالموں کی پیداوار زمین کی طرف بالکل رجوع نہ ہوگی اور اگر ایسے دانے زمین کی تہہ میں پہنچ بھی گئے تو وہ ہمیشہ اندھیروں میں رہیں گے۔ اگر پودے نمودار ہو جائیں گے تو شعلے اس کی شاخوں کو جلا دیں گے کیونکہ وہ خدا کی عنایات اور لطف و کرم سے محروم کر دیا گیا ہے۔"

دوستوں کی باتیں حضرت ایوب علیہ السلام کو مسلسل دکھ پہنچا رہی تھیں۔ ایک تو مال و دولت اور مویشیوں کی بربادی، اولاد کی ہلاکت، نوکروں چاکروں کا قتل عام یہ دکھ کچھ کم تھے کہ صحت بھی چھین لی گئی۔ ایک دل و دماغ ابھی محفوظ تھے تو انہیں بھی دوستوں کی باتوں نے چھلنی کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا۔ "دوستو! اگر تم پر یہ مصیبتیں ٹوٹتیں اور تم اس مہلک مرض میں مبتلا ہوتے تو میں اپنی زبان سے تم میں حوصلہ پیدا کرتا، تمہیں تقویت دیتا، اور میرے لبوں سے نکلنے والے الفاظ تمہاری غمگساری کرتے اور تسلی دیتے۔

"مجھے دیکھو میں نے اپنی کھال پر ٹاٹ کو سی لیا ہے اور اپنا سر خاک پر رکھ دیا ہے، میرا منہ روتے روتے سوج گیا ہے۔ میری پلکوں پر موت کا سایہ ہے، اگرچہ میرے ہاتھوں میں ظلم اور میری دعا بے ریا ہے۔ اب بھی دیکھو کہ میرا گواہ آسمان پر ہے اور میرا ضامن عالم بالا پر ہے۔ جب میرے دوست میری حقارت کرتے ہیں تو میری آنکھیں خدا کے حضور آنسو بہاتی ہیں۔ اس نے مجھے لوگوں کے لئے ضرب المثل بنا دیا ہے میں ایسا ہو گیا ہوں کہ لوگ میرے منہ پر تھوکیں۔"

تینوں دوست حضرت ایوب علیہ السلام کی کوئی بات کوئی دلیل ماننے کے لئے تیار نہ تھے کہ اچانک کسی طرف سے ایک نوجوان آیا اور ان کے درمیان بیٹھ گیا۔

وہ لوگ چپ ہو گئے۔

ایک نے پوچھا۔ "تو کون ہے اور یہاں کیوں آیا ہے۔"؟

نوجوان نے جواب دیا۔ "میں براکیل بوزی کا بیٹا الیہو ہوں، تم لوگوں کی عاقلانہ باتیں سن کر چلا آیا۔ میں ایوب کو بہت اچھی طرح جانتا ہوں۔"

بلدوسوخی نے کہا۔ "اگر تو ایوب سے واقف ہے اور تو نے ہماری باتیں بھی سنی ہیں تو اب تو ہم بزرگوں کو باتیں کرنے دے اور خود خاموشی سے بیٹھا سنتا رہ۔"

اب بلدوسوخی نے حضرت ایوب علیہ السلام سے کہا۔ "تو آسمان کو اپنا گواہ بنا رہا ہے اور کہتا ہے کہ عالم بالا پر تیرا ضامن بیٹھا ہے، اتنی بڑی بڑی باتیں نہ کر، تیرے وجود اور عدم سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر تو نہ رہا تو کیا زمین اجڑ جائے گی یا چٹان اپنی جگہ سے ہٹ جائے گی مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ خدا عادل ہے وہ شریر کا چراغ گل کر دے گا اور شریر کی آگ کا شعلہ بے نور ہو جائے گا۔ اس بدبخت کے ڈیرے میں روشنی تاریکی میں بدل جائے گی۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔ "تو میرے مقابلے میں اپنی بڑائی کرتا ہے، میرے ننگ کا مذاق اڑاتا ہے اور نہیں جانتا کہ مجھے خدا نے پست کیا ہے۔ اس نے میرے بھائیوں کو مجھ سے دور کر دیا۔ میرے شناسا مجھ سے بیگانہ ہو گئے ہیں، میرے رشتے دار مجھے چھوڑ کر چلے گئے، میرے دوست مجھے بھول گئے۔ اب میں سب کی نظر میں ایک پردیسی ہوں، چھوٹے بچے بھی مجھے حقیر جانتے ہیں، جب میں کھڑا ہوتا ہوں تو مجھ پر آوازیں کستے ہیں، میرا سانس میری بیوی کے لئے مکروہ ہے۔ ان سب کے باوجود میں یہ جانتا ہوں کہ میرا مخلصی دینے والا زندہ ہے اور آخر کار وہ زمین پر کھڑا ہوگا۔ یہ کھال جو برباد ہو چکی ہے تو میں اس کے ہوتے ہوئے اپنے جسم کے ساتھ خدا کو دیکھوں گا اور جسے میں دیکھوں گا کوئی بیگانہ آنکھ اسے دیکھ نہیں سکے گی۔"

الی فز تیمانی نے اس طرح نصیحت کی جیسے وہ خود تو بہت بڑا خدا پرست ہے اور حضرت ایوب علیہ السلام کو خدا پرست نہیں سمجھتا، کہنے

Asim Jafri, Delhi

لگا۔ ''اے ایوب! اس سے ملا رہ تو سلامت رہے گا اور اسی سے تیرا بھلا ہوگا، میں تجھ سے خوشامدانہ کہتا ہوں کہ شریعت کو اسی کی زبانی قبول کر اور اس کی باتوں کو اپنے دل میں رکھ لے۔ اگر تو قادر مطلق کی طرف پھر جائے گا تو بحال کیا جائے گا۔

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔ ''عجیب بات ہے کہ میری کوئی بات تم تینوں کی سمجھ میں نہیں آتی۔ وہ جو دلوں کا حال جانتا ہے، اسے معلوم ہے کہ میں نے کونسا راستہ اختیار کر رکھا ہے۔ میرے پاؤں اس کے قدموں سے لگے ہوئے ہیں، میں بھٹی میں ڈالا گیا ہوں، جب وہ چاہے گا تو میں سونے کے مانند نکل آؤں گا۔

''میں نے اسی کا راستہ اختیار کر رکھا ہے اور کبھی برگشتہ نہیں ہوا اس نے جو حکم دیا میں نے اس کی تعمیل کی۔ ایک مضبوط خیال کی طرح وہ میرے دل میں موجود ہے اور اسے میں کسی حال میں دل سے نہیں نکال سکتا۔ وہ جو جی چاہے کرے، میں دم نہیں مار سکتا کیونکہ میں یہ جانتا ہوں کہ اس نے جو کچھ میرے لئے مقرر کر دیا ہے وہ ضرور پورا ہوگا۔ ساری باتیں اسی کے اختیار میں ہیں اسی لئے میں اس کو اپنے سامنے موجود محسوس کر کے گھبرا جاتا ہوں اور میری فکر و سوچ میں بھی اس کا ڈر سما جاتا ہے۔''

آخر بلدد سوخی نے افسوس کرتے ہوئے کہا۔ ''ایوب یہی میں بھی کہتا ہوں کہ کوئی انسان کس طرح خدا کے سامنے سچا ٹھہرے گا یا وہ جو عورت سے پیدا ہوا ہے، کیوں کر پاک ہو سکتا ہے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام کو اب بے حد دکھ تھا کہ ان کے دوست ان کی باتوں پر یقین نہیں کرتے، کہنے لگے۔ ''دوستو! میں نے جو کچھ کہا، اس پر اپنے دستخط کرنے کو تیار ہوں، اب قادر مطلق ہی جواب دے سکتا ہے کہ اس میں کتنا سچ ہے اور کتنا جھوٹ ہے۔ اے کاش، جو میری مخالفت کرتے ہیں، ان کی کوئی تحریر ہوتی تو میں اسے اپنے کندھے پر لئے پھرتا۔ اس تحریر کو اپنے عمامہ کی طرح باندھتا۔ لوگو! اگر زمین میرے خلاف دہائی دیتی ہو کہ یہ برا آدمی ہے، جو مجھ پر چلتا ہے تو مجھے برا سمجھتی، زمین جانتی ہے کہ میں نے جو پھل کھائے اس کی قیمت ادا کی۔ اگر میں جھوٹا ہوں تو خدایا گیہوں کے بدلے اونٹ کٹارے اور جو کے بدلے کڑوے دانے اگیں۔''

تینوں دوست خاموش ہو گئے کیونکہ انہیں معلوم ہو گیا تھا کہ انہیں قائل کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ حضرت ایوب علیہ السلام خود انہیں قائل کرنا چاہتے تھے۔

اچانک نوجوان الیھو نے چاروں کو خطاب کیا۔ ''حضرت! میں جوان ہوں، اور تم سب عمر رسیدہ اسی لئے میں خاموش رہا اور اپنی رائے دینے کی جرأت نہ کر سکا۔ میں یہی سوچتا رہا کہ عمر رسیدہ لوگ بولتے رہیں اور ان سے میں حکمت سیکھتا رہوں لیکن صاحبان، ہر انسان میں روح ہے، یہ غلط ہے کہ بڑے آدمی ہی عقل مند ہوتے ہیں اور عمر رسیدہ لوگ ہی انصاف کو سمجھتے ہیں۔ میں جوان ہوں، خدا نے مجھے بھی عقل دی ہے اور میں بھی انصاف کو سمجھتا ہوں، چنانچہ میں بھی کچھ کہوں گا، میری سنو۔ میں بھی اپنی رائے دوں گا اس پر غور کرو۔

''یہ ممکن ہی نہیں کہ خدا بغیر مصلحت کوئی کام کرے۔ یہ سوچنا بھی گناہ ہے کہ قادر مطلق بے انصافی کرے گا۔ وہ انسان کو اس کے اعمال کے مطابق جزا دے گا۔ جو جس راہ پر چلے گا اسے اسی کے مطابق بدلہ ملے گا۔ بزرگو! خدا برائی نہیں کرے گا اور قادر مطلق سے بے انصافی نہیں ہوگی۔''

اس کے بعد یہ نوجوان حضرت ایوب علیہ السلام سے مخاطب ہوا۔

''ایوب! خبردار، تیرا قہر تجھ سے تکفیر نہ کروائے یعنی تو خدا کو برا کہنا نہ شروع کر دے۔ تیرے پاس فدیئے کی فراوانی تجھے گمراہ نہ کر دے، تیرا رونا یا تیری قوت اور توانائی اس بات کی ضامن ہو سکتی ہیں کہ تو ان کی موجودگی میں دکھ سے بچا رہے گا۔ اس رات کی خواہش نہ کر جس میں قومیں اپنے مسکنوں سے اٹھالی جاتی ہیں۔''

اب اس نوجوان نے خدا کی عظمت اور جلال کا ذکر شروع کر دیا۔

''وہ جو گھٹا پر پانی کو لادتا ہے اور اپنے بجلی والے بادلوں کو دور تک پھیلاتا ہے۔ اسی کی ہدایت سے وہ ادھر ادھر دوڑے پھرتے ہیں تاکہ انہیں جو حکم دیا جائے اسی کو وہ دنیا کے آباد حصے پر انجام دیں۔ اگر تنبیہ کا حکم دیا گیا تو وہ بربادی لاتے ہیں ورنہ زمینوں کو سیراب کرتے ہیں۔ یہ اس کی رحمت ہوتی ہے جسے وہ اپنی مخلوق کے لئے بھیجتا ہے۔

''اے ایوب! تو میری باتیں غور سے سنتا رہ۔ چپ چاپ رہ اور خدا کے حیرت انگیز کاموں پر غور کرتا رہ۔ ہم قادر مطلق کو نہیں پا سکتے، وہ قدرت اور عدل میں شاندار ہے۔ وہ انصاف کی فراوانی میں ظلم نہیں کرے گا، وہ داناؤں کی پرواہ نہیں کرتا اسی لئے دانا اس سے ڈرتے ہیں۔''

تینوں دوست حضرت ایوب علیہ السلام کو چھوڑ کر چلے گئے۔

حضرت ایوب علیہ السلام کی کئی بیویاں تھیں۔ ان میں سے ایک کا نام رحیمہ تھا یہ وہی بیوی تھیں جنہوں نے کہا تھا کہ وہ کس خدا کی بات کرتے ہیں اس خدا کی جس نے انہیں برباد کر دیا، اولادیں چھین لیں، نوکر چاکر ہلاک ہوئے، جانور دوسروں کے قبضے میں چلے گئے اب بھی وقت ہے کہ

Asim Jafri, Delhi

وہ خدا کا پیچھا چھوڑ دیں۔ اور حضرت ایوب علیہ السلام نے بیوی کو منع کیا تھا کہ وہ کفر کی باتیں نہ کرے اور یہ بھی قسم کھائی تھی کہ ٹھیک ہونے پر انہیں سو لکڑیاں ماریں گے۔

جب سب نے ساتھ چھوڑ دیا تو کچھ دنوں کے لئے بیوی نے بھی کنارہ کشی اختیار کرلی تھی مگر پھر نیک شوہر کی محبت رحیمہ کو واپس لے آئی۔

حضرت ایوب علیہ السلام کے پھوڑوں سے ہر وقت پانی رستا رہتا تھا اور بدبو کا یہ عالم تھا کہ پڑوسی ان سے عاجز آگئے تھے۔ آخر یہ پڑوسی ان کے پاس آئے اور کہا۔ ''اے ایوب! تمہارے زخموں کی بدبو نے ہم سب کو پریشان کررکھا ہے۔ ہمیں ڈر لگتا ہے کہ خدانخواستہ تمہاری بیماری ہم سب کو نہ لگ جائے اس لئے اب تم یہاں سے کہیں اور چلے جاؤ۔''

ان سب نے حضرت ایوب علیہ السلام کو اپنے قریئے سے نکال دیا۔

بیوی نے حضرت ایوب علیہ السلام کو ٹاٹ میں لپیٹا اور دوسرے گاؤں میں چلی گئیں۔

پھر اس گاؤں کے لوگوں نے بھی انہیں نکال دیا اور یہ تیسرے گاؤں میں چند دن رہے پھر وہاں سے بھی نکالے گئے۔ اس کے بعد یہ طے پایا کہ اب کسی آبادی میں رہنا فضول ہے۔ بیوی سے کہا۔ ''تم مجھے آبادی سے دور کسی درخت کے سائے تلے لے جاؤ۔''

گاؤں کے دو نوجوان ابھی تک حضرت ایوب علیہ السلام کا ساتھ دے رہے تھے مگر میدان میں ایک درخت کے نیچے چھوڑ کے دونوں نوجوان بھی غائب ہوگئے۔ اب ان دونوں کا کوئی پرسان حال نہ تھا۔ زندہ رہنے کے لئے کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی پڑتا ہے۔ حضرت ایوب علیہ السلام اس لائق نہ تھے کہ کچھ کرتے۔ بیوی نے ہمت کی اور اہل ثروت گھرانوں میں محنت مشقت شروع کردی۔ اس کے صلے میں انہیں جو کچھ ملتا اس سے شوہر کا پیٹ بھرتیں اور خود کھاتیں مدتوں یہ سلسلہ جاری رہا۔

شیطان حیران تھا کہ حضرت ایوب علیہ السلام کو دکھ جھیلتے سات سال گزر گئے مگر ان کے ایمان میں کوئی فرق نہیں آیا۔ اللہ نے حضرت ایوب علیہ السلام کا سب کچھ شیطان کے اختیار میں دیدیا تھا مگر جان اپنے اختیار میں رکھی تھی۔ وہ اللہ سے یہی کہتا رہا کہ وہ حضرت ایوب علیہ السلام کو بہت جلد ورغلا لے گا لیکن اسے اللہ کی طرف سے یہی جواب ملتا۔ ''ایوب میرا صابر و شاکر بندہ ہے وہ تیرے قابو میں نہیں آئے گا۔''

سات سال بہت ہوتے ہیں۔ شیطان اب بھی ہمت نہیں ہارا تھا اسے امید تھی کہ اللہ کے جس نیک بندے پر سات سال میں اس کا بس نہیں چلا وہ کسی بھی لمحے پھسل سکتا ہے۔ آخر ایک دن اس نے حضرت ایوب علیہ السلام پر دو اطراف سے حملہ کیا۔

ایک روز صبح سے شام تک تگ و دو کرنے کے بعد رحیمہ کو کوئی کام ملا۔ انہیں یہ فکر کھائے جارہی تھی کہ رات کو حضرت ایوب علیہ السلام کو کھانا نہیں ملے گا تو ان کا برا حال ہوجائے گا۔ وہ یہ سوچ رہی تھیں اور ان گھرانوں کا جائزہ لے رہی تھیں جہاں سے انہیں کھانا مل سکتا تھا لیکن یہ سارے گھر ایسے تھے جو خدا کے منکر تھے۔

بدرجہ مجبوری ایک منکر خدا مال دار عورت کے پاس تشریف لے گئیں۔

وہ عورت رحیمہ سے واقف تھی کیونکہ حضرت ایوب علیہ السلام کا دور دور تک بڑا چرچا رہ چکا تھا۔ اب جو انہیں اس حال میں دیکھا تو وہ طنزاً لوگوں سے کہا کرتی تھی کہ اگر حضرت ایوب علیہ السلام کا خدا سچا تھا تو اس نے اپنے صابر و شاکر بندے کا یہ کیا حال کیوں کردیا۔''

رحیمہ اسی سے سوال کرنے پہنچ گئیں۔ پہلے تو اپنا تعارف کروایا اس کے بعد کہا۔ ''میں ہر روز مشقت کرکے شام کو اپنے شوہر کے لئے کھانا لے جاتی تھی مگر آج محروم ہوں۔ براہ کرم اگر آج کا انتظام تیری طرف سے ہوجائے تو میں کل صبح تیرے گھر میں آکے کام کرجاؤں گی۔''

عورت نے جواب دیا۔ ''بی بی! اصل بات تو یہ ہے کہ مجھے اپنے گھر کا کام تو کروانا ہی نہیں ہے۔ ایک دوسری عورت آکے کرجاتی ہے اس لئے مجبوری ہے۔''

رحیمہ بہت آبدیدہ ہوگئیں اور اٹھتے ہوئے کہا۔ ''بی بی! میں بہت غرض مند تھی۔ اگر تو معذرت کررہی ہے تو ٹھیک ہے، میں کوئی اور در دیکھتی ہوں۔''

عورت نے جواب دیا۔ ''کوئی اور در دیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں، میرے پاس ایک تجویز ہے۔ اگر تو مان گئی تو تجھے ابھی کھانا مل جائے گا۔''

مال دار عورت نے حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی سے کہا۔ ''مجھے تمہارے بال بہت پسند ہیں۔ اگر تم انہیں کاٹ کے مجھے دیدو تو تمہارے لئے کھانا حاضر ہے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی نے منت سماجت کی۔ ''اس شرط کو دل سے نکال دے۔ ایوب کو میرے بال بہت پسند ہیں، اسے بہت تکلیف پہنچے گی۔''

مال دار عورت نے بے رخی اختیار کی اور منہ پھیرتے ہوئے کہا۔ ''تو

Asim Jafri, Delhi

پھر مجبوری ہے، تم جا سکتی ہو۔"

رحیمہ کچھ دیر سوچتی رہیں، اس کے بعد اپنے بال پیش کر دیئے۔

"ٹھیک ہے، میرے بال لے لو اور ان کے بدلے مجھے کھانا دیدے۔"

ادھر یہ معاملہ طے پایا، دوسری طرف شیطان نے ایک عمر رسیدہ بزرگ کی شکل اختیار کی اور حضرت ایوب علیہ السلام کو بری خبر سنائی، ایوب علیہ السلام کچھ خبر ہے کہ آج تیری بیوی کے ساتھ کیا سانحہ پیش آیا؟"

حضرت ایوب علیہ السلام نے لاعلمی ظاہر کی۔ "سات سال سے زیادہ کا عرصہ گزرا کہ میں اس مہلک بیماری میں مبتلا ہوں۔ چلنا پھرنا تو دور رہا، اٹھنا بیٹھنا بھی محال ہے۔ مجھے کچھ پتہ نہیں کہ باہر کیا ہو رہا ہے۔"

شیطان نے کہا۔ "ابھی کچھ دیر بعد تمہاری بیوی آنے والی ہے۔ اس نے ایک گھر میں چوری کی اور گھر کی مالکہ نے چوری پکڑ لی۔ اس نے سر کے بال کاٹ کر تمہاری بیوی کو چھوڑ دیا۔ وہ آ رہی ہے، تم خود دیکھ لینا۔"

ادھر سے فارغ ہونے کے بعد شیطان نے راستے میں رحیمہ سے ملاقات کی۔ ان کے کٹے ہوئے بال دیکھ کر پوچھا۔ "یہ کیا ہوا؟"

رحیمہ نے جواب دیا۔ "بوڑے میاں! اگر تم یہیں کہیں کے رہنے والے ہو تو تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ میں ایوب علیہ السلام کی بیوی ہوں۔ سات سال پہلے میرے شوہر سے زیادہ کوئی مالدار نہیں تھا۔ ہزاروں جانور تھے، اولاد تھی، زیر کاشت زمینیں تھیں۔ شوہر صحت مند اور شریف تھا پھر پتہ نہیں خدا ہم سے کیوں روٹھ گیا۔ مویشی مر گئے یا انہیں لٹیرے لوٹ کر لے گئے۔ نوکر چاکر قتل ہوئے، اولاد پر گھر کی چھت گر گئی اور وہ سب مر گئے۔ ایوب علیہ السلام کی صحت بھی جاتی رہی اور اب وہ آبلوں کے مرض میں مبتلا ہے۔ ان سے بدبودار پانی خارج ہوتا رہتا ہے، عزیزوں اور رشتے داروں نے ملنا جلنا چھوڑ دیا، پڑوسیوں نے شور کیا اور آبادی سے نکال دیا پھر جس جگہ ہم دونوں رہے وہاں سے بھی نکالے گئے اب تیسری جگہ چلے گئے اور وہاں سے بھی نکال دیئے گئے، بدرجہ مجبوری ہم دونوں نے آبادی سے باہر ایک درخت کے نیچے سکونت اختیار کی ہے۔ اب ہم دونوں وہیں رہتے ہیں، میں دن بھر محنت مشقت کرتی ہوں اور شام کو محنت کے صلے میں جو کھانا ملتا ہے اس سے ہم دونوں پیٹ بھرتے ہیں۔"

شیطان نے افسوس کرتے ہوئے کہا۔ "لیکن تمہارا شوہر تو کامل اور راست باز تھا، دوسروں کے کام آتا تھا اور خدا کے نام پر قربانیاں دیا کرتا تھا اور شاید اسی لئے خدا نے تمہارے شوہر کو اولاد، مال و دولت، مویشی، اینٹیں اور نوکر چاکر دے رکھے تھے پھر اس سے کونسا گناہ سرزد ہوا کہ اس سے سب کچھ چھین لیا گیا۔"

بیوی نے کہا۔ "میرا شوہر تو اس حال میں بھی اللہ کا سب سے زیادہ شاکر و صابر بندہ ہے، میں نے ایک بار اس سے کہا تھا کہ جس خدا نے تمہارے صبر و شکر کا خیال نہیں کیا، تم بھی اسے چھوڑ دو تو وہ ناراض ہو گیا اور قسم کھائی کہ صحت یاب ہونے کے بعد مجھے سو لکڑیاں مارے گا۔"

شیطان سے رحیمہ کا رونا جیسے دیکھا نہ گیا، کہنے لگا۔ "دنیا جانتی ہے کہ ہر مرض کا علاج خدا نے پیدا کیا ہے مگر انسان کو ابھی تک اتنا علم نہیں ملا کہ وہ اپنے ہر مرض کا علاج کر لے۔ اگر تم پسند کرو تو میں ایک ایسا نسخہ بتاؤں کہ تمہارا شوہر ایوب فوراً صحت یاب ہو جائے۔"

رحیمہ نے مایوسی سے کہا۔ "ابھی تک تو کوئی ایسا نسخہ ملا نہیں جسے استعمال کرتی اور ایوب علیہ السلام کو صحت مل جاتی۔ اگر تمہارے پاس ایسا کوئی نسخہ ہے تو ضرور بتاؤ۔"

شیطان نے کہا۔ "تمہارا شوہر انکار کرے گا مگر تم کوشش کر کے اپنے شوہر کو میری بتائی ہوئی دوا کھلا پلا دو تو وہ بہت جلد صحت یاب ہو جائیگا۔"

رحیمہ نے کہا۔ "تم مجھے نسخہ تو بتاؤ۔ صورت شکل سے تم بہت نیک، پارسا اور تجربہ کار معلوم ہوتے ہو۔ ضرور وہ نسخہ کارآمد ہوگا اور میں اسے ضرور آزماؤں گی۔"

شیطان نے رحیمہ کو راضی دیکھا تو اسے یقین ہو گیا کہ اپنا کام بن گیا اور اس بار حضرت ایوب علیہ السلام اس کے چنگل میں ضرور پھنسیں گے۔

رحیمہ نے شیطان کو خاموش دیکھا تو شبہ گزرا کہ کہیں بوڑھے کی نیت تو نہیں بدل گئی کہ نسخہ بتائے بغیر ہی چلا جائے۔

انہوں نے بے اختیار کہا۔ "تم مجھے وہ نسخہ دیدو تاکہ میں اسے اپنے شوہر پر آزماؤں۔"

شیطان نے کہا۔ "ان بدبودار آبلوں کا علاج سور کا گوشت اور شراب ہے۔ پہلے ایوب کو سور کا گوشت کھلاؤ، اس کے بعد شراب پلاؤ۔ سات دن یہ عمل جاری رکھو، وہ ان دونوں کے استعمال اور اثرات سے بالکل صحت یاب ہو جائے گا۔"

رحیمہ خوش خوش اپنے ٹھکانے پر پہنچیں، حضرت ایوب علیہ السلام کی پہلی نظر بالوں پر گئی، پوچھا۔ "یہ بالوں کو کیا ہوا؟"

رحیمہ نے شوہر کو کھانا کھلانا چاہا تو حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔ "پہلے یہ بتاؤ تمہارے بال کیا ہوئے؟"

مجبور ہو کر رحیمہ نے ساری بات سچ سچ بتادی، رحیمہ کا دل لرز رہا تھ

Asim Jafri, Delhi

اور ہونٹ کپکپا رہے تھے، سب کچھ سچ سچ بتا کے وہ شوہر کو رحم طلب نظروں سے دیکھنے لگیں۔

حضرت ایوب علیہ السلام نے رحیمہ سے کہا۔ ''تم جھوٹ بول رہی ہو تم نے کسی کے گھر میں چوری کی تھی اور اس چوری کے جرم میں تمہارے بال کاٹ دیئے گئے۔''

رحیمہ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو نہایت حسرت بھری نظروں سے دیکھا۔ ''میں تمہاری بیوی ہوں پھر کیا میں چوری کر سکتی ہوں۔ اللہ گواہ ہے کہ میں جھوٹ نہیں بول رہی ہوں، ایوب! تم تو اللہ کے بہت نیک بندے ہو۔ اپنے اللہ سے معلوم کرو کہ میں جھوٹ بول رہی ہوں یا سچی ہوں۔''

حضرت ایوب علیہ السلام پھوٹ پھوٹ کر روئے۔ اس سے پہلے وہ کبھی اتنا نہیں روئے تھے، کہنے لگے۔ ''مجھے یہ بری خبر ایک بزرگ نے سنائی تھی جو اپنی صورت شکل اور وضع قطع سے بہت پارسا لگتا تھا۔''

رحیمہ کو اسی وقت ان کی بیماری کا نسخہ یاد آ گیا، بولیں۔ ''تم کھانا کھاؤ مجھے تمہاری بیماری کا ایک تیر بہدف نسخہ مل گیا ہے، اسے سات دن استعمال کرو گے تو صحت یاب ہو جاؤ گے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے نسخہ پوچھا تو بیوی نے کہا ''وہ ایسا نسخہ ہے کہ تم انکار کرو گے لیکن میرے خیال میں تم کو انکار نہیں کرنا چاہئے کیونکہ تم اس نسخے کے دونوں اجزا علاج کے لئے استعمال کرو گے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔ ''مجھے نسخے کے دونوں اجزا بتا تو سہی۔''

رحیمہ نے رک رک کر کہا۔ ''ایک ہفتے مسلسل سور کا گوشت کھائیں اور پھر شراب پی لیں۔ یہ مرض ان دونوں کے استعمال سے دور ہو جائے گا۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔ ''رحیمہ! یہ آج تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ میں صحت یابی کے لئے سور کا گوشت کھاؤں اور شراب پیوں! یہ کس طرح ممکن ہے۔ پہلے تو تمہارے کٹے ہوئے بالوں نے مجھے دکھ پہنچایا تھا اور اس خبر سے صدمہ پہنچا تھا کہ یہ بال چوری کرنے کے جرم میں کاٹے گئے ہیں۔ اب تم سور کا گوشت کھلانے اور شراب پلانے پر مصر ہو۔ یہ تمہیں کیا ہو گیا ہے۔؟ میں نے قسم کھائی تھی کہ جب میں صحت یاب ہو جاؤں گا تو تم کو سزا کے طور پر سو لکڑیاں ماروں گا۔ آج میں اپنی اس قسم کی تجدید کرتا ہوں کہ صحت یاب ہو جانے کے بعد تم کو سو لکڑیاں ضرور ماروں گا۔''

رحیمہ نے کہا۔ ''جس بزرگ نے مجھے تمہاری بیماری کا یہ نسخہ بتایا ہے وہ اپنی وضع قطع اور صورت شکل سے انتہائی پارسا معلوم ہوتا تھا۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے اس بزرگ کا حلیہ پوچھا تو یہ حلیہ اسی بزرگ کا نکلا۔ جس نے حضرت ایوب علیہ السلام کو یہ خبر دی تھی کہ ان کی بیوی نے چوری کی اور اس جرم میں ان کے بال کاٹ دیئے گئے۔ انہوں نے افسوس کرتے ہوئے کہا۔ ''حیف صد حیف کہ ابھی تک شیطان نے ہمارا پیچھا نہیں چھوڑا۔ وہ ہم دونوں کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے شیطان لعین کے مقابلے میں پناہ کا طلب گار ہوں۔ میں نے بہت مشکل حالات میں اپنے ایمان کو بچائے رکھا ہے مگر شیطان بدستور میرا پیچھا کر رہا ہے۔ جب تک تیری مدد شامل حال نہ ہو گی میں کس طرح محفوظ رہوں گا۔''

شیطان کا یہ وار بھی خالی گیا مگر وہ ہمت نہ ہارا اور اللہ سے یہی کہتا رہا۔ ''تیرے بندے ایوب کو گمراہ کر کے رہوں گا۔ وہ ایک نہ ایک دن اپنے کسی عمل سے یا اپنی زبان سے تیری تکفیر ضرور کرے گا۔''

اللہ کی طرف سے شیطان کو بدستور اجازت دی گئی۔ ''تجھے اختیار ہے، وہی اختیار جو تجھے سات سال پہلے دیا گیا تھا مگر ایوب کی جان پر تجھے کوئی اختیار نہیں دیا گیا۔ اپنی کوششیں کرتا رہ۔''

آبلوں سے پانی رستا رہا پھر ان آبلوں میں کیڑے بھی پڑ گئے اور ان کی اذیتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہو گیا۔ یہ کیڑے ان کو کاٹتے رہے جس سے ان کی نیند بھی جاتی رہی، کہا جاتا ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام یہ دکھ اٹھارہ سال تک جھیلتے رہے۔

ان کے پاس کوئی اور دل بہلانے کا مشغلہ تو تھا نہیں۔ یہ اپنے زخموں کے کیڑے دیکھتے رہتے تھے۔ انہیں یہ احساس ہوا کہ ان کیڑوں کی غذا ان کے زخموں میں ہے۔

اس رحم دل انسان کو کچھ سکون ملا کہ ان کے وجود سے کچھ جاندار فائدہ اور ان کے زخموں کے گوشت پر زندہ ہیں۔ اس صبر و شکر کی سوچ کے دوران حضرت ایوب علیہ السلام نے دیکھا کہ زخم کا ایک کیڑا اچھل کے زمین پر گر گیا ہے، انہیں بہت دکھ پہنچا۔ اسے اٹھا کے دوبارہ زخم پر رکھ لیا اور کہا۔ ''جب تیری غذا یہاں موجود ہے تو اسے چھوڑ کے تو کہیں اور کیوں جاتا ہے۔ جب تک یہ زخم ہے، یہیں رہ اور اپنی خوراک حاصل کرتا رہ۔''

اب اس کیڑے نے زیادہ شدت سے کاٹنا شروع کر دیا۔ جس سے اتنی تکلیف بڑھ گئی کہ ان کیلئے تقریباً ناقابل برداشت ہو گئی۔ یہ بے چین تلملاتے رہے اور اللہ سے اپنا حال بیان کیا۔ ''اے اللہ! مجھے بے حد

Asim Jafri, Delhi

تکلیف پہنچ رہی ہے، مجھ پر رحم فرما کہ تو سب سے بڑا رحم کرنے والا اور مہربان ہے۔"

کچھ دیر بعد حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس ایک شخص آیا اور پوچھا۔"ایوب! آج تم بہت زیادہ پریشان نظر آرہے ہو، کیا بات ہے۔؟"

حضرت ایوب علیہ السلام نے جواب دیا۔"اس وقت میں بہت تکلیف میں ہوں، ایک کیڑا اتنی شدت سے کاٹ رہا ہے کہ درد میرے لئے ناقابل برداشت ہوگیا ہے۔"

اس شخص نے کہا۔"ایوب! میں روح الامین یعنی جبرائیل علیہ السلام نامی فرشتہ ہوں، خدا نے مجھ کو تمہارے پاس یہ بتانے کے لئے بھیجا ہے کہ یہ تکلیف جو تمہارے لئے ناقابل برداشت ہورہی ہے، وہ اس کی طرف سے نہیں ہے۔ اس نے تو اس تکلیف پہنچانے والے کیڑے کو تمہارے زخم سے نکال دیا تھا مگر تم نے اپنی رحم دلی اور خداترسی کی وجہ سے اس کیڑے کو اٹھا کر دوبارہ اپنے زخم پر رکھ لیا اور اب وہ کیڑا تمہیں کاٹ رہا ہے، بہت تکلیف پہنچا رہا ہے۔ یہ تو تمہارا اپنا پیدا کردہ درد ہے۔ اسی لئے ناقابل برداشت ہے۔ جو تم نے کیا، اس کا دکھ پہنچا، اللہ کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔"

حضرت جبرائیل یہ کہہ کر غائب ہوگئے اور حضرت ایوب علیہ السلام کیڑے کے کاٹنے کی اذیتوں میں مبتلا رہے۔

اسی دوران تاجروں کا ایک بڑا قافلہ حضرت ایوب علیہ السلام کے درخت کے قریب ہی خیمہ زن ہوا۔ تاجروں کے سردار نے ایک بیمار کو درخت کے نیچے تنہا پڑے دیکھا تو اسے ان کے حال کی جستجو ہوئی مگر یہاں آس پاس کوئی بھی ایسا شخص نہ تھا، جس سے اس بیمار کے سلسلے میں معلوم کیا جاتا۔

اتفاق کی بات کہ حضرت ایوب علیہ السلام کی بستی کے کچھ لوگ یہ معلوم کرنے آئے کہ ان کا کیا حال ہے۔

یہ لوگ دور سے حضرت ایوب علیہ السلام کو دیکھ رہے تھے۔

تاجروں کے سردار قافلہ نے ان لوگوں سے پوچھا۔"تم لوگ کون ہو اور یہاں اس شخص کو کیوں دیکھ رہے ہو۔؟"

لوگوں نے جواب دیا۔"ہم اپنی بستی کے اس بیمار کو کبھی کبھی دور سے دیکھ جاتے ہیں کیونکہ اس کے جسم سے اتنی بدبو آتی ہے کہ وہ ہمارے لئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔"

سردار قافلہ نے پوچھا۔"مگر یہ شخص ہے کون، جس کی عیادت کے لئے تم لوگ آتے تو ہو مگر اس کے پاس نہیں جاتے۔؟"

بستی کے ایک آدمی نے کہا۔"تم تاجر لوگ اگر ان راستوں سے گزرتے رہے ہو تو اس بیمار سے ضرور واقف ہوگے یہ اس علاقے کا سب سے زیادہ متمول شخص تھا۔ اس کا نام ایوب ہے۔ اٹھارہ سال پہلے اس کے پاس ہزاروں مویشی تھے اور سیکڑوں نوکر چاکر، زمینیں بھی بہت تھیں۔ اس کے سات بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں پھر ایوب پر معلوم نہیں کیوں عذاب نازل ہوا۔ زمینوں پر آگ برسی۔ اس سے فصلیں بھی تباہ ہوگئیں، نوکر اور مویشی بھی ہلاک ہوگئے، جو ہزاروں مویشی کہیں اور تھے، انہیں لٹیرے لوٹ کر لے گئے اور ان پر تعینات نوکر چاکر قتل کردیئے گئے۔ بیٹوں اور بیٹیوں پر مکان کی چھت گرگئی اور ایوب کو اس خطرناک بیماری نے کہیں کا نہ رکھا۔ اس کے جسم پر آبلے پڑ گئے اور آبلوں سے رسنے والا پانی اتنا بدبودار ہے کہ اسے آبادی سے نکال دیا گیا۔ اب یہ سالوں سے اس درخت کے نیچے پڑا عذاب جھیل رہا ہے۔"

تاجروں کا یہ سردار حضرت ایوب علیہ السلام سے واقف تھا۔ اس نے کہا۔"لیکن ایوب تو اللہ کا کامل، راست باز اور نیک بندہ تھا پھر اس پر اتنی بہت ساری مصیبتیں کیوں نازل ہوئیں۔؟"

لوگوں نے کہا۔"اگر ہمت ہے اور بدبو کی اذیت برداشت کرسکو تو ایوب کے پاس جاؤ اور یہ سوالات اس سے کرو، دیکھو وہ کیا جوابات دیتا ہے۔"

تاجروں کے سردار نے کہا۔"میں ایوب سے ضرور ملوں گا اور اس سے پوچھوں گا کہ اس نے ایسا کونسا گناہ کیا تھا جس کا یہ بھیانک عذاب جھیل رہا ہے۔"

لوگ مشورہ دے کر چلے گئے تو تاجروں کا یہ سوار منہ پر کپڑا رکھ کے حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس پہنچا، سامنے کھڑا ہوا اور پوچھا۔"ایوب! یہ تمہارا کیا حال ہے۔؟"

ایک اجنبی سے اپنا نام سن کے حضرت ایوب علیہ السلام کو خوشی ہوئی کہ کوئی ان کا جاننے والا نام لے کر مزاج پرسی تو کررہا ہے۔ انہوں نے پوچھا"تم مجھے کس طرح جانتے ہو۔؟ کیا تم کسی کے بھیجے ہوئے یہاں آئے ہو جو مجھ سے میری خیریت پوچھ کے کسی اور کو پہنچاؤ گے۔؟"

تاجروں کے سردار نے کہا۔"ایوب! تمہیں کون نہیں جانتا، تم اس علاقے کے سب سے زیادہ مال دار اور خوش حال انسان تھے، آج میں تمہیں اس حال میں دیکھ رہا ہوں تو مجھے عبرت ہو رہی ہے۔ میں حیران

Asim Jafri, Delhi

ہوں کہ تم پر یہ عذاب کیوں نازل ہوا۔؟''

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔''یہ اللہ کا عذاب نہیں ہے، یہ اذیت اور دکھ مجھے شیطان نے دیا ہے۔''

تاجروں کے سردار نے کہا۔''ایوب! اگر تم اللہ کے نیک بندے تھے تو تم پر یہ مصیبتیں کیوں نازل ہوئیں۔ تم اقرار کرو یا نہ کرو لیکن تم یقیناً خدا کے گناہگار بندے رہے ہوگے۔ یہ جو تم اپنے گناہوں کا اقرار نہیں کرتے اور اب بھی خود کو نیک اور راست باز سمجھ رہے ہو تو یہ بھی ایک قسم کا گناہ ہے۔ اللہ سے توبہ و استغفار کرو کہ وہ تمہیں معاف کر دے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام زار و قطار رونے لگے اور تاجروں کے سردار سے کہا۔''تم سچ کہتے ہو مگر مجھ کو نہیں معلوم کہ میں نے کونسا گناہ کیا ہے۔''

تاجروں کا سردار تو چلا گیا اور حضرت ایوب علیہ السلام دیر تک روتے رہے۔

اسی عالم میں انہیں ایک آواز سنائی دی۔''ایوب امت اندیشہ کرو۔ جس مصیبت اور بلا میں تم گرفتار ہو اس سے مت گھبراؤ، تمہیں نہیں معلوم کہ ان مصیبتوں میں تمہارے لئے اللہ کی کتنی رحمت مضمر ہے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام کچھ زیادہ ہی خوف زدہ ہو گئے۔ یہ سمجھے کہ یہ آواز حضرت جبرائیل علیہ السلام کی ہے اور شاید کوئی بہت بڑا عذاب مزید نازل ہونے والا ہے۔ انہوں نے گھبرا کے آواز دی۔''اے جبرائیل! تم کہاں ہو۔؟''

دوسری طرف سے جواب ملا۔''میں روح الامین نہیں، میں وہ ہوں جس نے تمہیں اذیتیں پہنچائیں۔ اب میں تمہیں یہ خوش خبری سنانے آیا ہوں کہ اللہ نے تم پر رحم کیا۔ اٹھو اور تم سے جو کہا جائے، وہ کرو۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔''میں کیوں کر اٹھوں، مجھ سے تو بیٹھا بھی نہیں جاتا۔''

اسی وقت روح الامین آئے اور حضرت ایوب علیہ السلام سے کہا۔''اللہ نے حکم دیا ہے کہ آپ اس جگہ زمین پر پاؤں ماریں جہاں اس وقت لیٹے ہوئے ہیں۔ یہاں سے پانی نکلے گا۔ چشمہ اُبلے گا۔ آپ اس پانی سے نہائیں اور اسی پانی کو پئیں۔ اللہ نے چاہا تو آرام پائیں گے اور صحت یاب ہو جائیں گے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے بمشکل زمین پر پاؤں مارا تو وہاں سے ایک چشمہ جاری ہو گیا وہ اس میں نہائے اور اس کا پانی پیا۔

حضرت ایوب علیہ السلام اپنے جسم میں حیرت انگیز تبدیلیاں محسوس کرتے رہے، زخموں کے کیڑے غائب ہو چکے تھے اور زخم اس طرح مندمل ہو گئے جس طرح دھوپ میں گیلا کپڑا سوکھتا چلا جاتا ہے۔ جسم میں توانائی بھی پیدا ہوتی چلی گئی۔ کھال میں تناؤ پیدا ہوتا چلا گیا۔ ایسا لگتا تھا جیسے وہ کبھی بیمار ہی نہیں ہوئے۔

پانی میں اپنا عکس دیکھا تو وہ بہت حیران ہوئے، ان کی شکل بالکل بدل گئی تھی۔ اب وہ ایک حسین انسان ہو گئے تھے۔

اس وقت ان کی بیوی رحیمہ موجود نہیں تھیں، وہ محنت و مشقت کرنے کہیں دور نکل گئی تھیں۔

حضرت ایوب علیہ السلام گزرگاہ میں بیٹھ گئے اور اپنی بیوی کا انتظار کرنے لگے۔ شام سے کچھ پہلے بیوی کو آتے دیکھا، حضرت جبرائیل نے حضرت ایوب علیہ السلام کے جسم پر ایک چادر ڈال دی تھی۔ حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی ان کے پاس سے گزریں مگر پہچان نہ سکیں۔

درخت کے نیچے جا کر حضرت ایوب علیہ السلام کو نہ دیکھا تو بہت پریشان ہوئیں، زار و قطار رونا شروع کر دیا، کہنے لگیں۔''جو جسم اٹھارہ سال سے گل سڑ رہا تھا اس میں کسی درندے کیلئے کچھ بھی باقی نہ بچا تھا پھر کیسا منحوس بھوکا درندہ ہوگا جو بیمار ایوب کو کھا گیا۔ اے ایوب! میں تمہیں کہاں تلاش کروں اگر مجھے تمہارے اس انجام کی خبر ہوتی تو میں تمہیں چھوڑ کر نہ جاتی۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے قریب جا کر پوچھا۔''اے عورت! تو کسے تلاش کر رہی ہے، کیا تیری کوئی چیز گم ہو گئی ہے۔؟''

رحیمہ نے جواب دیا۔''یہاں اس درخت کے نیچے ایک بیمار رہتا تھا وہ میرا شوہر تھا۔ میں اسے تلاش کر رہی ہوں، اگر تمہیں اس کا کچھ حال معلوم ہو تو بتاؤ۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے پوچھا۔''اس مریض کا نام کیا تھا؟ اس کا حلیہ بتا سکو تو بتا دو۔''

رحیمہ نے انہیں غور سے دیکھا تو حیرت ہوئی کہ یہ شکل اٹھارہ سال پہلے والے ایوب جیسی تھی بلکہ اس سے بھی اچھی اور خوب صورت۔

رحیمہ نے جواب دیا۔''شکل تو بالکل تمہارے جیسی تھی مگر تم کچھ زیادہ خوب صورت ہو اس کا نام ایوب تھا، وہ اللہ کا نہایت صابر و شاکر بندہ تھا۔ اس کے گوشت و پوست میں کیڑے پڑ گئے تھے، وہ شخص خود سے کروٹ بھی نہیں بدل سکتا تھا۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔''رحیمہ! مجھے غور سے دیکھو، میرا

Asim Jafri, Delhi

نام بھی ایوب ہے۔"

رحیمہ نے انہیں غور سے دیکھا اور کہا۔"اٹھارہ سال پہلے میرے شوہر ایوب بھی ایسے ہی ہوتے تھے مگر تم زیادہ خوب صورت ہو، تم میرے شوہر نہیں ہو سکتے، وہ بیمار تھے تم صحت مند ہو۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے چشمے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔"جب تم اپنے بیمار شوہر کو یہاں چھوڑ کر گئی تھیں تو کیا اس وقت یہ چشمہ یہاں موجود تھا۔؟"

رحیمہ نے جواب دیا۔"چشمہ تو یہاں نہیں تھا، یہ کہاں سے آگیا۔؟"

حضرت ایوب علیہ السلام نے پورا واقعہ سنایا اور کہا۔"میں اس میں نہایا، اس کا پانی پیا اور صحت یاب ہو گیا پھر میرے جسم پر ایک چادر ڈال دی گئی۔"

رحیمہ نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

شیطان اپنی اٹھارہ سالہ کوششوں میں ناکامی کے بعد چاہتا تھا کہ اسے اور موقع دیا جائے مگر اب اللہ تعالیٰ کو حضرت ایوب علیہ السلام کو مزید آزمائش میں ڈالنا منظور نہیں تھا۔ ایک بگولا نمودار ہوا اور اس میں سے آواز سنائی دی۔"یہ کون ہے جو نادانی کی باتوں سے مصلحت پر پردہ ڈالتا ہے، تو کہاں تھا جب میں نے زمین کی بنیاد ڈالی تھی۔ تو دانش مند ہے تو اس کا جواب دے۔ کیا تجھے معلوم ہے کہ کس نے زمین کی ناپ ٹھہرائی یا کس نے اس میں سے سونا جاری کیا۔ کس چیز پر زمین کی بنیاد رکھی گئی اور کس نے پتھروں کے کوہان اٹھائے، کیا تو نے اپنی زندگی میں کبھی بھی صبح پر حکومت کی ہے اور فجر کو اس کی اصل جگہ بتائی کہ وہ زمین کے کناروں پر جا کے قبضہ کر لے۔ اگر تو یہ سب جانتا ہے تو بتا کہ نور کے مسکن کا راستہ کہاں ہے۔؟ تاریکی کا اصل مقام کہاں ہے؟ بتا بارش کا باپ کون ہے؟ اور شبنم کے قطرے کس سے تولد ہوئے؟ یخ کس کے بطن سے نکلی۔؟ باطن میں حکمت کس نے رکھی ہے اور دل کو دانش کس نے بخشی ہے۔؟ میں تجھ سے پوچھتا ہوں اور تو مجھے بتا۔ کیا تجھ میں اتنی جرأت ہے کہ میرے انصاف کو باطل ٹھہرائے۔؟ کیا تو مجھے مجرم ٹھہرائے گا تاکہ تو خود کو حق پر ثابت کرے۔؟"

حضرت ایوب علیہ السلام پر کپکپی طاری ہو گئی اور وہ ڈرے کہ کہیں اللہ ان سے پھر ناراض تو نہیں ہو گیا اور انہیں دوبارہ کسی عذاب میں مبتلا کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے نہایت عاجزی سے جواب دیا۔"اے اللہ! میں جانتا ہوں کہ تو سب کچھ کر سکتا ہے اور کسی میں اتنی قدرت نہیں کہ تیرا ارادہ روک دے وہ کون ہے جو نادانی سے مصلحت پر پردہ ڈالتا ہے۔ یہ کس طرف اشارہ ہے، میں نہیں سمجھا مگر میں نے جو نہیں سمجھا وہی کہہ دیا۔ یعنی ایسی باتیں جو میرے لئے نہایت عجیب تھیں جن کو میں نہیں جانتا تھا۔ میں تیری منت کرتا ہوں سن، میں کچھ کہوں گا۔ میں تجھ سے سوال کروں گا تو مجھے بتا، میں نے تیری خبر کان سے سنی تھی پر اب میری آنکھ تجھے دیکھتی ہے۔ مجھے اپنے آپ سے نفرت ہے اور میں خاک و راکھ میں توبہ کرتا ہوں۔"

اس عاجزی اور انکساری کا یہ اثر ہوا کہ حضرت ایوب علیہ السلام کو اللہ نے پہلے سے زیادہ نواز دیا۔ حیرت انگیز طور پر مال وزر میں اضافہ ہوا۔ اللہ نے اور اولادیں بھی دیں۔ مویشی پہلے کے مقابلے میں دگنے ہو گئے، اسی نسبت سے نوکر چاکر بھی بڑھ گئے۔

جن دوستوں نے حضرت ایوب علیہ السلام سے بڑی بحث کی تھی اور انہیں دلیلوں سے گناہ گار ٹھہرانے کی کوشش کی تھی، ان تینوں میں سے الی فز تیمانی کو خدا نے مخاطب کیا۔"میرا غضب تجھ پر اور تیرے دونوں دوستوں پر بھڑکا ہے کیونکہ تو نے وہ بات نہ کہی جو حق تھی جب کہ میرے بندے ایوب نے حق بات کہی۔ پس اب تم تینوں اپنے ساتھ سات بیل اور سات مینڈھے لے کر میرے بندے ایوب کے پاس جاؤ اور اپنے لئے قربانی پیش کرو پھر میرا بندہ ایوب تمہارے لئے دعا کرے گا اور اسے میں قبول کروں گا۔"

چنانچہ تینوں دوست قربانی کے جانور لے کر حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس پہنچے، ان سے معافی چاہی اور کہا۔"اے ایوب! اللہ ہمیں اس وقت تک معاف نہیں کرے گا جب تک تم صدق دل سے ہمیں نہیں معاف کرو گے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے ساتھ لائے ہوئے مویشیوں کو دیکھا اور پوچھا۔"ان کا کیا مصرف ہے۔؟"

تیمانی نے جواب دیا۔"ہم تینوں اللہ کے حکم سے تمہارے پاس آئے ہیں اور یہ اللہ ہی کا حکم ہے کہ ان جانوروں کو تمہارے پاس لائیں اور ان کی قربانی پیش کریں۔ اب تم ہم تینوں کو صدق دل سے معاف کر دو اور ہماری طرف سے ان جانوروں کی قربانی کرو تاکہ اللہ ہم سے راضی ہو جائے۔"

حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنے تینوں دوستوں کو معاف کر دیا۔

حضرت ایوب علیہ السلام کے ذہن میں ابھی تک وہ قسم تھی جو انہوں

Asim Jafri, Delhi

نے اپنی بیوی رحیمہ کے سلسلے میں کھائی تھی کہ صحت یاب ہوجانے پر انہیں سو لکڑیاں ماریں گے۔

رحیمہ نے ان کا بہت ساتھ دیا تھا جب کہ دوسری بیویاں ان کا ساتھ چھوڑ گئی تھیں۔ یہ احساس بھی شدید تھا۔

حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی بیماری کے دوران اٹھارہ سالوں پر نظریں دوڑائیں کہ اس وقت جب تمام عزیز رشتے دار ان کا ساتھ چھوڑ گئے تھے اور جگری دوستوں نے اپنی تکلیف دہ باتوں سے ان کا بے حد دل دکھایا تھا، آبادی کے لوگوں نے انہیں اپنی بستی سے نکال دیا تھا، کئی دوسری بستیوں کے لوگوں نے بھی انہیں قبول نہیں کیا تھا تو اس وقت زمین پر صرف رحیمہ تھیں جو ان کا ساتھ دے رہی تھیں۔ دن بھر محنت و مشقت کرنا اور حضرت ایوب علیہ السلام کو غذا فراہم کرنا پھر رات بھر تیمارداری کرنا اور زخموں سے نکلنے والی بدبو کو اٹھارہ سال تک جھیل جانا، یہ سب رحیمہ کے عظیم الشان کارنامے تھے۔ اس نیک دل عورت نے اپنے شوہر کے لئے بال تک کٹوا دیئے تھے۔

رحیمہ کی یہ ساری خدمات ہرگز ایسی نہ تھیں کہ ان کا نیک دل، راست باز اور عادل حضرت ایوب علیہ السلام کے دل پر اثر نہ ہوتا لیکن قسم بھی کھائی تھی اس کا پورا کرنا بھی ضروری تھا۔ اسی کشمکش اور پریشانی میں کئی دن گزر گئے۔

اللہ کو بھی اپنے صابر و شاکر بندے پر رحم آیا اور حضرت جبرائیلؑ کو ان کے پاس بھیجا کہ ان کی مشکل آسان کریں۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس آئے، پوچھا۔ ''ایوب! اب تم کیوں پریشان ہو، اللہ نے تمہاری بیماری دور کردی اور تمہیں ہر طرح سے نواز رہا ہے۔''؟

حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی قسم کا ذکر کیا اور کہا۔ ''اس نیک عورت پر ہاتھ اٹھاتے ہوئے شرم آتی ہے مگر قسم سے مجبور ہوں۔''

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا۔ ''اللہ بھی یہی چاہتا ہے کہ تم اپنی بیوی کو رنج مت پہنچاؤ۔ تمہاری دوسری بیویاں بیماری میں تمہارا ساتھ چھوڑ گئی تھیں۔ صرف یہی تھی جو تمہاری تیمارداری بھی کرتی رہی اور تمہارے لئے محنت مشقت بھی کرتی رہی۔ رحیمہ صحیح معنوں میں تمہاری شریک حیات ہے۔''

حضرت ایوب علیہ السلام نے کہا۔ ''جبرائیل امیں! اپنی قسم سے مجبور ہوں۔ میں نے حالت بیماری میں قسم کھائی تھی کہ صحت یاب ہونے پر اس کو

سو لکڑیاں ماروں گا سو اب وقت آ گیا ہے کہ اپنی قسم پوری کروں۔''

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا۔ ''ایوب! جھاڑو کی سینکوں کا ایک ایسا مٹھا منگواؤ جس میں سو سینکیں ہوں اور تم ان کی ایک ضرب آہستہ سے اپنی بیوی کو لگادو، تمہاری قسم پوری ہوجائے گی، خدا کا بھی یہی فرمان ہے۔

(ترجمہ) اور اپنے ہاتھوں میں سینکوں کا مٹھا پکڑ الیں، اسے مار اور اپنی قسم میں جھوٹا نہ ہوا۔

حضرت ایوب علیہ السلام کو بڑی خوشی ہوئی کہ ان کی قسم کو اللہ نے اتنی آسانی سے پورا کروا دیا۔

اس کے بعد حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس چودہ ہزار بھیڑیں اور بکریاں ہوگئیں۔ چھ ہزار اونٹ، دو ہزار بیل اور ایک ہزار گدھے بھی ان کی ملکیت تھے۔

حضرت ایوب علیہ السلام ایک سو چالیس سال زندہ رہے اور انہوں نے اپنی چوتھی پشت اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔

یہ سارے واقعات سفر ایوب میں موجود ہیں اور انہیں اشعار میں بیان کیا گیا ہے۔ زبان عربی تھی جس سے عربی زبان کی قدامت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

گنجا پن لاعلاج نہیں

☆بال اڑ رہے ہیں ☆گنجے پن کا سامنا ہے

☆بال جھڑ رہے ہیں

تو

گنج ناشک تیل استعمال کریں

اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ صرف ایک شیشی تیل کے استعمال سے آپ فائدہ محسوس کریں گے۔

(نوٹ) گنج ناشک تیل آپ ڈاک کے ذریعہ بھی منگا سکتے ہیں

حکیم ایس رحمان

شفا کلینک، لال مسجد، دیوبند

09997246[illegible]67

Asim Jafri, Delhi

نومسلموں کی کہانی

امیرہ (امریکہ)

نومسلموں کی زبانی

"میرے ذہن میں اکثر تثلیث کے بارے میں سوال پیدا ہوتے تھے کہ ہم عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت کیوں کرتے ہیں۔؟ براہ راست اللہ تعالیٰ کی عبادت کیوں نہیں کرتے۔؟ عیسیٰ علیہ السلام کی ذات پر ہی زور کیوں دیا جاتا ہے۔؟ اللہ تعالیٰ کی ذات کو اہمیت کیوں نہیں دی جاتی۔؟"

میں نے ارکنساس (امریکہ) میں ایسے والدین کے گھر جنم لیا، جو ارکنساس ہی میں پیدا ہوئے تھے۔ ماضی میں جہاں تک میں جھانک سکتی ہوں، اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ میری فیملی کے بزرگ جنوبی ریاستوں سے یہاں آکر آباد ہوئے، میری ساری پرورش ایک فارم پر ہوئی، جہاں صبح سویرے اٹھ کر بڑی تعداد میں گایوں کا دودھ دوہنا ہوتا ہے۔ مرغیوں کو خوراک دینی ہوتی ہے اور روزمرہ کے دیگر کام کرنے ہوتے ہیں۔ میرا باپ ایک بپٹسٹ منسٹر (چرچ کا پادری) تھا۔ بپٹسٹ Baptist عیسائیوں کا ایک فرقہ ہے، جیسے کیتھولک اور میتھوڈسٹ وغیرہ۔ یہ تمام عیسائی مذاہب ہیں، مگر مختلف نظریات ومسالک کے حامل ہیں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہیں، جیسے مسلمانوں میں شیعہ اور سنی۔ اس سلسلے میں مجھے آپ سنی کہہ سکتے ہیں۔ جس قصبے میں میری رہائش تھی وہاں سب گوری نسل کے لوگ آباد تھے اور سارے کے سارے عیسائی تھے، اس لئے میں کسی دوسرے مذاہب اور کلچر سے متعارف نہ ہوسکی۔ لیکن مجھے ہمیشہ یہ تعلیم دی گئی کہ اللہ نے ہم سب انسانوں کو برابر پیدا کیا ہے، رنگ، نسل، کلچر اور مذہبی ذات میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ بعد میں مجھ پر منکشف ہوا کہ ایسی تبلیغ کرنا اور تعلیم دینا، اس وقت تک ان کے لئے آسان ہے، جب تک وہ الگ تھلگ رہیں اور دنیا کے دوسرے مذاہب ان کی دنیا میں داخل نہ ہوں۔ پہلی بار میں نے کسی مسلمان کو اس وقت دیکھا جب یونیورسٹی آف ارکنساس کے کالج میں داخل ہوئی۔ مسلمان لڑکیاں مختلف قسم کے عجیب وغریب لباس پہنے ہوئے تھیں، جب کہ لڑکے سروں پر تولئے (عمامے) لپیٹے ہوئے اور رات کا لباس (night gowns) پہنے ہوئے تھے۔ مجھے اعتراف ہے کہ میں بڑی دیر تک ان کو ٹکٹکی باندھے دیکھتی رہی۔ پہلی بار جب مجھے ایک مسلمان لڑکی سے ملاقات کرنے کا موقعہ ملا تو اس سے سوال پوچھتے ہوئے میں نے اطمینان محسوس کیا۔ اس کی باتوں نے میرے قلب اور دماغ میں ایک پیاس لگادی، الحمدللہ وہ پیاس کبھی نہ بجھی۔

میں اس لڑکی کو کبھی نہیں بھلاسکتی۔ اس کا تعلق فلسطین سے تھا۔ میں اس کے پاس گھنٹوں بیٹھی اس کے ملک اور کلچر کی کہانیاں سنتی رہتی، اس کی جس چیز نے مجھے سب سے زیادہ مسحور کیا، وہ اس کا مذہب "اسلام" تھا۔ یہ لڑکی اندر سے انتہائی مطمئن تھی۔ میں نے ایسی مطمئن، پرسکون اور پراعتماد خاتون اپنی زندگی میں نہیں دیکھی۔ مجھے آج بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے انبیاء علیہم السلام کے بارے میں اس کی بتائی ہوئی ہر بات یاد ہے، اگرچہ اس کا آج تک میں نے کسی سے اظہار نہیں کیا۔ میرے ذہن میں اکثر "تثلیث" کے بارے میں سوال پیدا ہوتے تھے کہ ہم عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت کیوں کرتے ہیں، براہ راست اللہ تعالیٰ کی عبادت کیوں نہیں کرتے۔؟ عیسیٰ علیہ السلام کی ذات پر ہی زور کیوں دیا گیا ہے۔؟ اللہ تعالیٰ کی ذات کو اہمیت کیوں نہیں دی جاتی ہے۔؟

اسلام سے متعلق مجھے قائل کرنے کے لئے صرف یہی دین حق کافی ہے جو مجھے جنت میں لے جاسکتا ہے، میری دوست نے وہ سب کچھ کیا، جو وہ کرسکتی تھی۔ اس نے مجھے بتایا کہ اسلام کوئی عام مذہب نہیں ہے، بلکہ انسان کے لئے یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ میری دوست نے چھ ماہ بعد اپنی گریجویشن مکمل کرلی اور واپس فلسطین چلی گئی۔ فلسطین پہنچنے کے بعد دو ہفتے بعد ہی اسے اس کے گھر کے باہر قتل کردیا گیا۔ اس کی موت کی خبر سے مجھے شدید صدمہ ہوا۔ میں نے محسوس کیا جیسے میرے بدن کا ایک حصہ مرگیا ہو، جب وہ اپنے گھر واپس جارہی تھی تو ہم جانتے تھے کہ اس دنیا میں شاید ہی ہم ایک دوسرے سے دوبارہ مل سکیں۔ جاتے وقت اس نے ایک انتہائی اہم بات بڑے یقین سے کہی تھی کہ وہ اگلے جہاں جنت میں مجھے ملے گی۔

اس کے بعد مشرق وسطیٰ کے کئی افراد سے میری ملاقات اور دوستی ہوئی۔ میری سہیلی کی موت سے مجھے جو صدمہ پہنچا تھا اس صدمہ کو برداشت کرنے کے لئے انہوں نے میری بڑی مدد کی۔ اس سانحے کے بعد عربی

Asim Jafri, Delhi

زبان سے بھی مجھے محبت ہوگئی، یہ بہت ہی خوب صورت زبان ہے۔

میں گھنٹوں قرآن کے ٹیپس (tapes) سنتی، اگرچہ میں کبھی نہ سمجھ پائی کہ کیا کہا جارہا ہے، آج بھی یہی صورت ہے کہ میں بڑی چاہت سے قرآن کو سنتی ہوں، اگر چہ کچھ سمجھ نہیں پاتی لیکن قرآن کی تلاوت میرے قلب اور روح کو اپنے اثر میں لے لیتی ہے۔ کالج میں عربی زبان سیکھنے کے لئے میرے پاس بالکل وقت نہیں تھا۔ کالج سے فارغ ہونے کے بعد جب میں اپنی کمیونٹی میں واپس آگئی تو مسلمانوں سے میرا مزید رابطہ نہ رہا لیکن میری روح میں اسلام کی جو طلب اور عربی زبان سے جو محبت پیدا ہوچکی تھی، اس نے مجھے کبھی نہ چھوڑا۔ اس کے باعث میرے والدین اور کئی دوستوں کا غصہ بھی بڑھا۔ والدین اور دوستوں کے رویئے نے مجھے کنفیوژ کردیا، کیونکہ مجھے تو ہمیشہ یہ تعلیم دی گئی تھی کہ اللہ تعالیٰ کی نظروں میں ہم سب برابر ہیں۔ میں سوچنے لگی کہ اس تصور مساوات میں میرے دوستوں اور فیملی کے لئے شاید کچھ استثنا ہو۔

یہ ۱۹۹۵ء کا موسم بہار تھا جب اللہ تعالیٰ نے میری زندگی میں ایک اور فرد کو داخل کیا۔ ایک مسلمان کو کیسا ہونا چاہئے، یہ فرد اس کا ایک خوبصورت نمونہ تھا۔ اس فرد کے باعث ایک بار پھر اسلام میرے ذہن پر چھا گیا۔ میں نے اس سے سوال پوچھنے شروع کردیئے، پھر ایک دن پہلی بار مجھے مسجد بھی لے جایا گیا۔ یہ ایسی یادیں ہیں جو میرے ذہن پر نقش ہوکر رہ گئیں۔ اس نے اسلام سے متعلق مجھے جو بھی دیا میں نے پڑھ ڈالا، ٹیپس کو مسلسل سنا۔ یہ سلسلہ ۸ ماہ تک جاری رہا پھر وہ لمحہ آگیا، باطل کو چھوڑنے اور حق کو قبول کرلینے کا لمحہ۔ ۱۵؍فروری ۱۹۹۶ء کو میں نے اسلام قبول کرلیا۔ (الحمد للہ) اسلام قبول کرلینے کے بعد آزمائشوں کا دور شروع ہوگیا۔ سب سے پہلی آزمائش میری منگنی کا ٹوٹنا تھا، میرے (مسلمان فلسطینی) منگیتر کے والدین نہیں چاہتے تھے کہ اس کی شادی کسی امریکی لڑکی سے ہو، اگر چہ ہمارے درمیان منگنی کا تعلق ورشتہ ختم ہوگیا پھر بھی میں اس کا احترام اور قدر کرتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے ثابت قدم رکھا اور میں انشاء اللہ اسلام کے راستے کو کبھی نہ چھوڑوں گی۔

جب میں نے ایک عرب یعنی غیر ملکی سے منگنی کی تو میرے والدین کو شدید جھٹکا لگا۔ انہوں نے میرے ساتھ بات چیت بند کردی۔ میری بیشتر امریکی سہیلیاں بھی مجھے چھوڑ گئیں۔ جب میں نے اسلام قبول کیا تو میری فیملی نے مجھے ذہنی امراض کے اسپتال لے جانا چاہا۔ جب وہ اس میں ناکام ہوگئے تو انہوں نے مجھ سے اظہار لاتعلقی کرلیا۔ وہ مجھے فون کرواتے کہ انہیں یقین ہے کہ میں دوزخ میں جلوں گی۔ میری اکثر سہیلیاں بھی اپنے فون پر اسی قسم کی تمنا کا اظہار کرتیں، اگر چہ اس سے مجھے شدید دکھ پہنچا۔ میرے اور میرے گھر والوں میں کئی اختلاف پیدا ہوگئے تاہم میں پھر بھی ان سے دل کی گہرائیوں سے محبت کرتی ہوں، اللہ کا شکر ہے جس نے میرے ایمان کو قوت بخشی اور مضبوط بنایا۔

سعودی عرب میں بم دھماکوں کے دو روز بعد آخری بار میری اپنے گھر والوں سے بات ہوئی، میرے انکل اور کزن ان بم دھماکوں میں مارے گئے تھے۔ میرے گھر والوں نے مجھے یہ خبر سنانے اور بتانے کے لئے فون کیا تھا کہ مرنے والے میرے عزیز مجھ سے بہت محبت کرتے تھے۔ اور ان کا خون میرے اور میرے ''دہشت گرد دوستوں'' کے سر پر ہے۔ میں کئی دنوں تک روتی رہی، اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے استقامت بخشی اور میرا ایمان قائم رہا۔

بم دھماکوں کے چار دن بعد کی بات ہے کہ ایک دوپہر کو جب میں اپنے گھر واپس لوٹی تو میں نے دیکھا کہ میرے گھر کی کھڑکیوں پر فائرنگ کی گئی ہے اور میری ایک گاڑی پر ''دہشت گردوں سے محبت کرنے والی (terrorist lover)'' پینٹ کیا ہوا ہے۔ پولیس میری کسی قسم کی مدد کرنے کو تیار نہ تھی۔ اسی رات جب میں انٹرنیٹ کے ''مسلم چاٹ'' پر گپ شپ لگا رہی تھی میں نے فائرنگ کی آواز سنی۔ پہلے حملے میں جو کھڑکیاں بچ گئی تھیں اب دوسرے حملے میں انہوں نے سب کو تہس نہس کرکے رکھ دیا باہر جو میرے پیارے پیارے جانور تھے ان سب کو بھی انہوں نے مار دیا۔ پولیس آئی اور مجھ سے کہا کہ ''جب تک حملہ آوروں کی شناخت اور ان گاڑیوں کے بارے میں معلومات نہیں دی جاتی ہیں جن پر وہ آئے تھے، حملہ آوروں کا سراغ لگانا ناممکن ہے۔'' میں نے ان سے التجا کی کہ وہ میری گاڑیوں کو چیک ہی کرلیں کہ سفر کے لئے ان میں کوئی خطرہ تو نہیں پیدا کردیا گیا۔ میں ہوٹل جانا چاہتی ہوں اور اس کے لئے میں محفوظ سفر کی خواہاں ہوں۔ انہوں نے مجھے صاف جواب دیدیا کہ وہ ایسا نہیں کرسکتے، کیونکہ ہمیں خدشہ ہے کہ تمہارے دہشت گرد دوستوں نے ہمیں ٹریپ کرنے کے لئے اندر بم نہ رکھ دیئے ہوں۔ میں اللہ کے حضور جھک گئی اور رو رو کر اس سے رحم اور رہنمائی کی دعا کرنے لگی۔

اللہ نے بڑے ہی پیار سے جواب دیا۔ ایک رات کو پارکنگ لا…
میں ایک نامعلوم شخص نے مجھ پر حملہ کردیا۔ اس نے مجھے پیٹنے، زخمی کر…
میری کلائی اور پسلیاں توڑنے کی کوشش کی۔ اس آدمی کو پکڑ لیا گیا۔ ا…

Asim Jafri, Delhi

روز جب میں ڈرائی کلینرز کے پاس اپنے کپڑے لینے گئی تو مجھے بتایا گیا کہ میرے کپڑے گم ہو گئے ہیں۔ ان کپڑوں میں میرے تمام اسکارف، جلباب وغیرہ شامل تھے۔ ان کے لئے یہ اشیاء گم کرنا کتنا آسان تھا!

یہ قصبہ بہت چھوٹا ہے اور قرب وجوار میں کوئی مسلمان اور عرب بھی نہیں ہے۔ قریب ترین مسجد ۱۲۰ میل دور ہے۔ اگرچہ میں یہاں تنہا ہوں اور کوئی دوسرا مسلمان نہیں، جس کے پاس ملنے کے لئے جا سکوں اور اس سے کچھ سیکھ سکوں لیکن الحمدللہ ہر وقت میرے پاس ہوتا ہے میرے پاس اسلام کا جو بھی تھوڑا بہت علم ہے، یہ انٹرنیٹ پر اسلام کے بارے میں دستیاب معلومات پڑھ کر اپنے سچے دوستوں کے ذریعہ اور انٹرنیٹ فیملی کے ذریعہ حاصل ہوا ہے۔ میں اپنے فلسطینی بھائی کی محبت، مدد، دوستی اور اس کی دعاؤں کے لئے اس کی خصوصی شکر گزار ہوں اور اے میرے فلسطینی بھائی! تم جانتے ہو میں کس سے مخاطب ہوں، میرے فلسطینی بھائی! میری دعا ہے کہ اللہ تم پر اپنے انعام واکرام کی بارش کرے۔ انٹرنیٹ کے میرے دوسرے مسلمان بھائیو اور بہنو! میں آپ سب کو دل کی گہرائیوں سے چاہتی ہوں اور آپ سب کی شکر گزار ہوں۔

میں نے یہ داستان کسی قسم کی ہمدردی حاصل کرنے کی امید پر نہیں لکھی ہے، لیکن میں سب سے یہ ضرور کہوں گی کہ میرے لئے مسلسل دعا کرتے رہیں۔ امریکہ اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے ساتھ جو ناانصافیاں ہو رہی ہیں اور ان کے ساتھ جس تعصب کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے انشاءاللہ یہ جلد اپنے انجام کو پہنچے گا۔ میں جانتی ہوں کہ ناانصافیوں اور تعصب کے خلاف جنگ میں میں تنہا نہیں ہوں، یہی وقت ہے کہ میڈیا لوگوں کے سامنے اسلام کی صحیح تصویر لائے۔

آخری بات اپنی پیاری سہیلی سے جس نے سب سے پہلے اپنے اسلامی علم میں مجھے شریک کیا۔ میں جانتی ہوں کہ ۱۵ر فروری ۱۹۹۶ء کو جب میں نے کلمہ شہادت پڑھا تھا تم (شاید) جنت میں خوشی سے مسکرا اٹھی تھیں۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ انشاءاللہ ہم ایک بار پھر ملیں گے۔

بشکریہ انگلش ہفت روزہ، ریڈینس نئی دہلی، ۲۶ر ستمبر تا ۲ر اکتوبر ۱۹۹۹ء۔ ترجمہ: ملک احمد سرور مدیر ماہنامہ بیدار لاہور (پاکستان)

آل انڈیا ادارہ خدمت خلق

(حکومت سے منظور شدہ)

ادارہ خدمت خلق دیو بند ہمکل ہند رفاہی اور فلاحی ادارہ ہے۔ جو ۱۹۸۰ء سے عوام کی بے لوث خدمت انجام دے رہا ہے۔ اس ادارے کو اپنے تعاون اپنی سرپرستی اور اپنی دعاؤں سے نوازیں اور اپنے قیمتی مشورے بھی عطا کریں۔

دفتر نشرواشاعت

آل انڈیا ادارہ خدمت خلق دیو بند (رجسٹرڈ)

طلسماتی موم بتی

ہاشمی روحانی مرکز کی عظیم الشان روحانی پیشکش

آج کل گھر گھر میں جنات نے اپنا ڈیرہ جما رکھا ہے، اور اللہ کے کروڑوں بندے ان کی موجودگی سے پریشان ہیں، جنات کے علاوہ کرنی کرتوت سے بھی گھروں میں نحوست بکھری ہوئی ہے، ان اثرات کو بآسانی دفع کرنے کے لئے

ہاشمی روحانی مرکز

نے ایک موم بتی تیار کی ہے، جو اس دور کی ایک لاجواب روحانی پیش کش ہے، جو لوگ جنات کی موجودگی سے پریشان ہیں وہ اس موم بتی کے طلسماتی اثرات سے فائدہ اٹھائیں۔

قیمت فی موم بتی -/40 روپے

ہر جگہ ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ فوراً رابطہ قائم کریں۔ ایجنسی کی شرائط خط لکھ کر فوراً طلب کریں۔

اعلان کنندہ: ہاشمی روحانی مرکز

محلّہ ابوالمعالی دیوبند یوپی 247554

Asim Jafri, Delhi

طنزیہ مضمون

اذانِ بت کدہ

ابوالخیال فرضی

اگرچہ بت ہیں زمانہ کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

بابری مسجد سے متعلق ہائی کورٹ کا جب فیصلہ آیا تو بھی مسلمانوں کو افسوس ہوا اور صرف مسلمانوں ہی کو نہیں ان ہندوؤں کو بھی صدمہ پہنچا جو صاف ستھرا ذہن رکھتے ہیں اور جنہیں اپنے ملک کی عدلیہ پر وشواس بھی ہے۔ وہ بھی ہائی کورٹ کے فیصلے کو ہضم نہ کر سکے۔ میں اور میرے احباب بھی اس فیصلے پر حیران تھے اور ماتم کناں بھی۔ اس فیصلے کے بعد میں نے اپنے دوستوں کی ایک ہنگامی میٹنگ طلب کی۔ ایک آدھ کو چھوڑ کر میں نے جتنے احباب کو طلب کیا تھا سبھی چلے آئے۔ بابری مسجد کی شہادت کا جتنا غم ہوا تھا اس سے بھی زیادہ غم ہائی کورٹ کے اس فیصلے کو سن کر ہوا۔ سبھی نے اپنے کلیجوں کو اپنے ہاتھوں میں رکھتے ہوئے کہا کہ اب تو ہم مسلمانوں کو کچھ کرنا ہی پڑے گا اور فرضی صاحب آپ کو اب ملک کی سرگرم سیاست میں اب حصہ لینا ہی پڑے گا۔

میرے اکثر احباب بہت جذباتی ہو رہے تھے اور ان کا بس نہیں چل رہا تھا کہ ایودھیا میں پہنچ کر بابری مسجد کو راتوں رات تعمیر کر ڈالیں۔ میرے ایک دوست جو ہمیشہ آگے سے صوفی اور پیچھے سے گریجویٹ محسوس ہوتے ہیں انہوں نے تو سینہ ٹھونک کر یہ تک فرما دیا تھا کہ مجھے ڈر ہے کہ مسلم قوم مجھے اقدام نہیں کرنے دے گی ورنہ میرا ارادہ تو یہ تھا کہ اپنی شریک حیات کے ہمراہ ایودھیا پہنچ جاؤں اور بابری مسجد کا سنگ بنیاد رکھ دوں۔ اس طرح کے جذبوں اور ولولوں کو دیکھ کر میرا بھی دل یہ چاہتا تھا کہ میں بھی بغیر پروں کے آسمان پر اُڑا اُڑا پھروں۔ اس بار تو بانو نے بھی کہہ دیا تھا کہ تم سچ مچ کے نیتا بن جاؤ اور ظلم کے خلاف آواز اٹھاؤ۔ حالانکہ وہ ملک کی موجودہ سیاست کو دھاندلی بازی قرار دیتی تھی اور اس کا یہ عقیدہ تھا کہ جو شخص نیتا بن جاتا ہے وہ راہ آدمیت سے کٹ جاتا ہے اور اس کے اندر حیوانیت کے جراثیم آخری حد تک پیدا ہو جاتے ہیں لیکن ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد اس کو ایسا لگا کہ اگر مسلمانوں میں قیادت کا فقدان رہا تو ایک دن مسجد تو مسجد ایمان اور اسلام کو بھی خطرات درپیش ہو جائیں گے اس لئے اس نے میری کمر تھپتھپاتے ہوئے کہا۔ اب تم میدان سیاست میں آنے کے لئے لنگوٹ کس لو۔ لیکن تمہیں ایسا ویسا نیتا نہیں بننا ہے بلکہ ایسا نیتا بننا ہے کہ جس کی ایمانداری مرنے کے بعد بھی قائم رہے۔ بس اس کے اس مخلصانہ مشورہ کے بعد میں نے اپنے ان دوستوں کی میٹنگ طلب کر لی جن کو دیکھ کر کم سے کم ایک مرتبہ تو اللہ میاں کی یاد ضرور آ جاتی ہے۔ اس میٹنگ میں صوفی البلاغ نے تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر ہم نے متحد ہو کر اس طرح کے عدالتی فیصلوں کے خلاف احتجاج نہیں کیا تو پھر ایک دن ہمارے محلوں کی مسجدیں بھی محفوظ نہیں رہیں گی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم آپس کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر میدان میں کود پڑیں اور بابری مسجد کو وہیں بنوانے کی جدوجہد کریں جہاں وہ پہلے بنی ہوئی تھی اور اس کام کے لئے ہمیں ایسی جماعت بھی تشکیل دینی چاہئے۔ جو حکومت کا ناک میں دم کرنے کے لئے شور وغل مچا سکے۔ ان کی تقریر کے دوران جب سامعین پوری طرح سکتے میں تھے، شاید وہ صوفی البلاغ کے جملہ سمجھنے سے قاصر تھے اسی وقت حکمت عملی سے کام لیتے ہوئے میں نے بآواز بلند کہا۔ نعرۂ تکبیر۔ میرا یہ نعرہ سن کر وہ لوگ بھی بیدار ہو گئے جو گہری نیند میں تھے اور اس کے بعد ہر طرف سے اللہ اکبر کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔

یہ منظر دیکھ کر مجھے یقین ہو گیا کہ ہماری قوم ابھی زندہ ہے۔ نعرۂ تکبیر کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ قوم کے جن نوجوانوں نے کبھی اللہ کو بڑا نہیں سمجھا جنہوں نے اپنی زندگی میں ہمیشہ لیڈروں کو، منسٹروں کو، سرکاری دفتروں کو یا ازراہ مجبوری مزاروں اور درگاہوں ہی کو اہمیت دی ہے وہ بھی بے اختیار اللہ اکبر کہنے پر مجبور ہوتے ہیں اور فضا کی ٹھنڈک ماہ جون کی گرمی میں بدل جاتی ہے۔ آپ یقین کیجئے کہ نعرۂ تکبیر کے بعد میں نے اپنی آنکھوں سے ایک ایسے شخص کو بھی اللہ اکبر کہتے ہوئے دیکھا ہے جو ناک نقشے سے

Asim Jafri, Delhi

خالص یہودی محسوس ہوتے ہیں اور جن کے آباؤ اجداد نے بھی کبھی اللہ تعالیٰ کی کبریائی اور اسلام کی حقانیت کا اعتراف کم سے کم عملاً تو نہیں کیا۔ وہ بھی اپنا ہاتھ اٹھا اٹھا کر اللہ اکبر کہہ رہے تھے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ میٹنگ جو اتحاد و اتفاق کے لئے منعقد کی گئی تھی وہ اچھے خاصے اختلاف کے ساتھ ختم ہوئی اور کسی ایک موقف پر ہم لوگ متحد نہ ہو سکے۔ کوئی مشرق کی طرف پرواز کر رہا تھا اور کوئی مغرب کی طرف کوئی دریائے شمال میں غوطے لگا رہا تھا اور کوئی دریائے جنوب میں۔ دوران میٹنگ اس قدر چھیں چھیں ہو رہی تھی کہ بس توبہ ہی بھلی۔ اختلاف رائے بری چیز نہیں ہے۔ اختلاف رائے سے ذہن کے دریچے کھلتے ہیں اور روح میں ایک طرح کی بیداری پیدا ہوتی ہے لیکن ہم مسلمانوں میں اختلاف رائے کے نام پر ایک دوسرے کی مخالفت شروع ہو جاتی ہے اور ہم ایک دوسرے کی پگڑی اچھالنے میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ میٹنگ کے دوران کسی کی رائے یہ تھی کہ یہ ملک ہندوؤں کا ملک ہے اس کو جمہوری ملک سمجھنا خوش فہمی ہے اس ملک میں جو کچھ بھی مل جائے اس کو غنیمت سمجھنا چاہئے اور اس سے زیادہ کی توقع نہیں رکھنی چاہئے۔ کسی کی رائے یہ تھی کہ ہائی کورٹ کے فیصلے کو مان لینا ہی عافیت ہے۔ اب کوئی احتجاج کرنے کی ضرورت نہیں۔ کسی کی رائے یہ تھی کہ سپریم کورٹ میں اپیل کرنی چاہئے۔ مسلمانوں کو سپریم کورٹ میں ضرور انصاف ملے گا۔ میٹنگ کے دوران کچھ لوگ چپ بیٹھے تھے لیکن وہ بھی اپنے کردار و عمل کے اعتبار سے سنجیدہ نہیں تھے ان میں اکثریت بدنیت محسوس ہوتی تھی وہ حالات کا رخ دیکھ رہے تھے اور اس کا کوئی ایسا فائدہ اٹھانے کی فکر میں تھے جس سے سانپ خود مر جائے اور لاٹھی اٹھانے کی ضرورت نہ پڑے۔ میں اپنے دوستوں کا شور و غل سن کر بہت پریشان تھا میں سب کو خاموش کرنے کے لئے چیخ رہا تھا لیکن کسی پر بھی جوں نہیں رینگ رہی تھی اور سب اس طرح اپنی رائے ٹھونسنے کے لئے شور مچا رہے تھے کہ جیسے ان سے بڑا فلسفی کوئی نہیں اور جیسے ان سے زیادہ عقل کی بات کسی کی کھوپڑی میں نہیں آ سکتی۔ صوفی بدالدجی سنجیدگی میں امام وقت مانے جاتے ہیں لیکن وہ بھی اس وقت اس قدر آپے سے باہر ہو رہے تھے کہ کئی بار اوٹ پٹانگ بکتے ہوئے ان کا چشمہ زمین پر گر گیا تھا اور کئی بار ان کی داڑھی مولوی اذا جاء کی داڑھی میں الجھتی رہ گئی تھی۔ ان کا دعویٰ یہ تھا کہ سپریم کورٹ میں جا کر جو تھوڑی بہت زمین ہاتھ لگ گئی ہے وہ بھی ہاتھ سے جاتی رہے گی اس لئے ہائی کورٹ کے فیصلے کو تسلیم کر لو اور حکومت وقت کا شکریہ ادا کرو کہ اس نے بابری مسجد کا بہتر حل بذریعہ عدالت نکال دیا ہے۔ میں نے ان سے کہا تھا صوفی جی! ہم آپ کی بات کو بالکل ہی بیکار نہیں سمجھ رہے ہیں۔ ایک رائے مشورے کی غرض سے جب کوئی میٹنگ ہوتی ہے تو اس میں سب کی سننی پڑتی ہے۔ اپنی بات کی اُنچ اچھا وطیرہ نہیں ہے۔ میں نے کہا۔ صوفی جی! ہمیں اللہ میاں نے ایک زبان اور دو کان اسی لئے دیئے ہیں کہ ہم جتنا بولیں اس سے دگنا سننے کے لئے تیار رہیں۔ یہ وطیرہ اچھا وطیرہ نہیں ہے کہ خود فی سیکنڈ سو الفاظ کی رفتار سے زبان چلاتے رہو اور دوسرے کا ایک لفظ بھی سننے کے لئے تیار نہ ہو۔ صوفی جی! آپ کو دیکھ کر تو کافر لوگ بھی فکر عقبیٰ میں مبتلا ہو جاتے ہیں لیکن اس میٹنگ میں، میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ آپ سب سے زیادہ غیر سنجیدہ نظر آ رہے ہیں۔ صوفی بدرالدجی مجھ سے الجھ گئے اور انہوں نے اپنی غلطی کو محسوس نہیں کیا اس وقت میں یہ سوچنے پر مجبور تھا کہ اس قوم کے سنجیدہ ترین لوگوں کا جب یہ حال ہے تو وہ لوگ جنہیں سنجیدگی اور متانت کا کوئی سارٹیفکٹ ملا ہوا نہیں ہے وہ غیر سنجیدگی کے میدان میں جتنی بھی اچھل کود کریں کم ہے۔ ہم مسلمان ایک مسئلے میں متحد اور متفق نہیں ہو سکتے زندگی کے لاکھوں مسائل میں ہم سے اتفاق اور اتحاد کی امید رکھنا شاید فضول ہی ہوگا۔ ایک بہت بڑی خامی ہم میں اور ہمارے خود ساختہ قائدوں میں یہ بھی ہے کہ ہم اور ہمارے قائدین یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ہی اس لاوارث قوم کے واحد نمائندے ہیں۔ قوم کے کسی غم اور کسی درد میں شریک نہ ہو جانے کے باوجود ہم کبھی اس دعوے کی جگالی کرتے رہتے ہیں کہ بس ہم ہی قوم کے پاسبان ہیں اور ہم ہی قوم کے واحد ٹھیکیدار۔ اس کھوکھلے دعوے نے بھی ہمیں آخری حد تک گمراہ کر رکھا ہے اور وہ قوم جو بے چاری عقل کے اعتبار سے بالکل ہی نابینا ہے ان دعوؤں پر ایمان لا کر بدنصیبی اور محرومی کے ان غاروں تک پہنچ گئی ہے جہاں یاس و قنوط کی تاریکیوں کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ آپ تو جانتے ہی ہیں کہ میرے احباب چندے آفتاب اور چندے ماہتاب کے مترادف ہیں۔ میرے دوستوں کا پورا گروپ مولویوں اور صوفیوں پر مشتمل ہے لیکن یہ سب بھی کسی ایک موقف پر متفق نہیں ہو سکے۔ اس میٹنگ کے دوران جب ہر طرف سے شور و غل مچ رہا تھا اور جب میرے احباب ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچنے میں اور اپنی بات کی اُنچ میں مصروف تھے مجھے پوری طرح اندازہ ہو گیا کہ ہزار مینڈکوں کو ایک ٹوکری میں رکھنا آسان ہے لیکن سو مسلمانوں کو کسی ایک مسئلے پر متحد کرنا ناممکن ہے۔ جب سے سیاست ہر گھر کی منڈیروں پر اپنے چراغ روشن کرنے لگی ہے اور جب سے مس عقل صاحبہ ہر گھر کی باندی

Asim Jafri, Delhi

بنی ہوئی ہیں تب سے ہر داڑھی والا خود کو امام ابوحنیفہ اور ہر داڑھی منڈا خود ارسطو کا داماد سمجھنے کے خبط میں مبتلا ہے۔ جسے بھی دیکھو وہ یہ سمجھتا ہے کہ بس وہی سچ بول رہا ہے، بس وہی صاحب عقل ہے۔ اور جب سے اس طرح کی صورت حال پیدا ہوئی ہے تب سے یہ امت طرح طرح کے افتراق و انتشار میں مبتلا ہو کر رہ گئی ہے۔ بہ مشکل تمام یہ طے پایا تھا کہ ایک سیاسی پارٹی تشکیل دینی پڑے گی اور اس کا نام جمعیۃ القوم رکھا جائے گا۔ میرے احباب میرے ایک اشارے پر چلتے ہیں اور اپنے گھریلو مسائل میں بھی مجھ سے مشورہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں لیکن میں نے انہیں جب بھی کسی ملی مسئلے کے لئے مدعو کیا ہے ان میں اسی طرح جوتم پیزار ہوئی ہے، جس طرح آج کی میٹنگ میں ہوئی تھی۔ سو میں صرف ایک درجن احباب نے اس بات سے اتفاق کیا کہ ایک جماعت بننی چاہئے جو اپنے مسائل ایوان بالا تک پہنچائے پھر ان ایک درجن دوستوں میں بھی کبھی تنظیم کا نام رکھنے پر اور کبھی تنظیم کی صدارت پر اختلاف شروع ہوا لیکن پاک پروردگار کا کرم ہے کہ اس اختلاف پر میں نے قابو پالیا۔ اور اسی مجلس میں تنظیم کا نام جمعیۃ القوم رکھ دیا گیا اور سبھی کی رائے سے مجھے تنظیم کا صدر بنادیا گیا ہے۔ دوستوں کا کہنا تھا کہ صدارت کے لئے مجھ سے زیادہ کوئی موزوں نہیں ہے مجھے سیاست کے کچھ تجربات بھی ہیں اور جب جوڑ توڑ کی صلاحیت بھی کرلیتا ہوں جب کہ آپ تو جانتے ہیں کہ میں نے جب بھی میدان سیاست میں دوڑ لگانے کی کوشش کی ہے تو میں منہ کے بل گرا ہوں کئی الیکشن لڑ چکا ہوں لیکن جیتنے کے قریب بھی نہیں پہنچ سکا۔ اور جہاں تک جوڑ توڑ کرنے کی بات ہے وہ صلاحیت بھی میرے اندر نہیں ہے اگر جوڑ توڑ کی صلاحیت ہوتی تو میرے احباب کسی میٹنگ میں اس درجہ منتشر نہ ہوتے میں ان کو کسی ایک موقف پر جمع کرنے میں کامیاب ہو جاتا اور جب میں اپنے ہم پیالہ اور ہم نوالہ دوستوں ہی پر اثر انداز نہیں ہوسکتا تو پوری قوم پر جوڑ توڑ کے ذریعہ کیسے اثر انداز ہوسکتا ہوں لیکن حسن ظن رکھنے والے دوستوں کے اصرار کے سامنے میری ایک نہیں چلی اور میں نے جمعیۃ القوم کی صدارت کے لئے حامی بھرلی۔

میٹنگ کے ختم ہونے کے بعد جب میں بانو کے پاس پہنچا تو بانو نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کس قدر شور مچ رہا تھا۔ آپ کے احباب کس بات پر لڑ رہے تھے۔؟

بانو، مسلمانوں کو لڑانے کے لئے کسی خاص موضوع کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ قوم تو کسی بھی بات پر باہم دست و گریباں ہوسکتی ہے۔

آخر کیوں؟ کیا بابری مسجد کا موضوع بھی ایسا ہے کہ اس پر مسلمان متفق نہ ہوں۔؟

جی ہاں بیگم صاحبہ! بابری مسجد کے موضوع پر بھی یہ مسلم قوم متحد الخیال نہیں ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ ہائی کورٹ نے فیصلہ صحیح دیا اور اس فیصلے کو مان لینا چاہئے، کوئی کہتا ہے کہ یہ فیصلہ غلط ہے اس کو مسترد کر دینا چاہئے، کوئی کہتا ہے کہ بابری مسجد وہیں بننی چاہئے اور کوئی کہتا ہے کہ ایودھیا میں مسجد بنا کر کیا فائدہ۔ مسجد اگر بن گئی تو وہاں آباد کیسے ہوگی، کوئی کہتا ہے کہ مسلمانوں کو سپریم کورٹ میں اپیل کرنی چاہئے، کوئی کہتا ہے کہ اس اپیل سے کیا فائدہ ہوگا، کیا سپریم کورٹ میں فرشتے بیٹھے ہوئے ہیں۔ سپریم کورٹ کے جج صاحبان بھی تو ہندو ہی ہوں گے اور وہ بھی آستھا کو نظر انداز کر کے کیسے کوئی فیصلہ کریں گے۔

بات تو ٹھیک ہی ہے۔'' بانو نے کہا'' پھر میٹنگ کس نتیجے پر پہنچی۔

بیگم جی افیصلہ یہ ہوا کہ ایک جماعت تشکیل دی جائے جو ایسے سلگتے مسائل کے لئے حکومت کا دروازہ کھٹکھٹائے۔ چنانچہ جمعیۃ القوم کے نام سے ایک جماعت بن گئی ہے اور میں اس کا صدر منتخب ہو گیا ہوں۔ دعا کرو کہ میں قوم کے حسن ظن پورا اتر سکوں دوسری میٹنگ کب ہوگی۔؟ بانو نے پوچھا۔

دوسری میٹنگ انشاء اللہ کل عشاء کے بعد ہوگی۔'' میں نے جواب دیا۔'' اس میٹنگ میں جمعیۃ کے دفتر اور ممبر سازی کے طور طریقوں پر غور کیا جائے گا۔ یہ دوسری میٹنگ صوفی تلوار علی جنگ کی صدارت میں ہوگی۔

صوفی تلوار علی جنگ۔؟ بانو نے حیرت سے پوچھا۔

سمجھیں نہیں۔ وہی صوفی تلوار جن کو ایک مرتبہ فلموں میں کام کرنے کا خبط سوار ہوا تھا اور جو پتنگ بازی کے مقابلے میں اول آئے تھے۔

اچھا اچھا سمجھ گئی۔ یہ ابھی تک زندہ ہیں۔!

بیگم صاحبہ وہ تو اچھے خاصے بھلے چنگے ہیں اور مجھے تو انہیں دیکھ کر یہ شک ہوتا ہے کہ شاید کسی فارمولے کی بنیاد پر دوبارہ جوان ہوتے جا رہے ہیں۔ کیا فربہی ہے ایسا لگتا ہے جیسے گوشت کا ہمالیہ پہاڑ چلا آ رہا ہو۔

آج کل کیا کر رہے ہیں۔؟'' بانو نے پوچھا۔''

وہی آبائی پیشہ پیری مریدی۔ بیگم اس خاندان کا یہی کمال ہے کہ کچھ بھی کرگزریں پھر انہیں آخر میں آ کر پیر و مرشد ہی بننا پڑتا ہے کیونکہ یہ سب مادر زاد پیر ہی ہوتے ہیں وہ الگ بات ہے کہ وقتی طور پر ملنگ یا بدھ بن جائیں۔

Asim Jafri, Delhi

اچھا سنئے۔" بانو نے میری بات کاٹ کر کہا۔"

جب آپ نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا ہے تو ذرا سنجیدگی سے چلنا اور ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانا۔ آپ جانتے ہیں کہ مجھے سیاست سے اور سیاسی نیتاؤں کے تصور سے بھی وحشت ہوتی ہے لیکن بابری مسجد کی شہادت اور ہائی کورٹ کے فیصلے نے اس درجہ غم زدہ کر رکھا ہے کہ دل چاہتا ہے کہ اللہ کے گھر کے ساتھ انصاف ہو اور عدل وانصاف کی کوئی سنجیدہ تحریک چلے۔ اس لئے میں نے آپ کو اس کار خیر کی اجازت دیدی ہے لیکن اللہ کے لئے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ اس کار خیر کو کار شر نہ بنائیں اور اچھے دوستوں کی مدد حاصل کر کے اس بیل کو منڈھے چڑھانے کی کوشش کریں۔ خدا کے لئے ان دوستوں سے دور رہو جو نششتند و خرد ندو برخواستند کے سوا کوئی کارنامہ انجام نہیں دے پاتے۔

بیگم اطمینان رکھو اس بار اس میدان سیاست میں ایسے عظیم کارنامے انجام دوں گا کہ تمہارا سر بھی فخر سے بلند ہو جائے گا اور مجھے بھی دنیا اسی طرح سلامیاں دیں گی جس طرح صوفی تمکین کو سلامیاں ملتی ہیں وہ جدھر سے بھی گزرتے ہیں لوگ ان کا ادب کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ اور ان کو اتنے لوگ سلام کرتے ہیں کہ بہت اختصار کے ساتھ جواب دیتے دیتے بھی وہ تھک جاتے ہیں۔ آخر میں سلام کا جواب دینا بند کر دیتے ہیں۔ کیونکہ اپنی صحت کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔

بانو نے کہا۔ بس دیکھ لیجئے میدان سیاست میں یہ آپ کی آخری اڑان ہے اگر آپ نے ملت کے لئے کچھ نہیں کیا تو پھر زندگی میں کبھی سیاست میں آنے کی حسرت بھی نہیں کرنے دوں گی۔

بیگم بالکل بے فکر رہو۔ اس بار میں تو میر روح تک سوفی صد سنجیدہ ہے تم دیکھ لینا کہ کس طرح میدان سیاست میں اپنے عزائم کے گھوڑے دوڑاتا ہوں اور کس طرح آسمان سیاست پر لنگوے کی طرح اڑتا ہوں۔ دنیا تو میری صلاحیتوں پر رشک کرے گی تم بھی میرا لوہا ماننے پر مجبور ہو جاؤ گی۔

اگلے دن عشاء کے بعد پھر ایک میٹنگ صوفی آر پار کے دولت خانہ پر منعقد ہوئی۔ صوفی آر پار مسلم سماج کے ایک ہونہار صوفی ہیں۔ ان کے چہرے کا نور دیکھ کر اچھے اچھوں کو غش آجاتا ہے۔ دنیا ان کا ادب کرتی ہے لیکن چونکہ میرے لنگوٹیا یار ہیں اس لئے میں ادب ودب کے چکر میں نہیں پڑتا۔ وہ خود بھی مجھ سے اتنے بے تکلف ہیں کہ اتنے بے تکلف غالباً وہ اپنی زوجہ سے بھی نہیں ہوں گے۔ جب بھی ملتے ہیں وہ ایک سیکنڈ کی چوتھائی میں اپنی آنکھوں سے وہ سب کچھ کہہ جاتے ہیں، جو عام باتیں گھنٹوں

چل کر بھی ادا نہیں کر سکتیں۔ مسلم قسم کے صوفی ہیں۔ دیکھنے میں ایسے لگتے ہیں جیسے انسان نہیں بلکہ انفاس عیسیٰ ہوں۔ میرے سوا نہیں جو بھی دیکھتا ہے بے اختیار ان سے مصافحہ کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ میں تو ان سے مل کر بس بغل گیر ہو جاتا ہوں۔ سیاست پر ان کی کافی نظر ہے بڑے بڑے مکار قسم کے لیڈر بھی ان سے مشورے کرتے ہیں۔ میٹنگ ان کے دولت خانہ پر ایک خاص مصلحت کی وجہ سے رکھی گئی تھی لیکن پہلے ہی یہ طے پا گیا تھا کہ اس میٹنگ کی صدارت کی ذمہ داری صوفی تلوار علی جنگ کو سونپی جائیں گی۔ کیونکہ وہ ایک طرف شمشیر برہنہ ہیں اور دوسری طرف شاخ گل۔ وہ جسم کے اعتبار سے فولاد ہیں اور روح کے اعتبار سے پھولوں پر بکھری ہوئی شبنم۔ وہ جب بھی تقریر کرتے ہیں سماعتوں پر کچھ بھی گزرے لیکن روح کو سکون ملتا ہے۔ اور ضمیروں کی دنیا میں ایک ہل چل سی مچ جاتی ہے۔

آج کی میٹنگ میں یہ سوال بھی اٹھا کہ دفتری مصارف کس طرح پورے ہوں گے اور عوام کو جمعیت سے جوڑنے کے لئے ممبر سازی کس طرح کی جائے گی۔

اس بارے میں صوفی طمطراق کا مشورہ یہ تھا کہ ایک روپے میں گھر کے چار ممبران بنائیں گے اس طرح ہر گھر کے کم سے کم چار ممبران ہماری جمعیت سے وابستہ ہو جائیں گے۔

اور اگر مفت میں ممبر بنائے جائیں تو کیسا رہے گا۔؟" صوفی ہدہد بولے۔"

مشورہ تو اچھا ہے لیکن ہمیں سرمایہ بھی تو اکٹھا کرنا ہے۔ پھر وہ کس طرح ہوگا۔" میں بولا۔"

اس کے لئے ہمیں مالداروں سے ملاقاتیں کرنی ہوں گی۔" صوفی البلاغ کی رائے تھے" خاص طور پر ان مالداروں سے ملنا ہوگا جو اس دنیا میں مزہ لوٹ رہے ہیں اور نمازیں تک نہیں پڑھتے۔

ان کو ہم سمجھائیں گے کہ اگر انہوں نے ہماری جمعیت کا ساتھ دیا تو ان کی نمازیں ہم معاف کرادیں گے اور ان کو کسی بھی طرح جنت میں داخل کرادیں گے۔ سمجھائیں گے کہ ہمارے جنت کے دروغاؤں سے بہت گہرے تعلقات ہیں۔

میرے خیال سے سرمایہ داروں کو گھیر لینا اتنا آسان نہیں ہے۔ "صوفی التمش نے کہا۔" آج کل اللہ میاں کے نام کی رسید صرف دس روپے کی کٹتی ہے ہاں اگر کوئی پیر صاحب حکم دیدیں یا کہیں ریا و نمود کا معاملہ ہو تو سرمایہ دار ہزاروں بھی لٹا دیتے ہیں۔

Asim Jafri, Delhi

چندے کے لئے کسی مستند قسم کے پیر کو پکڑ لیں گے۔" "مولوی جزاک اللہ بولے۔" ان کا چہرہ دکھا کر رسیدوں پر پینسل چلائیں گے انشاء اللہ اگر انہوں نے اپنے مریدوں کو حکم دیدیا تو رسیدیں دھڑا دھڑ کٹیں گی۔ اور اس سلسلے میں تجربہ کار چندے بازوں سے ملاقاتیں کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔ انہیں اچھی طرح اندازہ ہوتا ہے کہ کونسی بھینس کتنا دودھ دیتی ہے۔

لیکن پھر بھی ممبری کی کچھ نہ کچھ فیس وصول کرنا ضروری ہے۔" "میں نے کہا" مفت کے ممبر اتنے اکٹھے ہو جائیں گے کہ انہیں سنبھالنا دشوار ہوگا۔ ممبر سازی کی کچھ نہ کچھ فیس رکھنی ضروری ہے بھلے سے ایک روپے کے چار نہ سہی ایک روپے میں آٹھ ممبر بنالو۔

میرے احباب میں ایک شخص بھی شامل ہیں جو مسلم معاشرے میں ایک دانشور کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں ان کا نام عجیب الحسن ہے انہوں نے بہت غور وفکر کے بعد اپنی زبان کھولی اور انہوں نے کہا۔ جب تک ہمارا کوئی نمائندہ پارلیمنٹ تک نہیں پہنچے گا ہم اپنے مسائل حل نہیں کراسکیں گے۔

توکیا اس کے لئے ہمیں چناؤ لڑنا ہوگا۔؟" صوفی معشوق نے سوالیہ نظروں سے عجیب الحسن کو دیکھا۔"

ہوسکتا ہے چناؤ لڑنا پڑے۔ اور اس کے لئے ہماری جمعیۃ القوم کے صدر ابوالخیال فرضی صاحب سب سے زیادہ موزوں رہیں گے۔

لیکن عجیب صاحب!" میں نے گھبرا کر کہا" میں چناؤ لڑنے کی غلطی تین بار کر چکا ہوں۔ لیکن میں ایک بار بھی اپنی ضمانت نہیں بچا سکا۔ جن ووٹروں نے قسمیں کھا کھا کر یقین دلایا تھا کہ وہ صرف مجھے ہی اپنا ووٹ دیں گے انہوں بھی میرے حریف کو اپنا ووٹ عطا کر دیا تھا۔ تین مرتبہ ذلیل قسم کی شکست کے بعد اب چناؤ لڑنے کی ہمت نہیں ہوتی۔

پھر آپ مولانا محمود مدنی سے عبرت کیوں نہیں حاصل کرتے۔؟ "صوفی ہل من مزید بولے۔" وہ بھی بے چارے بار بار چناؤ ہارتے رہے اور بار بار قوم انہیں دھوکہ دیتی رہی۔ اب انہوں نے چناؤ نہ لڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور راجیہ سبھا کی سیٹ کو وہ دوسرے طریقوں سے حاصل کر لیتے ہیں۔

لیکن دوسرے طریقوں سے سیٹ حاصل کرنے کے لئے دولت کے انبار چاہئیں۔ وہ میں کہاں سے لاؤں گا۔" شاید میرے لہجے میں مایوسی تھی۔"

میرے لہجے کی بے چارگی کا اندازہ کر کے برجستہ صوفی قالوبلی نے زبان کھولی اور انہوں نے کہا راجیہ سبھا کی سیٹ بظاہر خیرات میں ملتی ہے لیکن درحقیقت اس خیرات کو حاصل کرنے کے لئے چھ سات کروڑ روپے خرچ کرنے پڑتے رہیں اور اس کے کچھ ایسے ڈرامے بھی اسٹیج کرنے پڑتے ہیں جس سے پارٹیاں ہق دق رہ جائیں۔

مثلاً۔ میں نے قالوبلی کو استفہامیہ نظروں سے گھورا۔

مثلاً یہ کہ تمہیں ایک دو جلسے ایسے بھی کرنے پڑیں گے کہ جس میں ایک دو لاکھ لوگوں کو جمع کرسکو۔ دو لاکھ لوگوں کو ایک پنڈال میں تم جمع کر کے اخبار والوں کی جیب گرم کر دینا۔ دو لاکھ کے مجمع کو دس لاکھ کا مجمع اخبار والے ثابت کر دیں گے۔ آج کل فوٹو لینے کی بھی ایک تکنیک ہوتی ہے وہ اس طرح سے فوٹو اخبار میں چھاپیں گے کہ تنکہ بھی پہاڑ محسوس ہوگا۔

بات تو میں سمجھ رہا ہوں۔ صوفی قالوبلی صاحب۔" میں نے کہا۔"

لیکن یہ سب کچھ کرنے کے لئے مجھے جو پاپڑ بیلنے پڑیں گے اس کے لئے میں بیسن اور زیرہ کہاں سے لاؤں گا۔ میں ایک تنخواہ دار ملازم ہوں۔ ہر ماہ مولانا حسن الہاشمی صاحب سے میں ایڈوانس تنخواہ لے لیتا ہوں۔ تنخواہ سے زیادہ دس روپے بھی مجھے ان سے حاصل نہیں ہو پاتے ہیں، دو لاکھ کا مجمع میں کونسی ڈگڈگی بجا کر جمع کروں گا۔ مولانا محمود مدنی نے تو سنا ہے کہ دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ کو گیس سلنڈر دلوائے تھے۔ ان گیس سلنڈروں کا فیض ہے کہ وہ جب بھی کوئی کانفرنس کرتے ہیں دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ کپڑے بدل بدل کر اسٹیج پر آ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اور اپنے استادوں کا دیدار کرنے کے لئے طالب علموں کی بھیڑ اکٹھی ہو جاتی ہے۔ اور کانفرنس کامیاب ہو جاتی ہے۔ اگلے دن اخبار والے اس طرح کی سرخیاں جماتے ہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جیسے یہ کانفرنس دارالعلوم دیوبند کی طرف منعقد ہوئی ہے۔ حکومت بھی متاثر ہو جاتی ہے کہ مولانا محمود مدنی صرف جمعیۃ العلماء ہی کی نہیں دارالعلوم دیوبند کی بھی روح رواں ہیں میں تو دارالعلوم دیوبند کے چپراسیوں کو بھی کسی ایک تخت پر نہیں بٹھا سکتا۔ میں حکومت کی نظروں میں دھول کیسے جھونکوں گا۔؟

پھر کیا کرنا چاہئے۔؟" صوفی ہونہار بولے۔"

کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ ہلدی لگے نہ پھٹکری اور رنگ آئے چوکھا۔

"صوفی البلاغ نے کہا۔"

ہوسکتا ہے۔" صوفی ہدہد بولے" اس مجلس میں ہم سب سے پہلے سب لوگ تمہیں تمہیں "امام الہند" کا خطاب عطا کر دیتے ہیں، انہوں نے میری طرف مخاطب ہو کر کہا۔

(باقی آئندہ شمارے میں پڑھیں)

Asim Jafri, Delhi

انسان اور شیطان کی کشمکش

اسلم راہی

قسط نمبر: ۱۰۷

املیکا نے اس بار پرسکون، ملائم اور کسی قدر گنگناتی ہوئی آواز میں کہا۔ ''اے یوناف! یہ حادثہ کچھ ایسا بھی اہم نہیں کہ تم اس کے لئے یوں پریشان ہو جاؤ۔ تاہم جو ہونا تھا وہ کلوا نام کی بستی میں ایک خانہ بدوش قبیلے کے باعث ہو چکا ہے اور کلوا نام کی بستی کے لوگ تمہاری طرف سے مایوس ہو گئے ہیں اس لئے کہ ان کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ تم اکثر اچانک غائب ہو جایا کرتے ہو، لہٰذا تمہیں اپنا سردار بنانے کا اب انہیں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ لہٰذا انہوں نے اپنے ایک اور جوان کو اپنا سردار بنا لیا ہے۔ اے یوناف میں تمہیں اس حادثے کی تفصیل نہ بتاؤں گی جو جھیل میرو کے کنارے نمودار ہوا ہے۔ تم وہاں پہنچو گے تو تمہیں خود ہی اس حادثے کی اطلاع ہو جائے گی۔''

یوناف نے کچھ سوچا پھر کہا۔ ''اے املیکا! مجھے اس انکشاف کا قطعی کوئی ملال نہیں ہے کہ کلوا والوں نے میری جگہ کسی اور کو اپنا سردار بنا لیا۔ میں تو کلوا والوں کی اس سرداری سے پہلے ہی نالاں تھا۔ وہ تو ان کے مجبور کرنے پر میں نے اس کی حامی بھری تھی۔ انہوں نے اگر میری جگہ کسی اور کو اپنا سردار بنا لیا ہے تو قسم مجھے اپنے خداوند کی اس میں میرا اطمینان اور خوشی ہے کہ انہوں نے ایسا کر لیا ہے، ہاں اگر کسی خانہ بدوش قبیلے سے ان لوگوں کو کوئی نقصان پہنچا ہے تو میں ان کی خاطر اس خانہ بدوش قبیلے سے ضرور انتقام لوں گا۔ ہاں اگر تم اس حادثہ کی تفصیل مجھے یہاں نہیں بتانا چاہتی ہو تو وہاں پہنچ کر میں خود ہی پوچھ لوں گا کہ ان پر کیا بیت گئی ہے۔''

املیکا سے اس قدر کہنے کے بعد یوناف چند ساعتوں تک خاموش رہ کر کچھ سوچتا رہا پھر اس نے سمسون کو مخاطب کر کے کہا۔ ''اے سمسون اب جب کہ تم ان فلستی جوانوں کا خاتمہ کر چکے ہو تو میں سمجھتا ہوں اب یہاں رہتے ہوئے تمہارے لئے خطرات بڑھ جائیں گے اور فلستی کسی نہ کسی طرح تمہیں ٹھکانے لگانے کی کوشش کریں گے۔ اس بنا پر میں تمہیں مشورہ دوں گا کہ تم یہاں سے کسی اور طرف نکل جاؤ اس طرح تم محفوظ رہ سکو گے اور اے سمسون! میرے ساتھ جو میری ایک خفیہ قوت ہے اس نے مجھے ابھی ابھی ایک بری خبر سنائی ہے لہٰذا میں اب یہاں سے افریقہ کی طرف روانہ ہوں گا لیکن یہاں سے کوچ کر جانے سے قبل میں کم از کم تمہارے متعلق یہ اطمینان کر لینا چاہتا ہوں کہ تم کسی محفوظ جگہ پہنچ گئے ہو۔''

سمسون نے مسکراتے ہوئے کہا۔ ''اے یوناف میرے بھائی! میں اس ہمدردی اور فکرمندی کا جس کا اظہار تم میری ذات سے متعلق کر رہے ہو تمہارا از حد ممنون ہوں، میں نے ارادہ کیا ہے کہ میں یہاں سے غزہ کی طرف نکل جاؤں گا اور وہاں ایک گمنام شخص کی حیثیت سے اپنی زندگی کے باقی دن گزار دوں گا۔ گو سارے ارض فلسطین کے لوگ مجھے میری جسمانی قوت اور طاقت کی وجہ سے جانتے اور پہچانتے ہیں پھر بھی مجھے امید ہے کہ میں غزہ میں گوشہ گیری اور تنہائی کی زندگی گزارنے میں کامیاب ہو جاؤں گا۔

یوناف نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ ''تمہارا فیصلہ درست ہے سمسون! تم غزہ کی طرف نکل جاؤ اور وہاں تم پرسکون زندگی گزار سکو گے شاید زندگی میں میری اور تمہاری پھر کبھی ملاقات ہو جائے اور ہاں سمسون! میں یہاں سے غزہ تک تمہارا ساتھ دوں گا۔ تم وہاں قیام کر لینا جب کہ میں وہاں سے افریقہ کی طرف نکل جاؤں گا۔''

سمسون نے فکرمندی سے یوناف کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ ''اے یوناف! افریقہ میں اپنا کام ختم کرنے کے بعد میری طرف ضرور آنا۔ میں تمہارا انتظار کروں گا۔ نیکی کا ایک نمائندہ ہونے کی بنا پر مجھے تم سے ایسی محبت اور ہمدردی ہو گئی ہے جیسے جسم اور سایہ جیسے شہر اور اس کی رونق جیسے صدا اور اس کی بازگشت کاش میں اور تم ہمیشہ ساتھ رہ سکتے۔''

یوناف نے دکھ سے کہا۔ ''اے سمسون! یہ زندگی تو ایک سرائے خانہ ہے، کوئی خوابوں کی دلدل سے نکل کر آتا ہے اور کوئی اندھی اندھیری زمین کی کوکھ کی طرف لوٹ جاتا ہے۔ انسانی زندگی ایک تاریک اور بھٹکتی ہوئی رات جیسی ہوتی ہے اور انسان کا خداوند پر ایمان اور اس کے نیک اعمال ان [illegible] کے اندر [illegible] پیدا کر دیتے ہیں۔ اے

Asim Jafri, Delhi

سمسون! آؤ آپ یہاں سے غزہ کی طرف کوچ کریں۔"

سمسون نے یوناف کو کوئی جواب نہ دیا اس لئے کہ یوناف کی گفتگو نے اسے مغموم اور غمگین بنا کر رکھ دیا تھا۔ اس کے بعد وہ دونوں ایتام کے اس سلسلہ کوہ سے غزہ کی طرف کوچ کر گئے۔

شام کے قریب یوناف اور سمسون غزہ شہر میں داخل ہوئے۔ سمسون نے وہاں ایک سرائے میں قیام کر لیا جب کہ یوناف افریقہ کی طرف کوچ کر گیا اور ایسا ہوا کہ غزہ کے فلستیوں کو پتہ چل گیا کہ غزہ شہر میں سمسون داخل ہوا ہے اور انہیں یہ خبریں بھی پہنچ چکی تھیں کہ کس طرح سمسون نے ایک ہزار فلستی جوانوں کا قتل عام کر دیا تھا۔ سو فلستیوں کے بڑے بڑے شجاع اور دلیر و توانا جوان شہر پناہ کے دروازے پر بیٹھ گئے اور انہوں نے یہ ٹھان لی کہ جب سمسون یہاں سے نکلے گا تو وہ اسے قتل کر دیں گے اور اس طرح وہ سمسون کے ہاتھوں مرنے والے اپنے فلستی جوانوں کا انتقام لے لیں گے لیکن یہاں قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا اور وہ اس کے برعکس فیصلے صادر کر چکی تھی۔

سمسون کو بھی سرائے میں کام کرنے والے ایک شخص سے یہ اطلاع مل گئی تھی کہ شہر پناہ کے دروازے پر مسلح فلستی کھڑے کر دیئے گئے ہیں اور جونہی وہ شہر سے نکلے گا وہ اس پر حملہ آور ہو کر اس کا کام تمام کر دیں گے۔ تب سمسون نے بھی ان کے خلاف حرکت میں آنے کا فیصلہ کر لیا اور ایسا ہوا کہ آدھی رات کے قریب سمسون سرائے سے اٹھ کر شہر پناہ کے دروازے کی طرف آیا۔ پھر اس نے شہر پناہ کے بھاری بھرکم دروازے کو چنتہ اور سنگی دیوار سے اکھیڑ کر اس نے اپنے دونوں ہاتھوں پر اٹھا لیا۔

فلستی جوانوں نے جو سمسون کی تاک میں بیٹھے ہوئے تھے جب سمسون کی طرف سے انہوں نے طاقت کا ایسا مظاہرہ دیکھا تو وہ بھاگ گئے۔ شہر پناہ کا بھاری بھرکم دروازہ اٹھائے سمسون شہر کے سامنے کوہستان جرون کی چوٹی پر چڑھ گیا اور شہر کے لوگ جو بھاگنے والے فلستی جوانوں کی وجہ سے جاگ اٹھے تھے وہ اس سارے منظر کو خوف و دہشت سے دیکھتے رہ گئے۔ سمسون نے شہر پناہ کا دروازہ وہاں پھینک دیا پھر وہ کوہستان جرون کے دوسری سمت وادی سورق کی طرف اتر گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جھیل میرو کے کنارے سرائے کے پاس یوناف اپنی سری قوتوں کو استعمال کر کے نمودار ہوا پھر وہ سرائے میں داخل ہوا۔ سرائے کا مالک مریشس اسے دیکھتے ہی اس کی طرف لپکا اور اسے مخاطب کر کے پوچھا۔

"عظیم یوناف اتم کہاں چلے گئے تھے تمہاری غیر موجودگی میں یہاں ایک انقلاب رونما ہو گیا ہے۔ بستی والوں نے تمہاری جگہ ایک اور جوان کو سردار بنا لیا ہے اور یہ اس بنا پر ہوا کہ چند روز ہوئے یہاں جھیل میرو کے کنارے کانگو کا ایک خانہ بدوش قبیلہ خیمہ زن ہوا۔ وہ دراصل اپنے ملک کی ایک اہم اور انوکھی رسم میں شامل ہونے کے لئے واپس اپنے علاقوں کی طرف جا رہے تھے کہ یہاں ان کے کچھ آدمیوں کا ہماری بستی کے لوگوں سے جھگڑا ہو گیا اور اے یوناف! جانتے ہو پھر کیا ہوا۔؟

ان خانہ بدوشوں کے اندر ایک ایسا طاقت ور جوان تھا جس نے اکیلے ہی ہماری بستی کے دس جوانوں کو مار مار کر زخمی کر دیا اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک ایسا ہولناک اور پر قوت جوان تھا کہ اگر اس کے مقابلے میں بیس پچیس جوان بھی ہوتے تو ان کی حالت وہ بری کر دیتا اس لئے کہ وہ ہمارے جوانوں کو یوں اپنے ایک ہاتھ سے پکڑ کر آسانی کے ساتھ کئی کئی گز دور پھینک رہا تھا جیسے کوئی خوب سیانا اور توانا بچہ کھلونا پسند نہ آنے پر دور غصے سے پھینک دیتا ہے۔ اس طاقت ور جوان کا نام بانتو اور اس قبیلے کے سردار کا نام مکادو اور یہ مکادو بھی بڑا جری اور خوفناک انسان تھا۔ ہاں اس قبیلے کے اندر ایک ساحر بھی تھا جس کا نام ماروا تھا۔ یہ ماروا گو بوڑھا تھا پر اس خانہ بدوش قبیلے کے لوگ بتاتے تھے کہ ماروا نام کا وہ بوڑھا ساحر بے پناہ سری قوتوں کا مالک ہے اور یہ کہ وہ سحر کے فن میں یکتا و بے مثل ہے۔

اور اے یوناف اس بوڑھے ساحر ماروا کی ایک بیٹی بھی تھی۔ اس کا نام باسو تھا۔ آہ! میں نے اپنی زندگی میں ایسی حسین اور پرکشش لڑکی نہیں دیکھی، اس کی آنکھیں ایسی بڑی بڑی نیلی اور چمک دار تھیں کہ زیادہ دیر اس سے نگاہ نہ ملائی جا سکتی تھی۔ آہ! وہ لڑکی اجالے کی کرن، گلاب کی پنکھڑی، روشنی کے ارتقا جیسی پرکشش اور مترنم خواب موج نکہت اور سنہری کہکشاں جیسی خوبصورت تھی۔ میں نے ایک بار جھیل میرو کے کنارے سحر کی پھوٹتی کرنوں میں کھڑے دیکھا تھا اور جی چاہتا تھا اسے دیکھتا چلا جاؤں۔

پر اے یوناف! وہ لڑکی بڑی مغرور اور متکبر لگتی ہے کسی کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھتی ہی نہیں اور پھر مزید یہ کہ اس قبیلے کے لوگ یہ بھی بتاتے تھے کہ اپنے باپ کی طرح وہ لڑکی بھی ایک بہت بڑی ساحرہ ہے اور اسے اور اس کے باپ کو خاص طور پر ان کی حکومت کے اراکین سلطنت نے طلب کیا ہے تا کہ وہ پرانے اور نئے بادشاہ کی رسومات میں شرکت کر سکیں۔"

سرائے کے مالک مریشس کی اس گفتگو پر یوناف نے اسے کسی قدر تعجب اور حیرت سے دیکھا پھر پوچھا۔ اے مریشس! یہ تم کیسی گفتگو کر رہے

Asim Jafri, Delhi

ہو یہ نئے اور پرانے بادشاہ کی رسومات سے تمہارا کیا مطلب ہے۔؟"
یوناف کے اس استفسار پر مریشس کے چہرے پر ہلکی ہلکی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔ پھر یوناف کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔"سنو یوناف! میں تمہیں ان کی حکومت اور رسومات سے تفصیل کے ساتھ آگاہ کرتا ہوں، کانگو سے تعلق رکھنے والی ان لوگوں کی حکومت کو سلطنت بینورو کے نام سے پکارا جاتا تھا اور جو بھی اس سلطنت کا بادشاہ بنتا ہے اسے کباانگا کہہ کر پکارا جاتا ہے۔ اس بینورو نام کی سلطنت میں بہت سی عجیب وغریب رسومات پائی جاتی ہیں جو کچھ یوں ہیں کہ جونہی بادشاہ کسی مہلک مرض میں مبتلا ہوتا ہے یا بڑھاپے کے سبب اس کے قویٰ مضمحل ہونا شروع ہو جاتے ہیں تو اسے خودکشی کر لینی پڑتی ہے اور اگر وہ ایسا نہ کرے تو اس کی بیوی سے یہ کام لیا جاتا ہے کہ اسے زہر پلا کر ختم کردے اور اگر یہ دونوں طریقے نہ کئے جائیں تو بادشاہ کو ختم کرنے کا ایک تیسرا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔

اور یہ تیسرا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ جب کباانگا (بادشاہ) کی موت کا وقت قریب آنے لگتا ہے اور لوگ یہ اندازہ کر لیتے ہیں کہ بادشاہ اب مرجائے گا تو سلطنت کا سب سے بڑا جادوگر بادشاہ کے گلے میں رسی کا پھندا ڈالتا ہے اور پھر اس پھندے کو آہستہ آہستہ کستے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ بادشاہ کا کام تمام ہو جاتا ہے۔ بادشاہ کو طبعی موت نہیں مرنے دیا جاتا کیونکہ اگر ایسا ہو جائے تو اس کے شاہی خاندان کی حکومت ختم ہو جاتی ہے اور اس کے لئے پھر کسی نئے خاندان کی تلاش کرنا پڑتی ہے جو حکومت کی ذمہ داریاں سنبھال سکے۔

اگر بادشاہ یعنی کباانگا کبھی کسی جنگ کے دوران زخمی ہو جائے تو اس کے ساتھی اسے مار ڈالتے ہیں تاکہ وہ کہیں اپنی طبعی موت نہ مرجائے۔ اس کے علاوہ ان میں ایک اور عجیب وغریب رسم بھی ہے اور وہ یہ کہ جس عورت کی زچگی ہونے والی ہو اسے سرکنڈوں کی ایک کٹیا میں علیحدہ کر دیا جاتا ہے۔ زچگی سے پہلے ہی عورت اپنے مرد کو آگاہ کر دیتی ہے اور وہ مرد اس کے لئے علیحدگی میں ایک کٹیا کا انتظام کر دیتا ہے اور زچگی کے دوران اس عورت کی ماں یا کوئی عورت کے سوا اس کے پاس رہ بھی نہیں سکتا۔ زچگی کے بعد قبیلے کا کوئی طلسم گر اس پر اپنا سحر کرتا ہے اور اس کی طہارت کا سامان کرتا ہے اس کے بعد وہ دوبارہ اپنے قبیلے میں رہنے کے قابل ہو سکتی ہے۔"

مریشس جب خاموش ہوا تو یوناف نے کہا۔"اے مریشس یہ تو نے عجیب سے ہی واقعات سنا ڈالے ہیں۔"

اس پر مریشس بولا۔"اے یوناف! اس تاریک براعظم میں تو اس سے بھی ہولناک واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں وسطی افریقہ میں جہاں قبائل آزاد ہوتے ہیں اور ان کی کوئی مرکزی حکومت نہیں ہوتی تو ایسے قبیلے کے سردار کو چٹوما کہہ کر پکارا جاتا ہے۔ اس چٹومے کو بھی طبعی موت نہیں مرنے دیا جاتا کیونکہ ان قبائل کا عقیدہ ہے کہ اگر ان کا چٹوما اپنی طبعی موت مرجائے تو یہ دنیا فنا و برباد ہو جائے۔ اس لئے کہ ان کے عقیدہ کے مطابق یہ دھرتی ان کے چٹومے ہی کے کمال وقوت کے سہارے قائم ہے اور اگر چٹومے اپنی طبعی موت مرجائے تو چشم زدن میں یہ دھرتی تہس نہس ہو کر رہ جائے۔

چنانچہ ایسا ہوتا ہے کہ جب چٹومے بیمار ہوتا ہے اور اس کی موت یقینی نظر آنے لگتی ہے تو وہ شخص جسے اس کا وارث بنایا جانا ہوتا ہے وہ ایک بلم یا رسی لے کر چٹومے کے گھر یا خیمے میں داخل ہوتا ہے اور اسے زدوکوب کر کے یا گلا گھونٹ کر اسے ہلاک کر دیتا ہے۔ اے یوناف! دور کی کیا بات ہے، خود ہماری ان سرزمینوں کے اندر بھی ایسی ہی رسومات ہوتی ہیں گو آج کل ہمارے ہاں لوگ آزادانہ قبائلی زندگی بسر کر رہے ہیں لیکن کچھ عرصہ قبل یہاں بھی ایک مرکزی حکومت تھی جس میں بادشاہوں کو دیوتاؤں کا سا درجہ حاصل تھا اور دیوتاؤں کی طرح ہی ان کی پوجا کی جاتی تھی اور جب سلطنت کے ساحر اور جادوگر دیکھتے کہ بادشاہ کے جسم پر جھریاں یا سفید بال نمودار ہو گئے ہیں تو وہ ایک قاصد کے ذریعہ بادشاہ کو مرنے کا حکم لکھ کر بھیجتے۔ لہٰذا بادشاہ اپنا کام آپ تمام کر لیا کرتا اور اس کی جگہ کسی اور کو بادشاہ بنا دیا جاتا تھا۔"

یوناف سر کو ہلاتے ہوئے تعجب اور حیرت کا اظہار کر رہا تھا کہ مریشس نے اسے مخاطب کر کے کہا۔"اے یوناف یہ رسومات جو میں نے تمہیں سنائی ہیں وہ نئی اور انوکھی نہیں ہیں بلکہ ان کا رواج بہت سے ملکوں اور قبائل کے اندر ہے۔ تم مصر ہی کو لو۔ یہ افریقہ کے اندر سب سے بڑی سلطنت تسلیم کی جاتی ہے اور مصریوں کو سب سے زیادہ مہذب اور ترقی یافتہ سمجھا جاتا ہے۔ مصر کے سب سے بڑے دیوتا کا نام رع ہے اور رع کی نسبت سے مصر کے ہر بادشاہ کو فرع کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ یعنی رع دیوتا کا اوتار، آہستہ آہستہ فرع بگڑ کر فرعون بن گیا۔ جب فرعون مرجاتا تھا تو مصریوں کو بہت دکھ اور صدمہ ہوا کرتا تھا اس لئے کہ وہ فرعون کو اپنے دیوتاؤں کے دیوتا رع کا اوتار خیال کرتے تھے اور بادشاہ کا بوڑھے ہو کر مرجانا انہیں بڑا گراں گزرتا تھا۔ لہٰذا برسہا برس کی محنت اور کاوش کے بعد مصریوں نے حنوط کاری کا فن ایجاد کر لیا۔

Asim Jafri, Delhi

حنوط کاری کا فن ایجاد کر کے مصری یہ خیال کرنے لگے تھے کہ انہوں نے مردوں کی روحوں کو نئی زندگی عطا کر دی ہے اور زندہ آدمیوں کی طرح ان کی بھی بقائے دوام کی امید بندھ گئی تھی۔ حنوط کاری کے اس فن کی ایجاد کے بعد لوگ نہ صرف فرعون بلکہ اپنے دیوتاؤں کی ممیاں بھی محفوظ کر کے رکھنے لگے۔ اس بنا پر مصر کے دیوتا اوسائی کی ممی میڈلس شہر میں محفوظ ہے۔ ایک دوسرے دیوتا انہوری کی ممی تھیبس شہر کے اندر محفوظ کر دی گئی ہے۔ ایک اور دیوتا کوموکی ممی ہیلیو پولس شہر میں محفوظ ہے۔ میں ایک بار مصر گیا تو ان ساری ممیوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آیا تھا۔ شاید تم اعتبار نہ کرو پر یہ ایک حقیقت ہے اور اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔''

یوناف نے مسکراتے ہوئے کہا۔ ''میں تمہارے ان مصری انکشافات کا تو اعتبار کرتا ہوں اس لئے کہ مصر میں رہتے ہوئے یہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھ چکا ہوں۔''

یوناف ذرا رکا پھر اس نے مریشس کو مخاطب کر کے دوبارہ کہا۔ ''اے مریشس اس خانہ بدوش قبیلے نے کدھر کا رخ کیا تھا۔''

''مریشس نے کہا۔'' وہ دریائے کانگو کی طرف گئے تھے اور وہیں پر جا کر وہ خیمہ زن ہوں گے۔ سنو یوناف! کانگو کی بنیورو نام کی سلطنت کے کباانگا (بادشاہ) کی موت کا وقت آ گیا ہے۔ اسی لئے اس خانہ بدوش قبیلے کو وہاں طلب کیا گیا ہے تا کہ اس قبیلے کا بڑا ساحر مارو اپرانے بادشاہ کو مارنے اور نئے بادشاہ کو تخت نشین کرانے کا فرض انجام دے اس لئے کہ مارو نام کا یہ ساحر بنیورو کی سلطنت کا سب سے بڑا اور قابل عزت ساحر خیال کیا جاتا ہے۔''

مریشس کے خاموش ہونے پر یوناف نے پھر پوچھا۔ ''اے مریشس! اب میرے ایک اور سوال کا جواب دو اور وہ یہ کہ اس خانہ بدوش قبیلے کا جو طاقت ور جوان تھا جس کا نام تم نے بانتو بتایا ہے اس نے کیوں تمہاری اس بستی کے لوگوں پر ہاتھ اٹھایا اور انہیں مارا پیٹا۔؟''

مریشس نے دکھ اور تکلیف دہ احساس سے کہا۔ ''اس بانتو نام کے طاقت ور جوان نے اپنی بستی کی کچھ بکریاں پکڑ کر انہیں کاٹ ڈالا اور اپنے قبیلے والوں کو کھلا دیا اور جب ہماری بستی کے لوگ اس کے پاس احتجاج کرنے گئے تو اس نے سب کو مارا پیٹا۔''

اس انکشاف پر یوناف نے ہاتھ آگے بڑھا کر مریشس سے مصافحہ کیا اور اسے مخاطب کر کے کہا۔ ''اے مریشس میں اب دریائے کانگو کی طرف کوچ کروں گا اور بانتو نام کے اس جوان سے اس [illegible] دیئے کی باز پرس کروں گا اس لئے کہ یہ تکلیف دہ واقعہ اس وقت رونما ہوا جب میں یہاں کا سردار تھا۔ اس لئے بانتو سے باز پرس میرا فرض بنتا ہے اور ساتھ ہی یہ مجھے خوشی بھی ہے کہ کلوا والوں نے اپنے لئے نئے سردار کا انتخاب کر لیا ہے اس لئے کہ میں مستقل طور پر ایک جگہ رہائش نہیں رکھ سکتا کہ میرا کام ہی ایسا ہے۔''

مریشس سے مصافحہ کرنے کے بعد یوناف تیزی کے ساتھ سرائے سے باہر نکل گیا جب کہ مریشس اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔ سرائے سے باہر نکل کر یوناف نے ہلکی ہلکی اور نرم آواز میں پکارا۔ ''ابلیکا! ابلیکا! تم کہاں ہو۔؟''

ابلیکا نے اسی لمحہ یوناف کی گردن پر اپنا مرمری لمس دیا پھر اس کی مسکراہٹ اور کھلکھلاتی ہوئی آواز سنائی دی۔ ''اے یوناف میرے حبیب! میں یہیں ہوں، میرا خیال اور اندازہ ہے کہ جو بات تم مجھ سے پوچھنے والے ہو اس کی اطلاع میں پہلے ہی حاصل کر چکی ہوں کہ وہ خانہ بدوش قبیلہ اس وقت دریائے کانگو کے کنارے بوکو شہر سے باہر خیمہ زن ہے اور جس جگہ یہ خانہ بدوش قبیلہ پڑاؤ کئے ہوئے ہے وہیں پرانے بادشاہ کو مارنے اور نئے بادشاہ کو تخت نشین کرنے کی رسم ادا کی جائے گی۔ اب بولو یوناف! تم یہی پوچھنا چاہتے تھے نا؟''

یوناف نے مسکراتے ہوئے کہا۔ ''تمہارا اندازہ درست ہے ابلیکا! میں تم سے یہی پوچھنا چاہتا تھا اور اے ابلیکا! اب جب کہ یہ معلومات تم نے فراہم کر دی ہیں تو میں دریائے کانگو کے کنارے بوکو شہر کی طرف کوچ کرتا ہوں۔''

ابلیکا نے مسکراتی ہوئی آواز میں کہا۔ ''اے میرے حبیب میں تم سے اتفاق کرتی ہوں، تمہیں ضرور بوکو کی طرف کوچ کرنا چاہئے اور پھر دیکھتے ہیں بادشاہ کی رسم کیسے ادا کی جاتی ہے۔ وہ بانتو نام کا جوان کیسا طاقت ور ہے اور خانہ بدوش قبیلے کے سردار مکادو کی بیٹی باسو کیسی خوبصورت اور پرکشش ہے۔''

اس کے ساتھ ہی یوناف اپنی سری قوتوں کو حرکت میں لایا اور وہاں سے وہ دریائے کانگو کی طرف کوچ کر گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

یوناف دریائے کانگو کے کنارے باکو شہر سے باہر خیموں کے ایک وسیع جنگل کے اندر نمودار ہوا۔ یہ اس خانہ بدوش قبیلے کے خیمے تھے جسے افریقہ میں سانگا کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ خیموں کے اندر یوناف ایک

Asim Jafri, Delhi

جوان کے پاس آیا اور اسے مخاطب کر کے کہا۔ ''اے میرے عزیز اگر میں غلطی پر نہیں ہوں تو یہ ایک خانہ بدوش قبیلہ ہے اور اس قبیلہ کے سردار کا نام مکادو ہے۔؟''

اس جوان نے مسکراتے ہوئے کہا۔ ''اے اجنبی! تمہارا اندازہ درست ہے۔ یہ سانگا نام کا خانہ بدوش قبیلہ ہے اور ہمارے سردار کا نام مکادو ہی ہے تم اپنے متعلق کہو۔ تم کون ہو اور کیوں ایسی گفتگو کر رہے ہو۔؟''

یوناف دوبارہ نرم لہجے میں بولا۔ ''اے عزیز! تم مجھ سے میرے احوال نہ پوچھو۔ بس تم مجھے اپنے سردار مکادو کے خیمے کی طرف لے چلو۔ میں اس سے ملنا چاہتا ہوں۔''

اس پر اس جوان نے خوش طبعی سے کہا۔ ''تم میرے ساتھ آؤ، میں تمہیں مکادو کے خیمے کی طرف لے چلتا ہوں۔''

یوناف چپ چاپ اس خیمے کی طرف ہولیا۔

یوناف اس جوان کے ساتھ جانوروں کی کھالوں سے بنے ہوئے ان خیموں کے اندر آگے بڑھتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ ایک بہت بڑے خیمے کے قریب رک گیا۔ اس خیمے کے سامنے ایسی کھالوں کا ایک شامیانہ بنا ہوا تھا جن پر کپڑے کا کام کیا ہوا تھا اور عین شامیانہ کے نیچے گھاس سے بنی ہوئی ایک چٹائی پر پچیس سے تیس سال کی عمر کے درمیان کا ایک جوان بیٹھا ہوا تھا اور اس جوان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس جوان نے کہا۔ ''وہ سامنے شامیانے تلے اور گھاس کی چٹائی پر اس قبیلے کا سردار مکادو بیٹھا ہوا ہے۔ پہلے اس مکادو کا باپ ہمارا سردار تھا اور اب یہ مکادو اس قبیلے کا سردار ہے۔''

یوناف نے اس جوان کی طرف شفقت سے دیکھا اپنی نقدی کی تھیلی سے سونے کا ایک سکہ نکال کر اسے دیا اور کہا۔ ''اے عزیز! تیرا شکریہ جو تو نے یہاں تک میری راہنمائی کی اب تم جاسکتے ہو۔ میں اب اس مکادو سے بات کرتا ہوں۔''

وہ جوان واپس چلا گیا جب کہ یوناف سردار مکادو کے شامیانہ کی طرف بڑھا۔

مکادو کے قریب جا کر یوناف رکا پھر اسے مخاطب کر کے کہا۔ ''اگر میں غلطی پر نہیں تو تم اس سانگا نام کے خانہ بدوش قبیلے کے سردار مکادو ہو!''

مکادو نے ایک بار غور اور مشتبہ نگاہوں سے یوناف کی طرف دیکھا پھر کہا۔ ''اے اجنبی! میں نہیں جانتا تو کون ہے اور کیوں میرے قبیلے میں داخل ہوا۔ بہر حال تم جو بھی ہو اس کی مجھے پرواہ نہیں۔ تم میرے پاس آ کر بیٹھ جاؤ، پھر مجھ سے کہو کہ تم کس غرض سے میرے پاس آئے ہو۔؟''

یوناف آگے بڑھ کر مکادو کے سامنے چٹائی پر بیٹھ گیا پھر بولا۔ ''اے مکادو! میرا نام یوناف ہے میں جھیل میرو کے کنارے کی بستی کلوا کی طرف سے آیا ہوں اور تمہارے قبیلے کے بانتو نام کے جوان سے ملنا چاہتا ہوں کہ وہ میرا مقروض ہے اور میں اس سے قرض کا مطالبہ کرنے آیا ہوں۔ اے مکادو! کیا تم بانتو نام کے اپنے قبیلے کے اس جوان کو یہاں نہ بلواؤ گے تا کہ تمہاری موجودگی میں ہی اس سے انتقام لے سکوں۔''

مکادو نے چونک کر یوناف سے پوچھا۔ ''تم بانتو سے کیسا انتقام لینا چاہتے ہو۔؟''

فیصلہ کن انداز میں مکادو کو مخاطب کر کے یوناف نے کہا۔ ''اے مکادو! پہلے بانتو کو یہاں بلواؤ پھر میں بتاؤں گا کہ میں اس سے کیسا انتقام لینا چاہتا ہوں۔''

مکادو نے اس بار خشمگیں نگاہوں سے یوناف کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ ''اگر میں بانتو کو یہاں نہ بلواؤں تب۔؟''

یوناف نے کھولتے ہوئے لہجے میں کہا۔ ''اے مکادو! اگر تم ایسا ناروا سلوک کرو گے تو پھر میں کسی کو بتائے بغیر چپ چاپ بانتو کی گردن کاٹ کر یہاں سے چلا جاؤں گا۔''

اس پر مکادو نے تلخ لہجے میں کہا۔ ''اے اجنبی! تم بھول رہے ہو، بانتو ایک ایسا جوان ہے جس سے چٹانیں بھی ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتی ہیں تم ہرگز اس سے اپنا انتقام نہ لے سکو گے۔''

مکادو تھوڑی دیر کے لئے رکا پھر اس نے غور و تعجب سے یوناف کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ ''اے اجنبی! تمہاری باتوں اور تمہارے اس دعوے کو بھی پس پشت نہیں ڈالا جاسکتا۔ اس لئے اگر تم اپنے آدمیوں کا انتقام لینے اس قدر مسافت طے کر سکتے ہو تو پھر تم بھی کوئی عام انسان نہیں اور پھر تمہارا قد کاٹھ تمہارے اعضاء و جوارح اور تمہاری جسمانی ساخت بھی بتاتی ہے کہ تم کوئی غیر معمولی انسان ہی ہو۔'' مکادو کہتے کہتے رک گیا اور پھر اپنے سامنے اشارہ کرتے ہوئے اس نے کہا۔ ''اے اجنبی! لو بانتو کو ساتھ لانے کی ضرورت بھی پیش نہیں آئی۔ وہ خود ہی ادھر آ رہا ہے اس کے ساتھ ہمارے قبیلے کا ساحر مار وا اور اس کی بیٹی باسو بھی ہیں۔''

جب وہ تینوں نزدیک آئے تو یوناف نے اندازہ لگایا کہ ساحر ماروا کی بیٹی باسو ایسی ہی حسین اور پرکشش تھی جیسی سرائے کے مالک مریشس

Asim Jafri, Delhi

نے اس کی تعریف کی تھی۔ ان کے نزدیک آنے پر سردار مکادو نے بانتو کو مخاطب کرکے کہا۔ ''اے بانتو یہ جوان جو اس وقت میرے پاس بیٹھا ہوا ہے اس کا نام یوناف ہے، یہ جھیل میرو کی سرزمین سے آیا ہے، یہ تم سے انتقام لینے کا ارادہ رکھتا ہے کیونکہ تو نے جھیل میرو کے کنارے کچھ لوگوں کو مارا تھا۔ یہ جوان انہی کا انتقام لینے ایسی طویل مسافت طے کرکے یہاں آیا ہے۔ اب تم ہی کہو اس سلسلے میں تم کیا کہتے ہو۔؟''

بانتو نے پہلے ایک زوردار قہقہہ لگایا، پھر بولا۔ ''اے سردار مکادو! ایسے کئی نوجوان ماضی میں مجھ سے ٹکرانے کا عزم لے کر آئے پر تو جانتا ہے کہ میں نے سب کو ٹوٹے ہوئے برتن کی طرح پاش پاش اور پھٹے بوسیدہ کپڑے کی طرح جھیر جھیر کرکے رکھ دیا تھا۔ اب اگر اس جوان کو بھی زندگی عزیز نہیں ہے تو ضرور مجھ سے ٹکرا دیکھے۔ یہ میرے مقابل آنے سے قبل اسے اس کے ممکنہ انجام سے ضرور آگاہ کردو۔''

یوناف نے اپنی جگہ پر بیٹھے ہی بیٹھے کہا۔ ''اے بانتو! میں ان عام جوانوں میں سے نہیں ہوں جن کے ساتھ ماضی میں تم ٹکرائے ہوگے۔ میں جو ارادہ کرتا ہوں اسے کر دکھاتا ہوں اور اے بانتو! مجھے تم ان جوانوں جیسا بھی نہ سمجھ لینا جنہیں تم ماضی میں اپنے سامنے زیر کرتے رہے ہو۔ مجھ سے ٹکرانا یقیناً تمہاری حماقت ہوگی اور میری ضرب تمہارے لئے یقیناً تعجب خیز ثابت ہوگی۔''

یوناف کی اس گفتگو سے بانتو کی حالت غصے اور غضب میں تخریب کی ظلمتوں اور منحوس ساعتوں جیسی ہوکر رہ گئی تھی پھر شاید اس نے کوئی فیصلہ کیا اور اپنے پاؤں کی ایک سخت اور زوردار ٹھوکر اس نے یوناف کی پسلیوں پر دے ماری۔ یہ ضرب خاصی زوردار اور تکلیف دہ تھی۔ اس کے بعد بانتو آگے بڑھ کر یوناف پر حملہ آور ہوگیا، اس نے یوناف کو دبوچ کر اپنے نیچے رکھ لیا اور اس پر مکّوں اور اپنی کہنیوں کی ضربوں کی بارش کردی۔ بانتو کی اس کارگزاری پر سردار مکادو، ساحر مارو اور اس کی بیٹی باسو تیتوں ہی خوش اور مطمئن دکھائی دے رہے تھے۔ پر اچانک ہی ایک تبدیلی اور انقلاب رونما ہونا شروع ہوگیا کیونکہ یوناف نے اپنا پاؤں بانتو کے پیٹ میں جماتے ہوئے دور پھینک دیا تھا اور اس کے ساتھ ہی وہ اپنے کپڑے جھاڑتا ہوا خود بھی اٹھ کھڑا ہوا۔ بانتو بھی زمین پر گرنے کے بعد فوراً اٹھ کھڑا ہوا تھا اور دوبارہ یوناف کی طرف بڑھا تھا۔

(باقی آئندہ)

Ph: 01336-224027 (O)
222701 (R)

مجرب تعویذات

یاد رکھئے کہ ہر معاملہ میں مؤثر حقیقی صرف خدا کی ذات ہے اور وہی جس کے لئے چاہتا ہے دواؤں، دعاؤں اور تعویذات میں اثر پیدا کردیتا ہے۔

خاتم مقطعات : حروف مقطعات کندہ کی ہوئی چاندی کی انگوٹھی، بزرگوں کے تجربہ میں آیا ہے کہ یہ انگوٹھی خیر و برکت، رزق حلال، روزگار، سحر و جادو سے حفاظت، ترقی درجات، تسخیر حکام، مقدمات میں کامیابی، دشمنوں کے شر سے نجات اور بچیوں کے رشتے، عمل صالح کی توفیق اور دیگر ضرورتوں کے لئے بحکم خداوندی سے بہت مؤثر ہے، یہ انگوٹھی صرف مسلمانوں کے لئے ہے، ناپاکی کی حالت میں اور بیت الخلاء کے وقت استعمال کی اجازت نہیں۔ ہدیہ مختلف سائز اور ڈیزائن میں -/100 سے -/150 تک۔

لاکٹ : حروف مقطعات سے تیار شدہ یہ لاکٹ خواتین کے لئے ہے، جو انگوٹھی استعمال نہ کرنا چاہیں وہ لاکٹ استعمال کرسکتی ہیں۔ ہدیہ -/100 روپے

خاتم عزیزی : مندرجہ بالا ضرورتوں کیلئے ''عزیز'' کے حروف کا نقش جسے غیر مسلم برادران وطن کیلئے تیار کیا جاتا ہے ہدیہ مختلف سائز و ڈیزائن میں -/100 سے -/150 تک۔

مدنی تختی : بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے چاندی کی تختی ام الصبیان، مسان، نظر بد اور ہر طرح کے شیطانی اثرات سے بچوں کی حفاظت کے لئے اکابر دیوبند کے مجربات میں سے ہیں۔ ہدیہ -/60 روپے

لوح عزیزی : ہر طرح کے بے ہوشی کے دوروں کے لئے تانبے کی تختی جو حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے خاندانی مجربات میں سے ہے۔ ہدیہ -/40 روپے

نوٹ : ڈاک کے ذریعے منگانے پر پیکنگ کا خرچ اور محصول ڈاک بذمہ طلب گار ایک پیکٹ میں کئی عدد منگوانے پر کفایت رہتی ہے۔

براہ کرم لفافے پر دو روپے کا ڈاک ٹکٹ لگا کر تفصیلی کتابچہ (Catalouge) مفت حاصل کریں۔

۳۵ سال سے آپ حضرات کی خدمت کرنے والا ادارہ (زیر نگرانی حضرت مولانا ریاست علی صاحب استاذ حدیث دارالعلوم دیوبند)

کاشانۂ رحمت افریقی منزل قدیم، محلہ شاہ ولایت، دیوبند، ضلع سہارنپور، یوپی

KASHANA-E-RAHMAT

AFRIQUI MANZIL, QADEEM MHO. SHAH WILAYAT
NEAR CHATTA MASJID, DEOBAND (SAHARANPUR) 247554

Asim Jafri, Delhi

(آل انڈیا) ادارہ خدمت خلق دیوبند (حکومت سے منظور شدہ)

IDARA KHIDMAT-E-KHALQ (REGD.) DEOBAND

گذشتہ ۳۰ برسوں سے بلاتفریق مذہب وملت رفاہی خدمات انجام دے رہا ہے

نئی منصوبہ بندی

جگہ جگہ اسکولوں اور ہسپتالوں کا قیام، گلی گلی نل لگانے کی اسکیم، غریبوں کے مکانوں کی مرمت، غریب بچوں کے اسکول فیس کی فراہمی، جو لوگ کسی بھی طرح کی مصیبت کا شکار ہیں ان کی مالی مدد، غریب لڑکیوں کی شادی کا بندوبست، ضرورت مندوں کے لئے چھوٹے چھوٹے روزگار کے لئے مالی امداد، مقدمات، آسمانی آفات اور فسادات سے متاثرین لوگوں کا ہر طرح کا تعاون وغیرہ۔

دیوبند کی سرزمین پر ایک زچہ خانہ اور ایک بڑے ہسپتال کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ جس کی تفصیلی رپورٹ انشاء اللہ عنقریب منظر عام پر آئے گی۔

ادارہ خدمت خلق اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو ۳۰ سالوں سے خاموشی کے ساتھ بلاتفریق مذہب وملت سے اللہ کے بندوں کی بے لوث خدمات میں مصروف ہے۔ انسانیت کے نقطہ نظر سے اور حصول ثواب کے لئے اس ادارہ کی مدد کر کے انسانیت نوازی کا ثبوت دیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔

ادارہ خدمت خلق اکاؤنٹ نمبر 019101001186 بینک ICICI (برانچ سہارنپور)
رقم اکاؤنٹ میں آن لائن بھی ڈالی جاسکتی ہے لیکن ڈالنے کے بعد فون پر اطلاع ضرور دیں تاکہ رسید جاری کی جاسکے۔ یا اس فون پر ایس ایم ایس کر دیں 9897916786 آپ کی توجہ اور کرم فرمائی کا انتظار رہے گا۔

اعلان کنندہ

(رجسٹرڈ کمیٹی) کُل ہند ادارہ خدمت خلق دیوبند

پن کوڈ 247554 فون نمبر 9897916786

Asim Jafri, Delhi

ماہنامہ طلسماتی دنیا کا خبرنامہ

یہودیوں نے اب چرچ میں آگ لگائی

مقبوضہ بیت المقدس میں یہودی آبادکاروں نے شاہراہ انبیاء پر واقع ایک چرچ کو نذر آتش کردیا ہے۔ مسیحی برادری کی اہم شخصیات نے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے آسمانی مذاہب کے درمیان فساد اور شرانگیزی پھیلانے کی نئی شرارت قرار دیا ہے۔ خبررساں اداروں کے مطابق بیت المقدس میں شاہراہ انبیاء پر واقع چرچ کے نگراں زکریا المشرقی نے ایک نیوز کانفرنس میں بتایا کہ یہودی آبادکاروں نے چرچ پر حملہ رات کے وقت کیا۔ اس کے قیمتی سامان کی توڑ پھوڑ کے بعد آگ لگادی جس سے چرچ کا بیشتر حصہ جل کر خاکستر ہوگیا۔ واقعہ کے فوری بعد اسرائیل پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جائے وقوع کو گھیرے میں لے کر واردات کی تفتیش شروع کردی ہے۔ آخری اطلاعات آنے تک کسی شخص کو حراست میں نہیں لیا گیا تھا۔ زکریا المشرقی نے عیسائی عبادت گاہ کو نشانہ بنائے جانے کی شدید مذمت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ انتہاپسند یہودی اس طرح کے جرائم کے ارتکاب کے ذریعے آسمانی مذاہب کی تعلیمات کی توہین اور مذہبی شرانگیزی کو ہوا دے رہے ہیں۔ المشرقی نے بتایا کہ یہودی آبادکاروں نے چرچ کی دومنزلہ عمارت پر اس کی عقبی سمت سے حملہ کرکے پہلے اس کی کھڑکیاں توڑیں بعدازاں اندر داخل ہوکر آگ لگادی جس سے اس کے فرسٹ فلور میں موجود سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ نذر آتش کیا جانے والا چرچ 1897 میں تعمیر کیا گیا تھا۔ 1948 میں قیام اسرائیل کے بعد اسے بند کردیا گیا تاہم 1967 میں اسے دوبارہ کھولا گیا تھا اور مقامی عیسائی آبادی کا یہ واحد بڑا چرچ تھا۔ المشرقی نے تمام سیاسی اور سماجی حلقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ بیت المقدس میں یہودی آبادکاروں کے ہاتھوں مذہبی مقامات کو نقصان پہنچانے سے بچائیں اور مساجد اور چرچوں کی حفاظت کے لئے فوری مداخلت کریں۔ انہوں نے بیت المقدس کی فلسطینی نمائندہ شخصیت کی توجہ بھی متشدد یہودیوں کے مجرمانہ اقدامات کی طرف مبذول کرائی اور اس طرح کے واقعات کی روک تھام کے لئے اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مذہبی مقامات کا تحفظ صرف فلسطینیوں کی ذمہ داری نہیں بلکہ عالمی برادری کو بھی یہودیوں کے متشددانہ رویوں کے خاتمے اور مذاہب کے درمیان باہمی احترام کے فروغ کے لئے سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ خیال رہے کہ یہودیوں نے گزشتہ چار ماہ کے دوران تین مساجد کو نقصان پہنچایا ہے۔

☆☆☆

Asim Jafri, Delhi

TILISMATI DUNIYA
(MONTHLY)
ABULMALI,DEOBAND-247554

طلسماتی دنیا

R.N.I.66796/92
RNP/SHN/61
2009-11

Rs.100/=



Rs.75/=



Rs.75/=

ماہنامہ طلسماتی دنیا
کے
خصوصی نمبرات



Rs.60/=



Rs.75/=



Rs.100/=



Rs.50/=



Rs.75/=



Rs.60/=



Rs.75/=



Rs.60/=



Rs.75/=



Rs.75/=



Rs.60/=



Rs.75/=

DANISH AAMRI 09997247030

Asim Jafri, Delhi